بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَا اِنَّ اَوۡلِیَاءَ اللّٰہِ لَا یَمُوۡتُوۡنَ وَلٰکِنَّ یَنۡقَلِبُوۡنَ مِنۡ دَارٍ اِلٰی دَارٍ

تذکرہ حضرت سیّدنا امیر ابوالعلاء قدس سرہٗ

الموسوم بہ

انوار العلاء

مرتبین

صوفی شمیم احمد ظفری ابوالعلائی نقشبندی چشتی قادری

سیّد شاہ قیام الدین نظامی قادری ابوالعلائی منعمی الفردوسی

ناشر

نظامی اکیڈمی ۔ کراچی

نام کتاب :۔ انوار العلاء / اوراد فتحیہ / یاد خدا

مرتبین :۔ صوفی شمیم احمد ظفری ابو العلائی نقشبندی چشتی قادری
سید شاہ قیام الدین نظامی قادری الفردوس

ناشر :۔ نظامی اکیڈمی ۔ کراچی ۔ فون نمبر: ۶۳۲۷۵۶۶

اشاعت :۔ جولائی ۲۰۰۷ء

طابع :۔ فیئر فین پرنٹرز، کراچی

تعداد :۔ ۳۰۰

ملنے کا پتہ :۔ ای ۔ ۹/۴، ملیر توسیع کالونی (کھوکھرا پار)
نزد بلال مسجد ۔ کراچی ۔ ۳۷، فون نمبر: ۴۵۰۰۲۵۱

معاونین :۔ جناب سید فیاض احمد (سعودی عرب)
جناب سید فرخ عالم فردوسی کراچی
فون نمبر: ۶۳۷۳۰۱۵ اور ۴۲۳۶۶۷۳
جناب سید شاہ قیام الدین نظامی کراچی ۔

فہرست

انوار العلاء

حمد

مطبوعہ کلام

حضرت سیّد شاہ محمد اکبر ابو العلائی متخلص بہ اکبؔر داناپوری

اے بے نیاز مالک ، مالک ہے نام تیرا
مجھ کو ہے ناز تجھ پر ، میں ہوں غلام تیرا
ہو شوق مرتے دم بھی اے خوش خرام تیرا
آنکھوں میں دم ہو اپنا لب پر ہو نام تیرا
میں ہوں ضعیف بندہ ، تو مالک قوی ہے
عصیاں ہے فعل میرا بخشش ہے کام تیرا
ہر مرغ باغ تیری تسبیح پڑھ رہا ہے
ہر برگ کی زباں سے سنتا ہوں نام تیرا
رٹ ایسی لگ گئی ہے جو چھوٹتی نہیں ہے
میٹھا ہے ذکر تیرا شیریں ہے نام تیرا
ہوگا بڑے بڑوں کا ہنگامہ روز محشر
اکبؔر قبول ہوگا کیوں کر سلام تیرا

بسم اللہ الرحمان الرحیم

﴿ لو كان البحر مدادا لكلمت ربي لنفد البحر قبل ان تنفد كلمت ربي ﴾

خدایا جب تو نے خود یہ فرمادیا ہے تو کسی مخلوق بلکہ کل مخلوقات کی مجموعی کوششیں بھی تیری حمد وستائش سے کب عہدہ برآ ہو سکتی ہے۔ تو نے خود اپنی جتنی تعریف کی ہے وہی تیرے لائق وسزاوار ہے اور وہی تیرے لیے زیبا ہے۔

ہزاروں درود وسلام تیرے محبوب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلّم پر جو باعث تخلیقِ کائنات ہیں:

لولاک لما خلقت الافلاک

ترا عزّ لولاک تمکیں بس است
ثنائے تو طٰہٰ و یٰسٓ بس است
چہ نعت پسندیدہ گویم ترا
علیک السلام اے نبی الوری

اور ہزاروں سلام آپ کے آل واصحاب پر جو ہماری نجات کے لیے کشتیِ نوح (علیہ الصلوۃ والسلام) کی مصداق ہیں اور انھیں ستارگانِ آفتاب نبوت و رسالت کی اقتدا و پیروی صحیح ہدایت ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

(از سید قیام الدین نظامی قادری الفردوسی)

پاک و ہند میں اسلام کی تبلیغ و اشاعت کی تاریخ کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ بہار و بنگال میں اسلام کی ابتداء سہروردی سلسلہ کے بزرگوں کے ہاتھوں ہوئی۔ ان دونوں صوبوں کے ابتدائی مبلغین میں حضرت سید شہاب الدین پیر جگجوت سہروردیؒ (ف ۶۱۶ ھ)، حضرت سلطان المخدوم شیخ یحیٰ سہروردیؒ (ف ۶۹۰ ھ) بن شیخ اسرائیل بن امام محمد تاج فقیہ، حضرت حافظ تقی الدین سہروردی مہسوی اور حضرت سید احمد دمشقی رحمہم اللہ کا نام نامی بہت مشہور ہے۔ پھر ساتویں اور آٹھویں صدی ہجری میں بنگال و بہار میں تبلیغ کا سنہرا دور آیا جس میں حضرت شیخ یحیٰ منیری سہروردیؒ کے صاحبزادے سلطان المحققین مخدوم جہاں حضرت شیخ شرف الدین احمد یحیٰ منیری فردوسی قدس سرہٗ (ف ۷۸۲ ھ) نے بڑی نمایاں حیثیت حاصل کی اور سلسلہ فردوسیہ کے پلیٹ فارم سے تبلیغ کا کام آگے بڑھا۔ بلاشبہ صوبہ بہار و بنگال میں سلسلہ قادریہ، چشتیہ، قلندریہ اور نقشبندیہ وغیرہ کی بھی خانقاہیں موجود تھیں لیکن فردوسیہ سلسلہ کو مرکزی حیثیت حاصل رہی۔ فردوسی بزرگوں کے ملفوظات و مکتوبات کا ایک بڑا ذخیرہ آج بھی موجود ہے۔ سلسلہ فردوسیہ کے بعد دونوں صوبوں میں شطاریہ اور نقشبندیہ ابوالعلائیہ کو بڑا عروج حاصل ہوا۔

سلسلہ شطاریہ کے مایہ ناز بزرگ حضرت مخدوم قاضن شطاریؒ ترہتی ہیں۔ جو شیخ اسماعیل بن امام محمد تاج فقیہؒ کی اولاد سے ہیں۔ آپ کی تعلیم و تربیت شطاریہ طریقہ پر

حضرت عبداللہ شطارؒ سے ہوئی تھی اور آپ ہی کے ذریعہ بہار و بنگال اور گوالیار کے علاقوں میں سلسلہ شطاریہ پہنچا۔ حضرت مخدوم قاضن شطاری بن شیخ عالم بن شیخ جمال کے سجادہ وخلیفہ آپ کے صاحبزادے حضرت مخدوم ہدایت اللہ پیر سرمست تیغ آویزاںؒ تھے۔ جن کے مرید وخلیفہ حضرت حاجی حمید الدین حضورؒ تھے اور حضرت حاجی حضور کے مرید وخلیفہ حضرت محمد غوث گوالیاریؒ تھے جن کا یہ قول معروف ومشہور ہے:

''اگر مرشد نہ باشد مکتوبات شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری مطالعہ کند تا فریب نفس ووسواس خناس دریابد۔''

سلسلہ فردوسیہ اور شطاریہ کے بعد جس سلسلے نے بہار و بنگال کو علم تصوف اور روحانی کرنوں سے منور کیا وہ سلسلہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ ہے۔ ابوالعلائیہ دراصل نقشبندیہ کی شاخ ہے جس کی ابتداء حضرت سیدنا ابوالعلاءؒ سے ہوئی۔ آپ کے والد بزرگوار سادات رضویہ سے تھے اور والدہ محترمہ حضرت خواجہ عبیداللہ احرار سمرقندی کی اولاد سے تھیں۔ آپ کو بیعت وخلافت سلسلہ نقشبندیہ میں اپنے چچا اور سسر حضرت امیر عبداللہ نقشبندیؒ سے تھی۔ قبل بیعت وخلافت آپ حضرت مخدوم شاہ دولت منیری فردوسیؒ کی صحبت بابرکت سے مستفیض ہو چکے تھے اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی سنجری اجمیری قدس سرہٗ العزیز کے روضہ اقدس سے رُوحانی فیوض وبرکات حاصل کر چکے تھے۔ سلسلہ نقشبندیہ میں محفل سماع نہیں ہے۔ لیکن آپ کے ذوقِ سماع کو دیکھتے ہوئے پیر ومرشد حضرت امیر عبداللہ نقشبندیؒ نے خصوصی طور پر سماع کی اجازت مرحمت فرمائی۔ ہندوستان میں سلسلۂ نقشبندیہ دو بزرگوں کے ذریعے پھیلا۔ ایک حضرت احمد مجدد الف ثانیؒ دوسرے سیدنا ابوالعلاء۔ نقشبندیہ مجددیہ میں محفل سماع نہیں ہے لیکن حضرت سیدنا ابوالعلاءؒ کے سلسلہ کے تمام بزرگ محفل سماع منعقد کرتے اور سنتے ہیں۔

زیرِ نظر کتاب ''انوار العلاء'' دراصل تذکرہ حضرت سیدنا ابوالعلاءؒ اور بزرگان

نقشبندیہ ابوالعلائیہ کی ایک مختصر تاریخ ہے۔ یہ کتاب مستند دعاؤں، ذکر اذکار، اشغال و ذکار، ورد و وظائف، ماثورہ دعاؤں، درود شریف اور نقش وتعویذات کا مجموعہ بھی ہے۔ اس کتاب کی ترتیب وتالیف جناب صوفی شمیم احمد شاہ ظفری ابوالعلائی مدظلہ العالی کی کاوشوں اور ذاتی ذخیرۂ مواد کا نتیجہ ہے۔

حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانی قدس سرہٗ کی ''اورادِ فتحیہ'' اور حضرت خواجہ عزیز الحسن صاحب مجذوبؒ کی تصنیف ''یادِ خدا'' کو بھی اس کتاب میں شامل کرلیا گیا ہے۔

محترم جناب صوفی شمیم احمد نقشبندی ابوالعلائی ظفری مدظلہ العالی ملیر کے علاقہ کھوکھراپار میں خانقاہ ظفری ابوالعلائی کے سجادہ نشین ہیں جس کی بنیاد آپ کے مرشد حضرت سید شاہ محمد ظفر سجاد علیہ الرحمۃ نے رکھی تھی۔ حضرت شاہ ظفر سجاد علیہ الرحمۃ نے ہندوستان سے تشریف لاکر خود اپنے ہاتھوں جناب صوفی صاحب کی دستار بندی کی اور اپنی سجادگی پر متمکن فرمایا تھا۔ حضرت صوفی شمیم احمد صاحب گزشتہ چالیس سال سے سلسلہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ کی تبلیغ و اشاعت اور خلق خدا کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ بلاشبہ آپ نے اپنے پیران سلسلہ کے مشن کو بڑی خوبی اور کامیابی سے آگے بڑھایا ہے۔ آپ کے مریدوں اور خلفاء کی ایک بڑی تعداد پورے ملک میں پھیلی ہوئی ہے۔ آپ نے ۱۰ ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ میں راقم السطور سید قیام الدین کو بھی اپنے سلسلوں کی اجازت وخلافت سے سرفراز فرمایا ہے۔ ناچیز کو اس پر ناز ہے کہ سلسلہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ کی نعمت دو واسطوں سے حاصل ہوئی۔ اول حضرت شاہ محمد اکبر دانشمند داناپوریؒ اور حضرت شاہ رکن الدین عشقؒ عظیم آبادیؒ کے واسطے سے حضرت صوفی صاحب مدظلہ نے عطا فرمایا۔ دوم حضرت مخدوم سید شاہ یحییٰ علی صفی پوریؒ اور حضرت مخدوم منعم پاکؒ کے واسطے سے عم محترم سید شاہ محمد اصغر حسین زیدی قادری منعمیؒ نے عطا فرمائی ہے۔ میں نے اپنے طور پر کوشش کی ہے کہ کتاب میں موجود غلطیاں درست ہوکر اشاعت پذیر ہو لیکن باقی رہ جانے والے اغلاط کے لیے

میں قارئین کرام سے معافی کا خواستگار ہوں۔

آخر میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور دعا گو ہوں کہ یہ کتاب عموماً تمام مسلمانوں اور خصوصاً اہل تصوف میں قدر کی نگاہ سے دیکھی اور پڑھی جائے اور حضرت صوفی صاب مدظلہ کے لیے صدقہ جاریہ ثابت ہو۔آمین یارب العالمین۔

بسم اللہ الرحمان الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

امابعد! احقر العباد محمد شمیم احمد ظفری ابوالعلائی عظیم آبادی سجادہ نشیں خانقاہ ظفری ابو العلائی، ملیر توسیع کالونی کراچی، پاکستان نے بلحاظِ خصوصیت تعلیمِ طریقت کے برادرِ عزیز سیّد شاہ قیام الدین نظامی قادری الفردوسی مقیم کراچی، مؤلف ''شرفا کی نگری'' کو اپنے درج ذیل چار سلسلوں کی اجازت وخلافت سے سرفراز کرتا ہوں۔ برادر موصوف، شرف العارفین نجم الصابرین حضرت سید شاہ محمد مصطفیٰ حسن فردوسی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید خاص ہیں۔اُمید واثق رکھتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے صدقے برادرم سید شاہ قیام الدین سلمہٗ اللہ تعالیٰ کو ان ذمہ داریوں کو بحسن وخوبی انجام دینے، راہِ شریعت وطریقت کی تعلیمات کو پھیلانے اور حقیقت کو پانے کی طاقت وہمت عطا کرے اور کامیابی وکامرانی سے ہمکنار کرے۔آمین

(سلسلہ ہائے اجازت وخلافت)

۱۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ، ۲۔ سلسلہ عالیہ چشتیہ، ۳۔ سلسلہ عالیہ قادریہ، ۴۔ سلسلہ عالیہ سہروردیہ

دستخط گواہان

۱۔ سید قطب نور عالم ابوالعلائی

۲۔ خواجہ ابوالحسنات

۳۔ سید فخر الدین احمد

۴۔ خواجہ محمد احمد سیفی نقشبندی چشتی قادری سہروردی

دستخط

احقر العباد شمیم احمد ظفری ابوالعلائی

تاریخ: ۱۰، ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ

سبب تالیف و تعارف مؤلف

از سید شاہ عطاء الحق ابو العلائی علیہ الرحمۃ

کتاب "انوار العلاء":

اس کتاب کے پہلے اور اصل محرک جناب صوفی شمیم احمد خان یوسف زئی سجادہ نشیں خانقاہ ظفری ابو العلائی نقشبندی عظیم آبادی ہیں۔ آپ کی یہ دلی خواہش تھی کہ سیدنا ابو العلاء نقشبندی چشتیؒ کے حالات، ان کی سیرت وسوانح، ان کے اقوال وافعال، ان کے مکاتیب ورسائل اوران کی تعلیمات اختصار کے ساتھ ہی سہی، ایک کتاب کی صورت میں طبع ہوکر شائع ہوجائے اور عوام وخواص اس سے اکتسابِ فیض کرسکیں۔ بزرگانِ دین کے تذکرہ کا مطالعہ موجب فیوض وبرکات ہے۔ جیسا کہ مخدوم جہاں حضرت شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری فردوسی قدس سرہٗ کے قول سے ظاہر ہوتا ہے۔ کسی نے مخدوم جہاںؒ سے پوچھا کہ جس وقت بزرگانِ دین زمانے کی نامساعد حالات کی بناپر اپنے آپ کو چھپالیں گے اور مسلمانوں کو اولیاء اللہ کی صحبتیں میسر نہ ہوسکیں گی اس وقت ان کے فیوض وبرکات کے حاصل کرنے کی صورت کیا ہوگی؟ حضرت مخدوم جہاںؒ نے ارشاد فرمایا کہ ایسے زمانے میں ان بزرگوں کی تصانیف، مکتوبات وملفوظات اوران کے احوال واقوال کے مطالعہ سے فیض ملتا رہے گا۔ اس کتاب میں موجود معلومات جناب صوفی شمیم احمد صاحب کے اپنے ذاتی ذخیرۂ مواد اوران کے ہم عصر احباب کے مشورے اور تعاون سے اکٹھا کر کے مرتب کیے گئے ہیں۔

میں نے بغور اس کتاب ''انوار العلاء'' کے مسودے کا مطالعہ کیا ہے اور سمجھتا ہوں کہ اس کی طباعت ہونی چاہیئے۔ میں امید کرتا ہوں کہ نورِ چشم سید فرخ احمد فردوسی سلمہٗ

برادرم سید شاہ قیام الدین نظامی قادری الفردوسی صاحب کے مشورے اور تعاون سے اس کارِخیر کو پایۂ تکمیل کو پہنچائیں گے۔

جناب صوفی شمیم احمد خان صاحب یوسف زئی:

آج سے تقریباً آٹھ سو سال قبل مسلمان مجاہدین کا ایک قافلہ دہلی سے بہ زمانہ سلطان محمد شاہ تغلق صوبہ بہار پہنچا۔ اس قافلہ کے امیر المجاہدین حضرت سید ابراہیم ملک بیاؒ تھے۔ اس قافلۂ جہاد میں سید احمد جاجنیریؒ اور سید محمد جاجنیریؒ کے علاوہ ایک مجاہد الاسلام اور صوفی صاحب موصوف کے جدّ اعلیٰ نعمت خان یوسف زئی بھی شامل تھے۔ حضرت سید ابراہیم ملک بیاؒ کی زیرِ سرکردگی صوبہ بہار کے ضلع مونگیر میں بارہ گیاں، ہزاری باغ اور رہتاس کے علاقوں پر فوج کشی کی گئی۔ یہ علاقے فتح ہوئے اور مسلمانوں کو ہندو راجواڑوں کے ظلم وستم سے نجات ملی۔ ان معرکوں کے اختتام پر مجاہدین کا ایک بڑا طبقہ بہار کے مختلف علاقوں میں قیام پذیر ہو گیا۔ حضرت نعمت خان یوسف زئی نے بہار میں تبلیغ دین اور مجاہدانہ سرگرمیوں کو اپنے لیے منتخب فرمایا۔ آپ نے ایک جہاد میں جام شہادت نوش فرمایا اور شہر بہار شریف کی چھوٹی پہاڑی پر حضرت سید ابراہیم ملک بیاؒ کے پائینیں آسودۂ خاک ہیں۔ آپ کا مزار اقدس آج بھی ''مزار نعمت خان شہیدؒ'' کے نام سے مشہور ہے۔ حضرت سید ابراہیم ملک بیاؒ قدس سرہٗ کا تفصیلی تذکرہ برادرم شاہ قیام الدین صاحب کی کتاب ''شرفا کی نگری'' حصہ اول میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

حضرت نعمت خان شہید کی اہلیہ کا تعلق بھی افغانستان کے معروف قبیلہ یوسف زئی سے تھا۔ جن کے بطن سے نعمت خان شہید کے اکلوتے صاحبزادے فاضل خان یوسف زئی تھے۔ آپ کی آخری آرام گاہ بھی چھوٹی پہاڑی پر اپنے والد کے قریب ہی ہے۔ کئی پشتوں کے بعد فاضل خان یوسف زئی کی اولادوں میں افضل خان یوسف زئی کا نام ملتا ہے جو شہر عظیم آباد پٹنہ کے محلّہ سلطان گنج میں ایک تاریخی عمارت ''نوگھروا'' کے قریب رہائش پذیر

تھے۔ جناب افضل خان یوسف زئی صاحب ثروت اور شہر کے مشہور رئیس تھے۔ دولتِ دنیا کے ساتھ ساتھ دردمند دل کے مالک تھے۔ تصوف اور صوفیوں سے قلبی لگاؤ رکھتے تھے۔ یہی نیک نام حضرت افضل خان مرحوم جناب صوفی شاہ شمیم احمد خان یوسف زئی کے جدِ محترم ہیں۔ افضل خان کے دو صاحبزادے تھے۔

پسر اول: تصدق حسین خان اور پسر دوم: فضیلت حسین خان

جناب افضل خان مرحوم نے اپنے بچوں کی دینی اور دنیوی تعلیم و تربیت کی طرف خاص توجہ دی جس کا نتیجہ تھا کہ دونوں صاحبزادے خشیت الٰہی اور عشقِ رسول ﷺ سے سرشار تھے۔

تصدق حسین خاں کو چار اولاد ہوئیں۔ دو لڑکے اور دو لڑکیاں۔ پسر اول شاہ تجمل حسین خان اور پسر دوم ڈاکٹر قمر الدین خان۔ جناب شاہ تجمل حسین خان مرحوم کو بیعت حضرت شاہ محمد اکبر دانشمند قدس سرہٗ سجادہ نشیں خانقاہ چشتیہ ابو العلائیہ شاہ ٹولی داناپور سے تھی اور اجازت و خلافت حضرت شاہ محمد محسن دانشمند بن حضرت شاہ محمد اکبر قدس سرہٗ سے۔ شاہ تجمل حسین خان مرحوم متقی و پرہیزگار اور تہجد گزار بزرگ تھے۔ پیر کے چہیتے مریدوں میں شمار تھا۔ سیدنا ابو العلاء کی محبت اور عشق رسول ﷺ سے سرشار تھے۔ آپ کی محل اولیٰ سے ایک لڑکی مسماۃ اللہ باندی عرف باندو تھیں جن کی شادی محلّہ گلزار باغ پٹنہ کے متمول گھرانے میں ہوئی تھی۔ محل دوم سے ایک صاحبزادے صوفی شمیم احمد خان صاحب موصوف اور ایک صاحبزادی مسماۃ اکبری بیگم تھیں۔ جناب شاہ تجمل حسین مرحوم کا وصال تقسیم ہند کے بعد شہر پٹنہ میں ہوا۔ آپ محلّہ سلطان گنج نزد نوگھروا میں اپنے چچا شاہ فضیلت حسین خان دائی منعمیؒ کے مزار کے قریب آرام فرما ہیں۔

جناب صوفی شاہ شمیم احمد صاحب اپنے والد بزرگوار کے وصال کے بعد اپنی والدہ اور ہمشیرہ کے ہمراہ کراچی تشریف لائے اور کھوکھرا پار، ملیر توسیع کالونی میں قیام پذیر

ہوئے۔ تادمِ تحریر اسی علاقے میں رہائش رکھتے ہیں۔ آپ کو بیعت حضرت شاہ محمد ظفر سجاد علیہ الرحمۃ سجادہ نشیں خانقاہ شاہ ٹولی داناپور سے ہے۔ ایک بار جب آپ کے مرشد ہندوستان سے کراچی تشریف لائے تو اپنے لائق مرید کو کراچی میں اپنی سجادگی پر بٹھایا اور سلسلہ قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ اور ابوالعلائیہ کی اجازت وخلافت عطا فرمائی۔ صوفی شاہ شمیم احمد نقشبندی ابو العلائی ظفری نے ساری زندگی محنت مزدوری یعنی ملازمت کے پیشے سے روزی کمایا اور اسی پاک وطیب اور حلال روزی سے گزشتہ تیس چالیس سال سے تبلیغ دین اسلام، خدمتِ خلق اور اپنے پیرانِ عظام کے سلسلہ کی اشاعت میں کوشاں ہیں اور ماشاء اللہ کامیاب وکامران ہیں۔ مریدوں اور عقیدتمندوں کا ایک بڑا حلقہ رکھتے ہیں۔ آپ کے خلفاء ملک کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے ہیں۔ آپ کی کاوشوں، دین ومذہب سے لگاؤ اور صوفیاء وعلماء سے محبت اور آپ کی گوناگوں دوسری صلاحیتوں کو دیکھتے ہوئے مختلف دوسرے بزرگوں نے اپنے اپنے سلسلوں کی اجازت وخلافت سے سرفراز فرمایا۔ جن میں خواجہ شاہ ابوالحسنات صاحب نقشبندی ابوالعلائی مدظلہ یکے از خلفاء واولاد بارگاہِ عشق پٹنہ، شاہ کلیم الحق فریدی مرحوم اور سید ابوسعید محسنی ابوالعلائی مرحوم کا نام نامی اسم گرامی بہت مشہور ومعروف ہے۔

جنابِ صوفی شمیم احمد صاحب کو اپنے مرشد اور حضرت سیدنا ابوالعلاء قدس سرہٗ سے جو نسبت اور لگاؤ ہے وہ درج ذیل شجرہ سے ظاہر ہے۔

۱۔ حضرت سیدنا ابوالعلاء قدس سرہٗ
۲۔ حضرت سید دوست محمد قدس سرہٗ
۳۔ حضرت شاہ محمد فرہاد قدس سرہٗ
۴۔ حضرت شاہ برہان الدین خدانما قدس سرہٗ
۵۔ حضرت شاہ رکن الدین عشق قدس سرہٗ
۶۔ حضرت شاہ محمد ابوالبرکات قدس سرہٗ
۷۔ حضرت شاہ قمرالدین قدس سرہٗ
۸۔ حضرت شاہ محمد قاسم قدس سرہٗ
۹۔ حضرت شاہ محمد سجاد قدس سرہٗ
۱۰۔ حضرت شاہ محمد اکبر قدس سرہٗ
۱۱۔ حضرت شاہ محمد محسن قدس سرہٗ
۱۲۔ حضرت شاہ محمد ظفر سجاد قدس سرہٗ

جناب صوفی شاہ شمیم احمد کا قادریہ سلسلہ حضرت مخدوم شاہ محمد منعم پاک قدس سرہٗ سے جاکر ملتا ہے اور مخدوم منعم پاکؒ نے حضرت شاہ رکن الدین عشقؒ کو فردوسیہ طریقہ کا تحریری خلافت نامہ دیا تھا۔ حضرت مخدوم منعم پاکؒ ہی سے ایک شاخ ابوالعلائی منعمی پھوٹی ہے۔ صوفی صاحب موصوف کے شجرہ سلسلہ قادریہ میں اور ہم لوگوں کے شجرۂ فردوسیہ میں حضرت مخدوم منعم پاکؒ کے اوپر میر سید خلیل یا پیر سید خلیل ☆ کا نام آیا ہے۔ مگر صاحب ''یادگار عشق'' اور دیگر تذکرہ نویسوں نے اپنی تحقیق کی روشنی میں یہ لکھا ہے کہ حضرت شاہ محمد فرہادؒ کے دو خلفائے اعظم ہوئے۔ ایک حضرت مولانا برہان الدین خدانماؒ اور دوسرے میر اسد اللہؒ۔ حضرت مخدوم منعم پاکؒ ان ہی میر اسد اللہؒ کے مرید وخلیفہ تھے ☆☆۔ ان مذکورہ بالا شجروں اور مورخین کے بیانات میں تطبیق کی صورت یہی ہے کہ میر سید اسد اللہؒ کو شاہ فرہاد سے تو نقشبندیہ ابوالعلائیہ اور چشتیہ کی خلافت ملی ہوگی۔ اگرچہ شاہ فرہادؒ کو قادریہ کی بھی اجازت وخلافت تھی اور انہوں نے مولانا برہان الدین خدانماؒ کو نقشبندیہ ابوالعلائیہ کے علاوہ قادریہ اور چشتیہ کی بھی خلافت دے دی تھی۔ یا پھر ایسا ہوسکتا ہے کہ میر سید اسد اللہؒ کو بھی شاہ فرہادؒ نے نقشبندیہ ابوالعلائیہ، قادریہ اور چشتیہ کی خلافت دے دی ہو جو حضرت مخدوم منعم پاکؒ تک پہنچا۔ سلسلۂ فردوسیہ کے علاوہ دوسرے سلاسل کی اجازت وخلافت انہیں میر سید خلیلؒ یا پیر سید خلیل سے ملی ہو یا نہ ملی ہو مگر انہوں نے نقشبندیہ ابوالعلائیہ اور چشتیہ کو حضرت میر اسد اللہ کی نسبت سے اور قادریہ اور فردوسیہ

☆ آپ کا پورا نام سید شاہ میر خلیل الدین قادری قطبی ہے ساکن باڑھ ضلع پٹنہ۔ قیام الدین عفی عنہ

☆☆ یہ تحقیق غلط ہے۔ حضرت مخدوم منعم پاکؒ حضرت میر سید اسد اللہؒ کے خلیفہ ضرور تھے لیکن مرید ان کے نہیں تھے۔ آپ مرید وخلیفہ اپنے پیر سید شاہ میر خلیل الدین قادری قطبی ساکن باڑھ کے تھے۔ تفصیل کے لیے دیکھئے: ''شرفا کی نگری'' حصہ دوم۔ قیام عفی عنہ۔

کو میر یا پیر سید خلیلؒ کی نسبت سے جاری کیا ہو۔ ☆

جناب صوفی شاہ شمیم احمد صاحب کا شجرہ سلسلہ قادریہ منعمیہ درج ذیل ہے:

(۱) حضرت مخدوم محمد منعم پاکباز قدس سرہٗ

(۲) حضرت صوفی محمد دائم اللہ ڈھاکوی قدس سرہٗ

(۳) حضرت صوفی احمد اللہ ڈھاکوی قدس سرہٗ

(۴) حضرت صوفی شاہ ڈھاکوی قدس سرہٗ

(۵) حضرت صوفی شاہ دلاور علی لاہوری قدس سرہٗ

(۶) حضرت سید شاہ ولایت حسین عظیم آبادی قدس سرہٗ

(۷) حضرت شاہ محمد اکبر دانشمند داناپوری قدس سرہٗ

(۸) حضرت شاہ محمد محسن داناپوری قدس سرہٗ

(۹) حضرت شاہ محمد ظفر سجاد داناپوری قدس سرہٗ

☆ فقیر سید قیام الدین نظامی قادری الفردوسی مندرجہ بالا ابہام کو دور کرنے کے لیے کہتا ہے کہ حضرت مخدوم منعم پاکباز قدس سرہٗ سلسلہ قادریہ میں مرید و خلیفہ حضرت میر سید شاہ خلیل الدین قادری قطبیؒ ساکن باڑھ ضلع پٹنہ کے تھے۔ آپ دس سال اپنے پیر کی صحبت میں رہے اور سلسلہ قادریہ اور فردوسیہ کے علاوہ دوسرے سلاسل کی اجازت و خلافت اپنے مرشد سے پائی۔ بعد اس کے مرشد کی اجازت سے حضرت شاہ فرہادؒ کی خدمت میں دہلی حاضر ہوئے۔ حضرت شاہ فرہادؒ نے سلسلۂ نقشبندیہ ابوالعلائیہ میں آپ کی تربیت کی اور وصال سے قبل آپ کو اپنے صاحبزادے حضرت شاہ اسد اللہؒ کے سپرد فرمایا۔ حضرت شاہ اسد اللہ اس کے بعد بہت مختصر عرصہ حیات رہے۔ اور اپنی زندگی ہی میں حضرت مخدوم منعم پاکؒ کو سلسلۂ نقشبندیہ ابوالعلائیہ کی اجازت و خلافت عطا کر کے دہلی میں اپنی سجادگی پر متمکن کیا۔ حضرت مخدوم پچیس سال دہلی میں خانقاہ فرہادیہ کے سجادہ نشین رہے اور رشد و ہدایت خلق کا کام انجام دیتے رہے۔ تفصیل کے لیے دیکھئے ''شرفا کی نگری'' حصہ دوم۔

اور سات واسطوں سے نقشبندی ابوالعلائی فیض حضرت سیدنا ابوالبرکات سے

پہنچا ہے۔ وہ اس طرح ہے:

(۱) حضرت سیدنا ابوالبرکات قدس سرہٗ

(۲) حضرت شاہ قمرالدین قدس سرہٗ

(۳) حضرت سید شاہ قاسم قدس سرہٗ

(۴) حضرت سید شاہ سجاد قدس سرہٗ

(۵) حضرت شاہ اکبر داناپوری قدس سرہٗ

(۶) حضرت شاہ محمد محسن داناپوری قدس سرہٗ

(۷) حضرت شاہ ظفر سجاد

چھ واسطے خواجہ شاہ ابوالحسنات کی طرف سے صوفی شمیم کو حضرت ابوالبرکاتؒ تک ہوتے ہیں کیونکہ شاہ ابوالحسناتؒ نے بھی صوفی شمیم کو خلافت نامہ دیا ہے۔ اس طرح اپنے دربار کے مقابلے میں خواجہ ابوالحسنات والی خلافت کی وجہ سے صوفی شمیم کا ایک واسطہ حضرت سیدنا ابوالبرکات تک کم ہو جاتا ہے اور قربت زیادہ ہو جاتی ہے۔

کرسی نامہ حضرت خواجہ خواجگان

حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندی قدس سرہٗ

حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ بن حضرت سید محمد بخاریؒ بن حضرت جلال الدینؒ بن حضرت سید برہان الدینؒ بن حضرت سید عبداللہؒ بن حضرت سید زین العابدینؒ بن حضرت سید محمد قاسمؒ بن حضرت سید شعبانؒ بن حضرت سید برہان الدینؒ بن حضرت سید محمودؒ بن حضرت سید بلاقؒ بن حضرت سید تقی صوفی خلوتیؒ بن حضرت سید فخر الدینؒ بن حضرت سید علی اکبرؒ بن حضرت سید امام حسن عسکریؒ بن حضرت سید امام محمد تقیؒ بن حضرت سید امام محمد نقیؒ بن حضرت سید امام علی موسیٰ رضاؒ بن حضرت سید امام موسیٰ کاظمؒ بن حضرت سید امام محمد جعفر صادقؒ بن حضرت سید امام محمد باقرؒ بن حضرت سید امام زین العابدینؒ بن حضرت سیدنا امام حسین علیہ السلام ابن حضرت سید امیر المومنین علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہٗ و حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا علیہا السلام بنت حضرت ﷺ۔

کرسی نامہ پیران و سجادگان بارگاہِ عشق

خواجہ ابوالحسنات بن خواجہ سید محمد علی حسینؒ بن خواجہ سید امجد حسین بن خواجہ سید لطیف علیؒ بن خواجہ سید لطف علیؒ بن خواجہ سید محمد حسنؒ بن خواجہ سید آفتابؒ بن خواجہ سید محمد وجیہؒ بن خواجہ محمد خان غازیؒ بن خواجہ محمد سید شریفؒ بن خواجہ سید محمد لطیفؒ بن خواجہ سید محمد منیرؒ (نواسے حضرت سید بہاء الدین نقشبندی قدس سرہٗ) بن خواجہ سید حضرت علاء الدین عطارؒ داماد حضرت خواجہ خواجگان حضرت بہاء الدین نقشبندی قدس سرہٗ۔ ظاہر است کہ حضرت یک صاحبزادی بودند کہ منسوب بحضرت علاء الدین عطار قدس سرہٗ۔

اسمائے بزرگانِ دین

شجرۂ عالیہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ، بارگاہِ عشق

(۱) خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ ﷺ

(۲) حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہٗ (۲) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہٗ

(۳) حضرت امام حسین رضی اللہ عنہٗ (۳) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہٗ

(۴) حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہٗ (۴) حضرت محمد قاسم رضی اللہ عنہٗ

(۵) حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہٗ

(۵/۶) حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہٗ

(یہاں دونوں خلفائے راشدین کی شاخیں مل گئی ہیں)

(۷) حضرت خواجہ بایزید بسطامی قدس سرہٗ (آپ کا لقب سلطان العارفین ہے)

(۸) حضرت خواجہ ابوالحسن خراقانی قدس سرہٗ (آپ سلطان محمود غزنوی کے پیر و مرشد ہیں)

(۹) حضرت خواجہ ابوالقاسم گورگانی قدس سرہٗ (آپ سے حضرت داتا گنج بخش کو فیض پہنچا)

(۱۰) حضرت خواجہ ابوعلی طوسی قدس سرہٗ

(۱۱) حضرت خواجہ ابو یوسف ہمدانی قدس سرہٗ

(۱۲) حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس سرہٗ

(۱۳) حضرت خواجہ عارف دیوگیری قدس سرہٗ

(۱۴) حضرت محمود الخیر فغنوی قدس سرہٗ

(۱۵) حضرت عزیزان رامتنی قدس سرہٗ

(۱۶) حضرت خواجہ بابا محمد سماسی قدس سرہٗ

(۱۷) حضرت امیر کلال قدس سرہٗ

(۱۸) حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہٗ (آپ سے نقشبندیہ سلسلہ جاری ہوا)

(۱۹) حضرت مولانا یعقوب چرخی قدس سرہٗ

(۲۰) حضرت خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ (آپ حضرت جامی کے پیر و مرشد اور سیدنا ابو العلاء کے جدّ اعلیٰ ہیں)

(۲۱) حضرت خواجہ عبد الحق المشتہر بہ محی الدین قدس سرہٗ

(۲۲) حضرت خواجہ محمد یحییٰ قدس سرہٗ

(۲۳) حضرت امیر عبد اللہ قدس سرہٗ (آپ قطب وقت   کے صوبہ دار اور سیدنا ابو علا کے چچا اور پیر و مرشد ہیں)

(۲۴) حضرت امیر سید ابو العلا قدس سرہٗ (آپ سے نقشبندی ابو العلائی اور چشتی ابو العلائی سلسلہ جاری ہوا)

(۲۵) حضرت سید دوست محمد قدس سرہٗ

(۲۶) حضرت شاہ محمد فرہاد قدس سرہٗ (آپ کا آستانہ دہلی سے عظیم آباد پہنچا اور بارگاہِ عشق کے نام سے مشہور رہا)

(۲۷) حضرت مولانا برہان الدین خدا نما قدس سرہٗ

(۲۸) حضرت رکن الدین عشق قدس سرہٗ (آپ نے صوبہ بہار میں پہلی ابو العلائی خانقاہ اور شاہ فرہاد کے آستانے کی بنیاد رکھی)

(۲۹) حضرت شاہ ابو البرکات قدس سرہٗ

(۳۰) حضرت شاہ وجہ اللہ قدس سرہٗ

۳۱) حضرت خواجہ شاہ لطیف علی قدس سرہٗ

۳۲) حضرت خواجہ شاہ امجد حسین قدس سرہٗ

۳۳) حضرت خواجہ حمید الدین احمد قدس سرہٗ

حضرت خواجہ محمد علی حسنین قدس سرہٗ

نوٹ:

یوں تو کل سلسلے ایک سے ایک ہیں اور سارے بزرگان دین ہمارے سر کے تاج ہیں مگر نقشبندیہ ابوالعلائیہ سلسلے میں چند باتیں خاص اور توجہ طلب ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ دوسرے تمام سلسلے صرف حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہٗ سے چلے ہیں مگر نقشبندیہ حضرت خلیفہ اوّل اور چہارم دونوں سے جاری ہوا ہے، اور دونوں کے فیوض و برکات کا حامل ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس سلسلے میں بتیسواں اور تینتیسواں نمبر خواجہ شاہ ابو الحسنات کے والد اور چچا کا ہے جبکہ دوسرے سلاسل میں ان کا نمبر تقریباً چالیسواں ہے۔ یہی سبب ہے کہ کم واسطے نے شاہ ابوالحسنات کے والد اور چچا کو رسول اللہ ﷺ سے زیادہ قریب کر دیا ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ سیدنا ابوالعلا کی وجہ سے نقشبندی اور چشتی فیوض ایک جگہ جمع ہو گئے ہیں اور سیدنا ابوالعلا قدس سرہٗ نے اپنی دینی اور روحانی مہارت کی بناء پر خلق خدا کی کم ہمتی اور ضعف کا لحاظ کرتے ہوئے طریقت کی تعلیم کو آسان سے آسان تر بنا دیا ہے اس طریقۂ تعلیم میں کم سے کم محنت کر کے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

شجرہ طریقہ عالیہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ
عَبْدِكَ وَ حَبِیْبِكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ

---

۱ صبر دے یارب مجھے اپنی رضا کے واسطے　　معرفت اپنی عطا کر مصطفیٰؐ کے واسطے
ہوں غریقِ بحرِ عصیاں کر مری توبہ قبول　　یا الٰہی شافعِ روزِ جزا کے واسطے
صدق دے صدیق اکبرؓ باصفا کے واسطے　　چشم بینا کر علی مرتضیٰؓ کے واسطے

۵۔ یاالٰہی حضرت سلمان فارس کا طفیل　　۶۔ یا الٰہی دامِ مکر نفسِ ناہنجار سے
۵۔ کر مسلماں بندگیِ بے ریا کے واسطے　　۶۔ کر رِہا مجھ کو شہید کربلا کے واسطے
۷۔ یا محمد قاسم حق ہیں خبر التابعین　　۸۔ کر رکھا ہے ناتواں بیماریِ دل نے مجھے
۷۔ میری خود بینی مٹا دیجئے خدا کے واسطے　　۸۔ بخش صحت یا خدا زین العبا کے واسطے
۱۰۔ یا الٰہی دل سے ہو مجھ کو حضوریِ نماز　　......☆......☆......☆......
۱۰۔ حضرت باقر امام الاتقیا کے واسطے　　......☆......☆......☆......

۱۱۔ اپنے صدیقوں کی خدمت میں الٰہی کر قبول　　جعفرِ صادق امامِ دوسرا کے واسطے
یا الٰہی سرِّ باطن سے مجھے آگاہ کر　　شاہِ عرفاں بایزید پیشوا کے واسطے

لذت الفقر فخری سے مجھے کر مفتخر
بو الحسن خرقانی بحرِ صفا کے واسطے
نور سے اپنے مرے سینے کو رشکِ طور کر
قاسم گرگانی ابر سخا کے واسطے
یا الٰہی اپنے ملنے کا مجھے رستہ بتا
بو علی دستگیر و رہنما کے واسطے
ذائقہ مرنے کا یارب پہلے مرنے سے چکھا
خواجہ بو یوسف لقا کے واسطے
یا الٰہی راہِ گم کردہ ہوں، رستہ سے لگا
عبد خالق غجدوانی پیشوا کے واسطے
یا الٰہی دستگیری کر کہ درماندہ ہوں میں
خواجہ عارف ریوکر مقتدا کے واسطے
یا الٰہی آشنائے بحرِ وحدت کر مجھے
خواجہ محمود خضر رہنما کے واسطے
یا الٰہی سرِّ الا اللہ سے واقف مجھے
کر علی را متینی حق آشنا کے واسطے
یا الٰہی ہو صفائی قلب کی حاصل مجھے
بابا سماسی صفی الاصفیا کے واسطے
یا الٰہی آتشِ الفت سے کر سینہ کباب
خواجہ میر کلال با صفا کے واسطے

مشکلیں حل کر الٰہی دین و دنیا میں میری
نقشبند خواجہ مشکل کشا کے واسطے
یا الٰہی فکر دنیائے دُنی سے دے نجات
خواجہ یعقوب چرخی پارسا کے واسطے
یا الٰہی فقر کی دولت سے کر مجھ کو غنی
خواجہ احرار میر دوسرا کے واسطے
یا الٰہ العالمین ہو خاتمہ میرا بخیر
خواجہ یحییٰ ولی و پیشوا کے واسطے
یا الٰہی مردہ دل ہوں، زندہ دل کر مجھے
خواجہ عبد الحقؒ شہ دوسرا کے واسطے
یا الٰہی نفسِ بد کردار پر کر فتحیاب
میر عبد اللہ شہ کشور کشا کے واسطے
یا الٰہی مست کر دے بادۂ توحید سے
سید سادات میر بو العلا کے واسطے
بو العلا کا عشق میرے ساتھ جائے قبر میں
یا الٰہی اہلِ بیت مصطفےٰ کے واسطے
دوستی میں رکھ مجھے سیّد محمد دوست کی
یا الٰہی اپنے انعام و عطا کے واسطے
تلخ ہو یارب نہ میری جان شیریں وقت نزع
خواجہ فرہاد باوجود سخا کے واسطے
یا الٰہی کر جلا آئینۂ دل کا مرے

حق نما برہان الدین حق نما کے واسطے
یا الٰہی کر مجھے اور بھائیوں کو فیضیاب
شاہ رکن الدین عشق با صفا کے واسطے
یا الٰہی موجِ عصیاں سے مری کشتی بچا
شاہ ابو البرکات میرے نا خدا کے واسطے
یا الٰہی نفس کے ظلمات سے مجھ کو نکال
شاہ قمر الدین حسن نجم الہدا کے واسطے
یا الٰہی حشر میں مجھ کو نہ رسوا کیجیو
جدّ اعلیٰ قاسم حاجت روا کے واسطے
یا الٰہی دور کر دل سے حجاب ما سوا
سید سجاد قطب الاولیا کے واسطے
یا الٰہی کر مجھے دونوں جہاں میں کامیاب
شاہ اکبر میرے پیر و رہنما کے واسطے
یا الٰہی از طفیل محسنِ عالی جناب
ابتدا میری بنادے انتہا کے واسطے
یا الٰہی روزِ محشر لاج رکھ لیجیو میری
شاہِ ظفر سجاد حاجی پیشوا کے واسطے
یا الٰہی آشنا کر نفس میں اثبات کا
کشف الّا اللہ ہو، اٹھ جائیں لا کے واسطے
نشہ میں جس کے کروں میں نعرۂ ہل من مزید
دے وہ بادہ ساقی روزِ جزا کے واسطے

یا الٰہی نارِ دوزخ سے بچا لیجیو مجھے
انبیا و اولیا و اصفیا کے واسطے

یا الٰہی حشر میں کیجیو مشرف دید سے
کرسی و لوح و قلم عرشِ عُلا کے واسطے

یا الٰہی رُوسیہ ہوں، خطِ عصیاں ہے سیاہ
بخش دیجیو چار یارِ با صفا کے واسطے

تو نے جو پیدا کیے ارض و سما میرے لیے
کر نہ مجھ کو یا خدا ارض و سما کے واسطے

☆......☆......☆......☆......☆......☆

واضح ہو کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے جا ملتا ہے اور حضرت امام کے قلب میں دو دریا فیض کے جمع ہوئے تھے۔ پہلے تو آپ نے فیضانِ نعمات باطنی کا اپنے نانا خیر التابعین حضرت قاسم رضی اللہ عنہ سے پایا ہے کہ وہ نسبتِ صدیقیہ ہے۔ بعد اس کے دقایق مراتبِ ولایت اور اسرارِ امامت کے اپنے والد بزرگوار حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے حل کیے اور شرفِ بیعت حاصل کر کے خرقہ خلافت و امامت کا پایا کہ یہ نسبت مرتضویہ ہے۔ اسی جہت سے آپ کو مجمع البحرین کہتے ہیں۔ پس شجرۂ نقشبندیہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اوپر دو شاخ لکھی جاتی ہے، ایک تو خلیفہ برحق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور دوسری خاتم الخلافت امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ سے جا ملتی ہے۔

عہد نامہ

بسم اللہ الرحمان الرحیم

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بخشش کرنے والا مہربان ہے۔

اَللّٰھُمَّ فاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ عٰلِمُ الْغَیْبُ وَ الشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعْھَدُ اِلَیْکَ فِی ھٰذِہِ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُکَ وَ رَسُوْلُکَ فَلَا تَکِلْنِیَ اِلیٰ نَفْسِیْ فَاِنَّکَ تَکِلْنِیَ اِلیٰ نَفْسِیْ تُقَرِّبْنِیْ مِنَ الشَّرِّ وَ تُبَاعِدْنِیْ مِنَ الْخَیْرِ وَ اِنِّیْ لَآ اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِکَ فَاجْعَلْ لِیْ عِنْدَکَ عَھْداً تُوَفِّیْنِیہِ اِلیٰ یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلیٰ خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ ط

ترجمہ: ''اے اللہ! آسمانوں کے پیدا کرنے والے اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ اور ظاہر کے، وہ بخشش کرنے والا بڑا مہربان ہے۔ اے اللہ! تحقیق میں عہد کرتا ہوں طرف تیری بیچ اس زندگی کے ساتھ اسکے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے ایک تو ہے نہیں کوئی شریک واسطے تیرے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صاحب بندے تیرے ہیں پس مت سونپ تو مجھ کو طرف نفس میرے کی پس تحقیق تو اگر سونپے گا مجھ طرف نفس میرے کے نزدیک کرے گا وہ مجھ کو طرف برائی کے اور دور کرے گا مجھ کو بھلائی سے اور تحقیق میں نہیں بھروسا کرتا ہوں مگر ساتھ رحمت تیری کے پس کر تو

واسطے میرے نزدیک اپنے عہد و کہ پورا کرے تو اس کو دن قیامت کے تحقیق تو نہیں خلاف کرتا ہے وعدہ۔ اور رحمت نازل کرے اللہ تعالیٰ اوپر بہتر مخلوق اپنی کے کہ محمد ہیں اور اولاد ان کی کے اور اوپر دوستوں ان کے سب پر اپنی رحمت کے اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے مہربان۔

بحکم

بحضورِ عالیجناب سید شاہ محفوظ اللہ ظفری ابوالعلائی، سجادہ نشیں خانقاہ سجادیہ ابوالعلائیہ، دانا پور، شاہ ٹولی پٹنہ، بہار (انڈیا)

اسناد

بسم اللہ الرحمان الرحیم

نحمدہٗ و نصلہٖ علیٰ رسولہٖ الکریم

امّا بعد! احقر العباد سید ظفر سجاد حسنی ابوالعلائی داناپوری نے بلحاظ خصوصیت تعلیمِ طریقت کے اپنے مرید عزیز گرامی صوفی شمیم احمد سلمہٗ اللہ تعالیٰ کو اپنے چاروں خاندانی سلسلے کی اجازت و خلافت بتاریخ ۸ رمضان المبارک روز جمعہ ۱۳۹۱ھ بمقام کھوکھراپار کراچی بخوشی دل عطا کی۔ وہ چاروں سلسلے یہ ہیں:

(۱) سلسلہ عالیہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ (۲) سلسلہ عالیہ چشتیہ

(۳) سلسلہ عالیہ قادریہ (۴) سلسلہ عالیہ سہروردیہ

ان چاروں میں یہ عزیز ممدوح مجاز ہیں کہ طالبانِ طریقت کی بیعت لے کر ان کی تعلیم باطنی خواہ بجذب خواہ بہ سلوک کریں۔ ان کے ایمان و عرفان میں اللہ تعالیٰ ترقی عطا فرمائے۔ میں نے ان کی سعادت مندی اور اہلیت باطنی سے متاثر ہو کر یہ نعمت عطا کی ہے۔ **وَمَا توفیقی الا باللّٰہ العظیم**۔ یہ عزیز ممدوح کے والد ماجد حضرت شاہ تجمل حسین صاحب اکبری ابوالعلائی دائمی عظیم آبادی علیہ الرحمۃ میرے جدّ امجد حضرت عارف باللہ حاجی مولانا سید شاہ محمد اکبر دانشمند ابوالعلائی داناپوری عظیم آبادی قدس سرہٗ العزیز کے خاص مریدوں میں سے تھے، اور بڑے عابد و زاہد تہجد گزار پابندِ شریعت و طریقت تھے، مجلس سماع میں با کیف تھے۔ اس وجہ سے اس راقم خاکسار ظفر سجاد کے والد ماجد و پیر و مرشد حضرت قطبِ وقت حاجی سید شاہ محمد محسن دانشمند ابوالعلائی قدس اللہ سرہٗ نے ان کو اجازت و خلافت سے سرفراز فرمایا تھا۔ لہٰذا اس رشتہ کے ناطے بھی عزیز ممدوح صوفی شمیم احمد اس نعمت کے حقدار تھے جو میں آج ان کے سپرد

کرر ہا ہوں۔

دستخط۔احقر العباد سید ظفر سجاد ابوالعلائی داناپوری

۸ر رمضان المبارک بروز جمعہ ۱۳۹۱ھ

گواہ:۱ محمد مظہر الدین ابوالعلائی محسنی

گواہ:۲ سید ابوسعید ابوالعلائی محسنی

گواہ:۳ صوفی محمد عثمان علی شاہ ابوالعلائی حسنی

بسم اللہ الرحمان الرحیم

هُوَ المنعم و هو اللطیف الخبیر

برادرم جناب صوفی شمیم احمد صاحب نقشبندی ابو العلائی بدست برادرم جناب سید شاہ ظفر سجادؒ در سلسلہ عالیہ نقشبندیہ ابو العلائیہ بیعت و اجازت خلافت حاصل کردند۔ بہ حسب طلب بسیار در صحبتِ ایں خادم الفقرا خواجہ ابو الحسنات غفر اللہ ذنوبہ نسبت و کیفیت نقشبندیہ، قادریہ، چشتیہ و فردوسیہ حاصل نمودند چنانچہ تاثیر حسب طلب بظہور رسید لہذا ... ن پیران ماذون نمودہ می آید کہ اگر طالب صادق العقیدہ رجوع آرد بطوریکہ از پیران سیدہ است ارشاد نمایند و بیعت بگیرند مجاز است در سلسلہ عالیہ نقشبدیہ ابو العلائیہ و قادریہ و چشتیہ و فردوسیہ و چہاردہ خانوادہ ہائے مختلفہ بیعت بگیرند مجاز است۔

از فقیر خواجہ ابو الحسنات غفر اللہ ذنوبہ

نقشبندی ابو العلائی قادری چشتی فردوسی

تاریخ ۵ ربیع الاول ۱۳۹۷ھ

مطابق ۲۴ فروری ۷۷ء

بروز پنجشنبہ

تعارف

سیّد شاہ خواجہ ابوالحسنات صاحب:

آپ کا نسبی تعلق خواجہ بہاء الدین نقشبند سے بھی ہے۔ آپ کی بیعت آپ کے عم محترم سید شاہ خواجہ حمید الدین احمد سجادہ نشیں بارگاہِ عشق نے سلسلہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ میں لی ہے۔ اجازت وخلافت اپنے والد ماجد حضرت سید شاہ خواجہ محمد علی حسنین سے ہے۔ شاہ ابوالحسنا کے دوسرے بھائی جو ان سے چھوٹے ہیں ان کا نام خواجہ ابوالظفر ہے۔ وہ اپنے والد ہی کے مرید اور خلیفہ ہیں۔ دونوں صاحبزادوں کو ان کے والد نے نقشبندیہ، ابوالعلائیہ، قادریہ، چشتیہ، فردوسیہ اور چہاردہ خانوادوں کی خلافت عطا فرمائی ہے۔ شاہ ابوالحسنات کا نسبی تعلق حضرت مخدوم یحیٰ منیریؒ اور حضرت مخدوم الملک شرف الدین احمد بن یحیٰ منیری ثم بہاری سے بھی ہے اور بیعت وانابت کا سلسلہ بھی ان تمام بزرگانِ دین سے ہے۔

یہاں یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ شاہ ابوالحسنات صاحب کے چاروں طریقے نقل کر دیئے جن میں شاہ محمد فرہاد، سید ابوالعلاء، حضرت منعم پاک اور سیدنا ابو البرکات قدس سرہم جیسے مرکزی حیثیت رکھنے والے بزرگان موجود ہیں جو صوفی شمیم احمد خاں کے پیرانِ سلاسل ہیں۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

بسم اللہ الرحمان الرحیم

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہٖ الکریم

سب تعریف اللہ جل شانہ کے لیے ہے جس نے پیدا کیا آدم علیہ السلام کو اپنی صورت پر اور مخصوص کیا ان کی اولاد کو خلافت کے لیے۔ صلوٰۃ اور سلام ہو سرکار دو جہاں رسول مقبول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر۔ پیدا کیا ان کو اپنے نور سے اور مخصوص کیا نبوت اور رسالت کے ساتھ اور مخصوص کیا ان کی اولاد میں اولیائے امت کو ولایت کے ساتھ اور رحمت خدا کی ہو جیو جملہ اصحاب اور اولاد پر آپ کی۔ پس بعد حمد و نعت کے یہ خلافت ہمارے مشائخ چشتیہ طیبہ و قادریہ کبریہ ہے۔ بندہ امیدوار ہے مغفرت کا اللہ جل شانہ سے خاکپائے درویشاں حکیم سید کلیم الحق چشتی فخری قادری فریدی سے طریقہ چشتیہ و قادریہ کی اجازت بخوشی و برغبت دلی ''صوفی شمیم صاحب ظفری ابوالعلائی'' کو اجازت دی میں نے اور خلافت نامہ عطا کیا ساتھ اختیارات کے جس طرح پر مجھ کو میرے پیر روشن ضمیر حضرت ابوصالح ظہیر الدین حسن چشتی فریدی نے عطا فرمایا تھا۔ پس یہ خلافت میرے مشائخ طریقت چشتیہ طیبہ و قادریہ بریہ کی ہے۔

وصلّ اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ و آلہ وسلم

مہر

مسکین حکیم سید شاہ کلیم الحق فریدی ظہیری

۲ رجب المرجب ۱۴۰۱ھ

بسم اللہ الرحمان الرحیم

وصلّ اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ و آلہٖ و آصحابہٖ وَسلّم

سـنـد

امابعد، راقم الحروف سیّد ابوسعید محسنی ابوالعلائی مرید ومجاز حضرت قطب وقت

حاجی سیّد شاہ محمد محسن دانشمند ابوالعلائی قدس سرہٗ العزیز کا ہوں۔

میرے پیرزادہ جناب سیّد شاہ ظفرسجاد محسنی ابوالعلائی داناپوری کے مرید عزیز

القدر صوفی شمیم احمد ابوالعلائی ہیں اوران کو پیرزادہ ممدوح نے اپنی طرف سے مجاز کردیا

ہے اور خلافت نامہ تحریری عطا کردیا ہے، جس کو میں نے بھی دیکھا ہے۔ اوراس خلافت

نامہ پر علاوہ دو گواہوں کے میرا نام بھی بطور گواہ کے موجود ہے۔ پیرزادہ صاحب نے

عزیزی صوفی شمیم احمد سلمہٗ کو چار سلسلوں کی اجازت تحریر فرمائی ہے، یعنی:

(۱) سلسلہ عالیہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ

(۲) سلسلہ عالیہ چشتیہ

(۳) سلسلہ عالیہ قادریہ

(۴) سلسلہ عالیہ سہروردیہ۔

ان چاروں سلسلہ کے علاوہ مداریہ بھی ہے، جو میرے اجازت نامہ میں درج

ہے۔ اور میں عزیزی شمیم احمد سلمہٗ میں استعداد دیکھتا ہوں کہ وہ اس سلسلہ میں بھی بیعت

کرسکتے ہیں لہٰذا میں ان کو اپنے اجازت نامہ کے توسل سے عزیز موصوف کو سلسلہ مداریہ

کی بھی اجازت دیتا ہوں کہ وہ طالبانِ حق کو اس سلسلہ میں بھی مرید کریں اور تعلیم باطنی

زیں خواہ بجذب وخواہ بہ سلوک۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ایمان وعرفان میں دائمی ترقی عطا فرمائے اور خدا ہماری عاقبت بخیر کرے۔ **نعم المولیٰ و نعم النّصیر۔**

دستخط

(سید) ابوسعید محسنی ابوالعلائی بقلم خود

۲ رجب المرجب ۱۳۹۸ھ

تعارف

جناب سید شاہ ابوسعید محسنی ابوالعلائی کو جناب سید شاہ محسن ابوالعلائی قدس سرہ سے بیعت اور اجازت وخلافت حاصل تھی۔ بعدہٗ جناب ابوسعید محسنی ابوالعلائی کے بڑے صاحبزادے جناب سید شاہ اختر عالم ظفری ابوالعلائی کی شادی جناب سید شاہ محمد محسن ابوالعلائی رحمۃ اللہ علیہ کی صاحبزادی شمسہ بی بی سے ہوئی۔ جناب سید شاہ ابوسعید محسنی ابوالعلائی کے پانچ صاحبزادے اور کئی صاحبزادیاں ہوئیں۔ صاحبزادوں میں:

(۱) سید شاہ اختر عالم ظفری ابوالعلائی،

(۲) سید شاہ محبوب عالم (مرحوم)،

(۳) سید شاہ مسرور عالم (مرحوم)،

(۴) سید شاہ نذیر عالم،

(۵) سید شاہ قطب عالم ہیں۔

سید شاہ نذیر عالم اور سید شاہ قطب عالم اپنے والد بزرگوار کی یادگار قائم کیے ہوئے ہیں اور ہر سال اپنے والد بزرگوار اور حضرت سیدنا ابوالعلاء قدس سرہ العزیز کے ایصال ثواب کے لیے عرس اور نذرونیاز کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

شجرہ نسب

سید ابوسعید محسنی ابوالعلائی بن حکیم سید شاہ نذیر احسن نسیم رحمۃ اللہ علیہ بن حاجی حکیم سید شاہ محمد امیر اکبر قدس سرہ قادری کاکوی ثم ہلسوی بن سید شاہ محمد علی بن سید شاہ مردان علی بن سید محمد شاہ بن میر سید درویش محمد بن میر سید محمد اولیاء بن میر سید عبدالغفار بن میر سید عبدالفتاح بن میر سید سلیمان بن سید مخدوم ہدیٰ بن سید حبیب اللہ بن سید عبدالعزیز بن سید عبدالحمید بن سید سراج الدین بن سید معز الدین بن سید محمد بن حاجی حسن حروی و حراتی بن سید محمد رضا بن سید محمد بن سید محمد اسمٰعیل بن محمد جعفر بن حضرت امام علی نقی؄ بن حضرت امام محمد تقی؄ بن حضرت امام موسیٰ علی رضا؄ بن حضرت امام موسیٰ کاظم؄ بن حضرت امام جعفر صادق؄ بن حضرت امام محمد باقر؄ بن حضرت امام زین العابدین؄ بن حضرت امام حسین؄ شہید دشت کربلا بن حضرت امام المتقین امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ بن ابی طالب۔

اسمائے بزرگان دین شجرۂ قادریہ پاک

(۱) خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(۲) حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ

(۳) حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ

(۴) حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

(۵) حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہٗ

(۶) حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہٗ

(۷) حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہٗ

(۸) حضرت امام علی موسیٰ رضا رضی اللہ عنہٗ

(۹) حضرت شیخ معروف کرخی قدس سرہٗ

(۱۰) حضرت شیخ سری سقطی قدس سرہٗ

(۱۱) حضرت شیخ جنید بغدادی قدس سرہٗ

(۱۲) حضرت امام شبلی قدس سرہٗ

(۱۳) حضرت شیخ ابوالفضل عبدالواحد قدس سرہٗ

(۱۴) حضرت شیخ ابوالفرح یوسف طرطوسی قدس سرہٗ

(۱۵) حضرت شیخ ابوالحسن علی الہنکاری قدس سرہٗ

(۱۶) حضرت شیخ ابوسعید مبارک مخزومی قدس سرہٗ

(۱۷) حضرت سید شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ (یہیں سے سلسلہ قادریہ جاری ہوا)

(۱۸) حضرت شیخ سیّد عبد الرزاق قدس سرہٗ

(۱۹) حضرت شیخ سید ابو نصر قدس سرہٗ

(۲۰) حضرت شیخ سید احمد قدس سرہٗ

(۲۱) حضرت شیخ سید یحییٰ قدس سرہٗ

(۲۲) حضرت شیخ سید محمد قدس سرہٗ

(۲۳) حضرت شیخ سید احمد قدس سرہٗ

(۲۴) حضرت شیخ سید علی قدس سرہٗ

(۲۵) حضرت شیخ سید حسن قدس سرہٗ

(۲۶) حضرت شیخ سید احمد قدس سرہٗ

(۲۷) حضرت شیخ سید عبد الباسط قدس سرہٗ

(۲۸) حضرت شیخ سید قاسم قدس سرہٗ

(۲۹) حضرت شیخ سید محمد قدس سرہٗ

(۳۰) حضرت شیخ سید اسماعیل قدس سرہٗ

(۳۱) حضرت شیخ سید ابو محمد تارک شامی قدس سرہٗ

(۳۲) حضرت محمد یوسف خاکی قدس سرہٗ

(۳۳) حضرت میر علی قادری قدس سرہٗ

(۳۴) حضرت شاہ محمد فرہاد قدس سرہٗ (ان کو قادریہ سلسلے کی اجازت وخلافت میر علی قادری قدس سرہٗ سے حاصل ہے۔)

(۳۵) حضرت مولانا برہان الدین خدانما قدس سرہٗ

(۳۶) حضرت شاہ رکن الدین عشق قدس سرہٗ

(۳۷) حضرت شاہ ابو البرکات قدس سرہٗ

(۳۸) حضرت شاہ وجہ اللہ قدس سرہٗ

(۳۹) حضرت خواجہ شاہ لطیف علی قدس سرہٗ

(۴۰) حضرت خواجہ شاہ امجد حسین قدس سرہٗ

(۴۱) حضرت خواجہ حمید الدین احمد قدس سرہٗ

(۴۱) حضرت خواجہ شاہ محمد علی حسنین قدس سرہٗ

اس سلسلے کے کیا کہنے۔ اس میں چھ امام ہیں جو براہِ راست رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل ہیں۔ ان کے علاوہ حضرت غوث الثقلین محی الدین عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں اور حضرت جنید بغدادی و امام شبلی رحمۃ اللہ علیہما جیسے شناورانِ بحرِ توحید ہیں۔

اسمائے بزرگان دین شجرۂ چشتیہ پاک

(۱) خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(۲) حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ

(۳) حضرت خواجہ حسن بصری قدس سرہٗ

(۴) حضرت خواجہ عبدالواحد بن زید قدس سرہٗ

(۵) حضرت خواجہ فضیل بن عیاض قدس سرہٗ

(۶) حضرت ابراہیم بن ادہم بلخی قدس سرہٗ

(۷) حضرت خواجہ حذیفہ بلخی قدس سرہٗ

(۸) حضرت ہبیرہ بصری قدس سرہٗ

(۹) حضرت خواجہ ممشاد علو دینوری قدس سرہٗ

(۱۰) حضرت خواجہ ابواسحاق شامی چشتی قدس سرہٗ

(۱۱) حضرت احمد ابدال چشتی قدس سرہٗ

(۱۲) حضرت خواجہ ابویوسف چشتی قدس سرہٗ

(۱۳) حضرت خواجہ ابومحمد چشتی قدس سرہٗ

(۱۴) حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی قدس سرہٗ

(۱۵) حضرت حاجی شریف زندانی قدس سرہٗ

(۱۶) حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ

(۱۷) حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی قدس سرہٗ (خواجہ غریب نوازؒ)

(۱۸) حضرت مولانا قطب الدین بختیار کاکی چشتی قدس سرہٗ

(۱۹) حضرت فرید الدین مسعود اجودھنی چشتی قدس سرہٗ (بابا فرید گنج شکرؒ)

(۲۰) حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی قدس سرہٗ

(۲۱) حضرت سراج الدین عثمان اودی اخی چشتی قدس سرہٗ

(۲۲) حضرت علاء الدین چشتی (بنگالی) قدس سرہٗ

(۲۳) حضرت نور قطب عالم چشتی (پنڈوی) قدس سرہٗ

(۲۴) حضرت مولانا حسام الدین مانک پوری چشتی قدس سرہٗ

(۲۵) حضرت سید شاہ حامد مانک پوری چشتی قدس سرہٗ

(۲۶) حضرت خواجہ نظام الدین الحداد چشتی قدس سرہٗ

(۲۷) حضرت خواجہ مشعوف عبد الواسع چشتی قدس سرہٗ

(۲۸) حضرت خواجہ نظام الدین یٰسین چشتی قدس سرہٗ

(۲۹) حضرت خواجہ عبد الرزاق خاصہ چشتی قدس سرہٗ

(۳۰) حضرت خواجہ نظام الدین احمد قدس سرہٗ

(۳۱) حضرت شاہ محمد فرہاد قدس سرہٗ (ان کو چشتیہ طریقہ کی اجازت وخلافت خواجہ نظام الدین احمد سے ملی۔)

(۳۲) حضرت مولانا برہان الدین خدانما قدس سرہٗ

(۳۳) حضرت شاہ رکن الدین عشق قدس سرہٗ

(۳۴) حضرت شاہ ابو البرکات قدس سرہٗ

(۳۵) حضرت شاہ وجہ اللہ قدس سرہٗ

(۳۶) حضرت خواجہ شاہ لطیف علی قدس سرہٗ

(۳۷) حضرت خواجہ شاہ امجد حسین قدس سرہٗ

(۳۸) حضرت خواجہ حمید الدین احمد قدس سرہٗ

(۳۸) حضرت خواجہ محمد علی حسنین قدس سرہٗ

ماشاء اللہ اس سلسلے میں خواجہ غریب نوازؒ کے علاوہ بہت بڑے بڑے بزرگانِ دین موجود ہیں۔

اسمائے بزرگانِ دین شجرۂ فردوسیہ پاک

اس شجرے کی ترتیب اور شجروں سے مختلف ہے۔ اس میں آخری بزرگ کے نام سے شروع کر کے رسول اللہ ﷺ پر شجرہ تمام کیا گیا ہے۔

(۱) حضرت خواجہ شاہ حمید الدین احمد قدس سرہٗ (۱) حضرت خواجہ شاہ محمد علی حسنین قدس سرہٗ

(۲) حضرت خواجہ شاہ امجد حسین قدس سرہٗ

(۳) حضرت خواجہ شاہ لطیف علی قدس سرہٗ

(۴) حضرت شاہ وجہ اللہ قدس سرہٗ

(۵) حضرت شاہ ابوالبرکات قدس سرہٗ

(۶) حضرت شاہ رکن الدین عشق قدس سرہٗ (ان کو فردوسیہ طریقے کی اجازت وخلافت حضرت منعم پاکؒ سے ملی ہے۔)

(۷) حضرت محمد منعم پاک قدس سرہٗ

(۸) حضرت پیر سید خلیل قدس سرہٗ

(۹) حضرت سید اہل اللہ عرف سید مبارک پیر جلال قدس سرہٗ

(۱۰) حضرت اشرف عرف پیر سید جلال دانشمند قدس سرہٗ

(۱۱) حضرت سید زین الدین عرف سید جلال قدس سرہٗ

(۱۲) حضرت ہدیۃ اللہ ابوالفتح پیر سرمست شطاری قدس سرہٗ

(۱۳) حضرت مخدوم قاضن علا شطاری قدس سرہٗ

(۱۴) حضرت شیخ ایوب کاہی قدس سرہٗ

(۱۵) حضرت مخدوم شیخ حسن فردوسی قدس سرہٗ

(۱۶) حضرت مخدوم شیخ حسین نوشہ توحید قدس سرہٗ

(۱۷) حضرت مولانا مظفر شمس بلخی قدس سرہٗ

(۱۸) حضرت مخدوم شرف الدین منیری وبہاری قدس سرہٗ

(۱۹) حضرت شیخ نجیب الدین فردوسی قدس سرہٗ

(۲۰) حضرت خواجہ رکن الدین فردوسی قدس سرہٗ

(۲۱) حضرت خواجہ بدرالدین سمرقندی قدس سرہٗ

(۲۲) حضرت سیف الدین باخزری قدس سرہٗ

(۲۳) حضرت شیخ الموحدین خواجہ نجم الدین کبریٰ قدس سرہٗ

(۲۴) حضرت خواجہ ضیاء الدین ابونجیب عبدالقاہر سہروردی قدس سرہٗ

(۲۵) حضرت قاضی وجہ الدین ابوحفص قدس سرہٗ

(۲۶) حضرت خواجہ محمد ن المعروف بعمویہ قدس سرہٗ

(۲۷) حضرت خواجہ ابی احمد اسود دینوری قدس سرہٗ

(۲۸) حضرت خواجہ ممشاد علو دینوری قدس سرہٗ

(۲۹) حضرت خواجہ جنید بغدادی قدس سرہٗ

(۳۰) حضرت شیخ سری سقطی قدس سرہٗ

(۳۱) حضرت خواجہ معروف کرخی قدس سرہٗ

(۳۲) حضرت امام علی موسیٰ رضا رضی اللہ عنہٗ

(۳۳) حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہٗ

(۳۴) حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہٗ

(۳۵) حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہٗ

(۳۶) حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ

(۳۷) حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ

(۳۸) حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ

(۳۹) خاتم الانبیاء حضرت محمد الرسول ﷺ ★

نوٹ: ان شجروں میں غور کرنے سے ایک خاص بات سامنے آتی ہے۔ غالباً مؤرخین کی توجہ ادھر نہیں منعطف ہوئی ہے۔ کیونکہ یہ نکتہ نہ تو بزرگوں سے سنا گیا ہے اور نہ کتابوں میں مرقوم ہے۔ وہ خاص بات یہ ہے کہ ان شجروں میں سترہویں (۱۷) نمبر پر جن بزرگوں کے نام ہیں وہ سب کے سب ایک خاص طریقہ تعلیم کے موجد ہوتے چلے گئے ہیں۔ مثلاً قادریہ شجرے میں سترہویں نمبر پر حضرت غوث پاکؒ ہیں، ان سے قادریہ سلسلہ چلا ہے۔ چشتیہ شجرے میں سترہویں نمبر پر حضرت خواجہ غریب نوازؒ ہیں، ان سے چشتیہ تعلیم کا رواج ہوا ہے۔ نقشبندیہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف سے شمار کرنے پر سترہواں نمبر خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ کا نام آتا ہے، ان سے نقشبندیہ طریقہ رائج ہوا ہے اور فردوسیہ شجرے میں رسول اللہ ﷺ کی طرف سے گنیے تو سترہواں نمبر حضرت خواجہ نجم الدین کبریٰ کا آتا ہے۔ ان سے جو سلسلہ چلا وہ پہلے کبرویہ کہلاتا تھا۔ بعد کو وہی کبرویہ طریقہ، فردوسیہ کے نام سے مشتہر ہو گیا ہے۔

☆ اس شجرے میں دو بزرگوں کے نام چھوٹے ہوئے ہیں اوّل حضرت پیر سید خلیلؒ اور حضرت سید اہل اللہؒ کے درمیان حضرت سید محمد جعفر کا نام ہونا چاہیے۔
اور حضرت مخدوم قاضن علا شطاریؒ اور حضرت شیخ ایوب کاہیؒ کے درمیان حضرت شیخ محمد بہرام بہاریؒ کا نام ہونا چاہیے۔ (قیام عفی عنہ)

بارگاہِ عشقؔ اور درگاہ منعمیہ

بارگاہ عشقؔ وہی شاہ محمد فرہاد کا آستانہ ہے جو ان کے نواسے شاہ رکن الدین عشقؔ کے وقت میں دہلی سے منتقل ہو کر عظیم آباد (پٹنہ) میں قائم ہوا ہے۔ شاہ رکن الدین کی مفصل تاریخی سوانح عمری ۱۹۸۱ء میں کراچی کے کسی کالج میگزین میں شائع ہو چکی ہے اور ''شرفا کی نگری'' حصہ دوم میں سید شاہ قیام الدین نے بھی آپ کا تفصیلی تذکرہ کیا ہے۔

حضرت عشقؔ اپنے پیر و مرشد مولانا برہان الدین خدانماؒ کے حکم سے حضرت منعم پاک سے دینی استفادہ کی اجازت کے ساتھ پٹنہ تشریف لائے۔ جس مسجد میں یہ آکر ٹھہرے اسی میں اتفاقاً حضرت منعم پاکؒ بھی فروکش تھے۔ ان کے یہاں آنے کے بعد حضرت منعم پاکؒ نے یہ مسجد ان کے لیے چھوڑ دی۔ خود ملا میتن کی مسجد میں چلے گئے۔ جو اس مسجد سے چند قدم کی دوری پر ہے۔ پھر جب حضرت عشقؔ کو مکان اور زمین مل گئی تو حضرت منعم پاکؒ نے انہیں خانقاہ بنوانے کا مشورہ دیا اور فرمایا کہ: ''آپ خانقاہ بنوایئے، مجھے جب ضرورت ہوگی آپ ہی کی خانقاہ میں آجایا کروں گا، میں اپنی کوئی خانقاہ نہیں بنواؤں گا۔'' چنانچہ جب تک حضرت منعم پاکؒ اس عالم میں رہے، اپنے اسی قول پر عمل پیرا رہے۔

اس وقت حضرت منعم پاکؒ کے مقبرے اور ملا میتن کی مسجد سے ملحق جو خانقاہ منعمیہ کہی جاتی ہے وہ دراصل شاہ قمر الدین کی خانقاہ ہے جو غالباً حضرت سیدنا ابوالبرکات کے خلیفہ اور حکیم شاہ فرحت اللہ کریم چکؒ کے مرید تھے اور حکیم صاحب موصوف حضرت مخدوم شاہ حسن علیؒ کے مرید و خلیفہ اور شاہ حسن علیؒ (خواجہ کلاں پٹنہ) حضرت منعم پاکؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔

طریقہ نقشبندیہ ابوالعُلائیہ نے اپنے طریقے میں اتنے مدارج نہیں رکھے ہیں۔ ابتداء ہی سے اس طریقے میں توحید کی تعلیم دی جاتی ہے۔ اوّلاً خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ نے اسم ذات کی مشق کا طریقہ ایجاد کیا تھا۔ پھر سیدنا ابوالعُلاء قدس سرہٗ نے لوگوں کے ضعف وغیرہ کا لحاظ کرتے ہوئے اسے زیادہ سہل اور آسان بنا دیا ہے اور برسوں کی محنت سے جو باتیں حاصل ہوتی تھیں وہ اب مہینوں اور دنوں میں حاصل ہو سکتی ہیں۔ کاش مسلمان ادھر مائل ہوں اور اسے حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

نقشبندیہ طریقے کی ابتدا

حضرت امیر کُلال قدس سرہٗ

نقشبندیہ طریقے کا بیان تشنہ رہ جائے گا اگر حضرت امیر کلال قدس سرہٗ کا مختصر بیان نہ کر دیا جائے۔ یہ بہت بڑے کامل بزرگ تھے۔ کمہار کا پیشہ اختیار کر رکھا تھا۔ کسب کر کے اپنا اور خانقاہ کا خرچ چلاتے تھے۔ کمہار کا پیشہ اتنا متبرک اور پاکیزہ پیشہ ہے کہ خود اللہ تعالیٰ جلّ شانہٗ وعم نوالہٗ نے اپنے قابلِ فخر و ناز کام کو کمہار کے پیشہ ورانہ کام سے تشبیہ دی ہے۔ وہ فرماتا ہے:

﴿خلق الانسان من صلصال کالفخار﴾

ترجمہ: ''میں نے انسان کو گیلی مٹی سے اس طرح بنایا جیسے کمہار مٹی کے برتن بناتے ہیں۔''

حضرت خواجہ بہاء الدین انہی کے مرید تھے، اور انہیں کی خدمت میں رہ کر تعلیم پا رہے تھے۔ آپ کے ذمہ ایک کام یہ بھی تھا کہ وہاں جتنے برتن تیار ہوتے تھے سب پر اللہ کا لفظ نقش کرتے تھے۔

جب اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ خواجہ بہاء الدین کی کرامت خلق کو دکھائے اور انھیں خاص و عام کا مقتدا بنائے تو ایک روز اتفاق ایسا ہوا کہ نئے برتنوں پر لفظ اللہ نقش کرنا آپ بھول گئے۔ کسی نے حضرت امیر کو اس واقعے کی خبر کر دی۔ حضرت امیرؒ نے خواجہ کو بلا کر باز پرس کی۔ معاً خواجہ نے ان برتنوں پر ایک نظر ڈالی اور سب برتنوں پر اسم ذات نقش ہو گیا۔ جب حضرت امیرؒ نے یہ دیکھا تو فرمایا: ''بہاء الدین تم نقش بند ہو۔'' اسی روز سے آپ کا

قب نقشبند ہو گیا اور آپ سے جو طریقہ جاری ہوا، نقشبندیہ طریقہ کہلانے لگا۔

(بحوالہ ''تذکرۂ غوثیہ'' تصنیف: غوث علی شاہ صاحب قلندر پانی پتی)

حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہٗ

آپ کی سیرت و سوانح پر کئی کتابیں تصنیف ہو چکی ہیں۔ اصحابِ شوق ان کتابوں میں آپ کی سیرت و سوانح کو مطالعہ فرمائیں۔ یہاں نقشبندیہ طریقے کے اصولِ تعلیم وغیرہ لکھے جا رہے ہیں۔ نقشبندیہ طریقِ تعلیم میں بقول غوث علی صاحب قلندر پانی پتی چھ لطیفوں کا تزکیہ و تصفیہ کر کے انھیں بیدار و ذاکر کیا جاتا ہے۔ وہ لطائفِ ستہ یہ ہیں:

(۱) قلب　　(۲) روح　　(۳) سِرّ

(۴) خفی　　(۵) اخفی　　(۶) نفس الناطقہ

انھوں نے لطیفوں کے رنگ بھی بتائے ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی لکھ دیا ہے کہ مختلف کشفوں کی وجہ سے ان لطائف کے رنگ بھی بدل جایا کرتے ہیں اس لیے طالب صرف انوار ہی پر اپنی توجہ مرکوز نہ کرے بلکہ مقصودِ اصلی کی طرف متوجہ رہے۔

بعضوں نے اور آگے بڑھ کر دس لطیفے بیان کیے ہیں اور لطائفِ عشرہ کی تعلیم ضروری قرار دی ہے۔ اکثر بزرگانِ دین نے پانچ ہی لطیفوں پر اکتفا کیا ہے اور وہ لطائفِ خمسہ ہی کی تعلیم دیتے ہیں۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ لطائفِ خمسہ ہی کی تربیت ناگزیر اور مقدم ہے۔ باقی لطیفے ان کے تابع ہیں اور خود بخود ذاکر ہو جاتے ہیں۔ جب لطیفہ اخفی تک کل لطیفے تربیت پذیر ہو جاتے ہیں اس وقت ایسی بے خودی طاری ہوتی ہے کہ نہ تو کسی لطیفے کا امتیاز کیا جا سکتا ہے اور نہ کوئی رنگ باقی رہتا ہے، کامل یک رنگی طاری رہتی ہے۔ رنگوں کا تذکرہ حضرت مخدوم الملکؒ نے بھی اپنی کتاب میں کیا ہے، اور گدیوں میں بزرگوں کے

سفینوں میں بھی تھوڑے اختلاف کے ساتھ لطیفوں اور ملائک وشیاطین کے انوار کا ذکر پایا جاتا ہے۔ ان مشاہدات اور تماشاؤں کی طرف توجہ نہیں ہونی چاہیے۔ یہ تماشے قطع الطریق اور بتانِ راہ ہیں اور عالم ملکوت میں بے شمار ایسے رنگ ایسے انوار وغیرہ سامنے آتے ہیں۔ آستانوں کے سفینوں اور بیاضوں میں ایسی تحریریں جو پائی جاتی ہیں وہ مکمل اور پوری پوری حیطۂ تحریر میں نہیں لائی گئی ہیں۔ وہ سارے اشغال واذکار، انوار والوان محض اشارتاً یادداشت کے طور پر لکھ کر رکھ لیے گئے ہیں۔ پوری بات وضاحت کے ساتھ اس وقت بتائی جاتی ہے جب وہ اذکار واشغال طالب کو بتائے جاتے ہیں یا جب طالب اپنے مکاشفات اور احوال شیخ کو بتاتا ہے اور اصلاح کی حاجت اس کو ہوتی ہے۔

نقشبندیہ طریقِ تعلیم، اسم ذات میں ایک مکمل نصاب ہے جسے سیدنا ابوالعلا قدس سرہٗ نے سہل اور آسان تر کر دیا ہے۔ اس تعلیم میں لطائفِ خمسہ کی تربیت کی جاتی ہے۔ ان لطائف کی تربیت کے لیے بہت سارے اذکار واشغال وضع کیے گئے ہیں اور طالب کے باطنی احوال کا جائزہ لینے کے بعد صحیح بزرگانِ دین اپنے مریدوں کو وہ اذکار واشغال، مشاہدے، مراقبے، محاسبے اور حق وباطل میں امتیاز بتاتے ہیں۔

نقشبندیہ طریقِ تعلیم کی بنیاد گیارہ اصولوں پر رکھی گئی ہے:

(۱) یادکرد (۲) بازگشت (۳) یادداشت (۴) نگاہداشت
(۵) ہوش دَردَم (۶) نظر بَرقدم (۷) سفر دَروطن (۸) خلوت دَرانجمن
(۹) وقوفِ قلبی (۱۰) وقوفِ زمانی (۱۱) وقوفِ عددی

ان اصولوں کے مطابق تعلیم دینے کے لیے کچھ ہلکے پھلکے وظیفے، نوافل، اذکار واشغال، مراقبۂ عام، مراقبۂ خاص، مراقبہ اخص الخاص، مجاہدے، محاسبے وغیرہ حسبِ حال طالبِ حق کو بتائے جاتے ہیں۔ یہی نقشبندیہ طریقے کی تعلیم ہے۔ اسی تعلیم کو آگے چل کر سیدنا ابوالعلا قدس سرہٗ نے خلق کی کم ہمتی اور ضعف کا خیال کر کے اپنے وجدان اور الہام

ے آسان تر بنا دیا ہے اور آگے جا کر اس کو پیرانِ طریقت یعنی خواجہ شاہ ابوالحسنات کے جداد نے اور بھی آسان اور موثر بنا دیا ہے۔ مثلاً ذکرِ خفی تکیہ شریف کے موجد حضرت حسنؒ قدس سرہٗ ہیں اور صلوٰۃ حفظ الایمان میں ترمیم حضرتؒ خواجہ امجد حسین قدس سرہٗ نے کر دی ہے۔

صاحب ''یادگارِ عشق'' نے بھی یہی لکھا ہے۔ نقشبندیہ ابوالعلائیہ طریقِ تعلیم میں توحید تک رسائی کی چیزیں ابتدا ہی سے شروع کرا دی جاتی ہیں۔ طریقت میں عشق و محبت بہت ضروری ہے۔ عشق پیدا کرنے کے لیے نفل نمازیں، دعائیں، وظیفے اور اذکار بتائے جاتے ہیں۔ ان سے اس لطیفے میں بیداری آتی ہے اور تحریک پیدا ہوتی ہے جس سے عشق و محبت کی لہریں دل میں پیدا ہونے لگتی ہیں۔ اسی لطیفے کی طرف اشارہ خواجہ حافظ علیہ الرحمۃ نے اپنے اس مصرعہ میں کیا ہے ع لطیفہ ایست نہانی کہ عشق از و خیزد (انسان کے سینے میں ایک چھپا ہوا لطیفہ ہے جس سے عشق پیدا ہوتا ہے)۔ رہا مجازی دنیا میں جسے عشق کہا جاتا ہے وہ ایک عارضی جذبہ ہے اور فانی ہے کیونکہ وہ مادی شے کا عشق ہوتا ہے اور مادی شے فانی ہے۔ یہ مجازی عشق بھی اسی لطیفے سے پیدا ہوتا ہے مگر چونکہ اس کی صحیح اصول کے ماتحت تربیت نہیں ہوتی اس وجہ سے خام اور ادھورا رہ جاتا ہے اور پھر فنا ہو جاتا ہے۔ مگر جب اس مجازی عشق کی شریعت و طریقت کے اصول پر تربیت کی جاتی ہے تو یہی مجازی عشق پرورش پا کر حقیقی عشق کا زینہ بن جاتا ہے اور لافانی ہو جاتا ہے۔ اسی بات کو مولانا روم علیہ الرحمۃ نے اپنی مثنوی کے اس شعر میں کہا ہے۔

عشق من گرزیں سرے گرزاں سر است
عاقبت ما را بداں شہ رہبر است

(ترجمہ: ہمارا عشق اس طرف کا ہو یا ادھر کا ہو، آخرکار وہ ہمیں اسی شاہِ حسن تک پہنچا دیتا ہے۔)

اس کی ایک مثال بھی انھوں نے مثنوی میں ایک قصہ بیان کرکے دی ہے۔ وہ قصہ یہ ہے کہ ایک بادشاہ بازار سے ایک کنیز خرید کر لایا۔ وہ اس پر عاشق تھا۔ کچھ دنوں کے بعد وہ کنیز بیمار ہوگئی۔ علاج معالجہ ہوا مگر فائدہ نہ ہوا بلکہ مرض روز بروز بڑھتا ہی گیا۔ تب بادشاہ بہت پریشان ہوا۔ مسجد میں جاکر بڑی گریہ وزاری کی اور اس کنیز کی شفا کے لیے خدا سے دعا کی۔ خواب میں اسے ایک حکیم کی بشارت دی گئی جو روحانی حکیم یعنی بڑے بزرگ تھے اور کہا گیا کہ وہی آکر اس کا علاج کرسکیں گے۔ چنانچہ دوسرے روز وہ بزرگ حکیم صاحب تشریف لائے۔ بادشاہ دل وجان سے ان کی خدمت میں مصروف ہوا اور فرطِ شوق میں یہ اشعار پڑھتا تھا۔

اے تو مارا مصطفیٰؐ من چوں عمرؓ   از برائے خدمت بندم کمر
مقصدم دراصل تو بودی نہ آں   لیک کار از کار خیزد در جہاں

(ترجمہ: اے حضور آپ ہمارے لیے مصطفیٰؐ کے مصداق ہیں اور میں حضرت عمرؓ کی طرح آپ کا خادم ہوں۔ میں نے آپ کی خدمت کے لیے کمر باندھ لی ہے۔ اس عشق وعاشقی میں ہمارا مقصد دراصل آپ کی ذات تھی مگر دنیا میں اکثر کام بالواسطہ ہوتا ہے اور ایک کام سے دوسرا کام بنتا ہے)۔

حضرت مخدوم الملک شرف الدین احمد یحیٰی مُنیری ثم بہاری نے چولھائی گوپ کو ان کی بھینس سے عشق پیدا کرکے واصل الی اللہ تک پہنچا دیا اور مخدوم چولھائی گوپ بنا دیا تھا۔ مگر بزرگانِ دین تعلیم وتربیت کے بہت سارے اصول جانتے بوجھتے وضع کرتے رہتے ہیں۔ جس کو جس طرح چاہتے ہیں تعلیم دیتے ہیں، کوئی ایک مقرر قاعدہ نہیں ہے۔ چونکہ وہ ذات بے حد و بے نہایت ہے اس وجہ سے اس کے تقرب کی راہیں بھی بے شمار ہیں اور اس تیکنک سے بزرگانِ دین ہی واقف ہیں، وہی اس کا استعمال جانتے ہیں اور وہی جس طرح چاہتے ہیں اپنے مریدوں کا علاج کرتے اور انھیں تعلیم دیتے ہیں۔

اس راہ میں عشق ناگزیر ہے اس وجہ سے بعض بزرگانِ دین اپنے طریق تعلیم میں
برزخ شیخ کی مشق کراتے ہیں ساتھ میں اذکار و اشغال اور نوافل و ادعیہ بھی بتاتے ہیں۔
برزخ شیخ کے تصور سے شیخ کی محبت پیدا ہوتی بڑھتی اور کمال تک پہنچتی ہے تب اس کا رُخ
ربوبیت اور توحید کی طرف موڑ دیا جاتا ہے۔ ہمارے یہاں طریقہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ میں
برزخ کی مشق نہیں کرائی جاتی ہے بلکہ ابتدا ہی سے عشق پیدا کراتے اور اس کا رُخ توحید کی
طرف موڑے رکھتے ہیں۔ پہلے فنائیت فی الافعال حاصل ہوتی ہے پھر فنائیت فی الصفات
ہوتی ہے اور آخر میں فنائیت فی الذات نصیب ہوتی ہے اس تعلیمی مدارج کا ذکر سیدنا ابو
العلا قدس سرہٗ نے اپنی قلمی بیاض ''گنج خم خانہ'' میں کیا ہے۔ نیز یہ بھی فرمایا ہے کہ

''درنہایت ایں چیز ہانمودار خواہد شد ولذتہا خواہد یافت بعد ازاں ترقی کند
وبرتر آید یعنی ہمہ عالم راحق داند وحق بیند۔ بدیں مداومت ومواظبت نماید تا کہ
خود را فراموش کند ہمہ عالم راحق داند وحق بیند چوں از خود خواہد گذشت از باطن
او ایں ترانہ خواہد برآمد چنانچہ از باطن ایں فقیر از خود رستہ برمی آید۔

آں را کہ من گفتمش اکنوں نمی دانم چہ شد
بسیار او راجستمش اکنوں نمی دانم چہ شد''

لفظاً تو یہ باتیں بڑی آسان اور سرسری معلوم ہوتی ہیں اور محض معمولی محنت سے
ہر کس و ناکس انہیں یاد کرسکتا اور بول سکتا ہے مگر عملاً سخت دشوار ہے، لوہے کے چنے چبانے
پڑتے ہیں۔ غور کرنے اور سوچنے سمجھنے کا مقام ہے کہ سیر ہو کر لذیذ غذائیں کھانے، قسم قسم
کے سرور انگیز و کیف آور مشروبات پینے اور رات بھر بلکہ دن کا کچھ حصہ بھی چین کی نیند سو کر
گزار دینے، کبھی کبھی مجالس نیاز، قل اور سماع منعقد کر لینے ہی سے اگر پیری و بزرگی حاصل
ہو جایا کرتی تو پہلے کے بزرگانِ دین اتنی محنت و مشقت کیوں کرتے۔ ﴿قم اللیل یا قم
قلیلا﴾ کے نزول کے بعد خود حضرت رسول کریم ﷺ اتنی عبادت کیوں کرتے کہ پائے

مبارک پر ورم آ جاتا تھا۔ بزرگانِ دین جنتوں اور پیاروں کو اپنا مسکن بنا کر بھوک پیاس کی اتنی تکلیف کیوں اختیار کرتے؟ پیٹ پر پتھر کیوں باندھتے؟ پیری فقیری تو جیسی اس زمانے کے اکثر لوگ کرتے ہیں بہت آسان ہے اور اتنی آسان ہے کہ ہر وہ شخص جس کو بڑے دھڑلے سے جھوٹ بولنے کی مہارت ہو، جو اپنی چرب زبانی سے عوام کو گمراہ کر سکے، ''شریعت اور چیز ہے اور طریقت اور چیز ہے'' ''یہ سب راز کی باتیں ہیں، انہیں صرف فقرا ہی جانتے سمجھتے اور بیان کر سکتے ہیں'' کہہ کر عوام کو پھانس سکتا ہے، کر سکتا ہے اور کر رہا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ شریعت کی اتباع اور طریقت کی تعلیم کے بغیر پیری فقیری ناممکن ہے اور اس کے لیے:

"جوعوا بطونکم و اطمئوا اکبادکم و عروا اجسادکم فلینظروا یتجلی ربنا ضاحکاً "

ترجمہ: ''اپنے پیٹ کو خالی رکھو، بھوکا رکھو، اپنے جگر کو پیاسا رکھو اپنے بدن کو (سوائے شرعی لباس کے) ننگا رکھو پھر دیکھوگے کہ ہمارا رب مسکراتا ہوا جلوہ گر ہوگا۔''

طریقت میں معدے کو زیادہ سے زیادہ خالی رکھنا یعنی بہت روزے رکھنا اور فاقے کرنا، پیاس کی شدتیں برداشت کرنا، لباس و پوشاک میں ممکن حد تک کمی کرنا، راتوں کو اٹھ کر نوافل پڑھنا، ذکر، شغل اور مراقبے میں مشغول رہنا ناگزیر ہے۔ بغیر ان باتوں کے فقیری کا حاصل ہونا محال اور ناممکن ہے۔ ہاں اگر کسی صاحب دل بزرگ کی نظر رحمت ہو جائے اور وہ جذب کے ذریعے کسی کو واصل الی اللہ تک پہنچا دے تو یہ دوسری بات ہے مگر اس کی مثال شاذ و نادر ہے۔ نظم عالم اسی طرح چل رہا ہے کہ شریعت کی پیروی اور طریقت کی تعلیم اور صحبتِ بزرگانِ دین ہی سے یہ باتیں حاصل ہوتی ہیں۔ جب تک ان باتوں پر عمل نہ ہوگا اور سلوک کی منزلیں طے کر کے انسان اس مقام تک نہیں پہنچے گا جیسے کہ سیدنا ابوالعلا قدس سرہٗ نے بیان فرمایا ہے ساری عبادتیں اور ریاضتیں رسم و رواج ہیں

محض ریاکاری ہیں بلکہ طریقت کے نزدیک کفر و شرک اور نفاق ہیں معاذ اللہ منہا۔ ریا کے ایک معنی جسے سب لوگ سمجھتے اور بولتے ہیں، یہ ہے کہ آدمی اس نیت سے عبادت کرے کہ لوگ اس کو اچھا اور بزرگ سمجھیں، یہ ریاکاری کا ادنیٰ اور اوپری درجہ ہے۔ ریاکاری اس عبادت و ریاضت کو کہتے ہیں جو عبادت و ریاضت کے اس درجے تک نہ پہنچے جو اصل مقصود و معبود ہے۔

اسی وجہ سے سارے طالبانِ حق کے لیے ضروری ہے کہ اس مقام تک پہنچنے کی اسی طرح کوشش کریں جس طرح تمام بزرگانِ دین نے کی ہیں اور پیر صاحبان جنہیں کسی وجہ سے یہ مقام حاصل نہ ہو سکا ہے، پہلے خود اپنے آپ کو اس مقام تک پہنچائیں تا کہ صحیح معنوں میں اہلیت پیدا کر کے اپنے دین و ایمان کی حفاظت کریں اور اپنے مریدوں کو گمراہی اور بے دینی سے بچائیں۔ یاد رکھیے یہی صحیح دین ہے اور یہی اسلام کی روح ہے۔ اس کے علاوہ جو کچھ ہے رسم و رواج ہے، کفر و شرک اور نفاق ہے، ہرگز دین اسلام صحیح معنوں میں یہ نہیں ہے۔

اب اصل قصے کی طرف آیئے۔ حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہ کے مرید و خلیفہ حضرت مولانا یعقوب چرخی قدس سرہ ہیں اور پھر ان کے مرید و خلیفہ حضرت خواجہ عبید اللہ احرار ہیں جو اس عالم میں جب تک رہے فقیر بھی رہے اور شاہانہ شان و شوکت کے ساتھ بھی رہے۔ حضرت جامی نے آپ کے بارے میں فرمایا ہے:

چوں فقر اندر قبائے شاہی آمد   بہ تدبیر عبید اللہی آمد

(فقیری شاہی لباس میں حضرت عبید اللہ احرار کی تدبیروں سے ظاہر ہوئی ہے۔)

بیمار کو جب شفا ہو جاتی ہے تو پرہیز ٹوٹ جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض بزرگانِ دین نے امیرانہ ٹھاٹ باٹھ کے ساتھ بھی بظاہر زندگی بسر کی ہے اور یہ صورت فقر و فاقے کے ساتھ زندگی بسر کرنے سے زیادہ مشکل ہے۔ دولتِ دنیا روحانیات اور دین اسلام

کے لیے زہر ہے۔ان بزرگوں نے جو دولت کے باوجود فقیری کی ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک حاذق حکیم زہر ہلاہل کو بھی مدبر کر کے تریاق بنا دیتا ہے۔اسی طرح ان بزرگوں نے دولت اور شان وشوکت کو اپنے حق میں تریاق بنالیا تھا اس وجہ سے دولت کی مضرت ان کو نقصان نہ پہنچا سکی ،اور یہ سنت ہے حضرت سلیمان علیہ السلام کی جیسا کہ انہوں نے دعا کے طور پر اللہ تعالیٰ سے درخواست کی تھی:

﴿ رب هب لي ملكا لا ينبغي لاحد من بعد ﴾

ترجمہ: ''خدایا! مجھے ملک تو دے مگر میرے بعد کسی کو (کسی برگزیدہ کو) نہ دینا۔''

ان کا دوسرے لوگوں کو ملک نہ دینے کی دعا کرنا شفقت کی بنا پر تھا۔یہ اس لیے تھا کہ دوسرے لوگ دولت کے مضر اثرات سے اپنے دین کو خراب نہ کر بیٹھیں۔حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے قول سے بھی دولت کا نقصان اور اس سے دین کی بربادی مترشح ہوتی ہے۔انہوں نے فرمایا کہ اگر دین اور دنیا ایک جگہ جمع ہو سکتے تو یہ مجھے حاصل ہوتا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بڑی قوت عطا فرمائی ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ و لو بسط اللہ الرزق لعبادہ لبغوا في الارض و لكن ينزل بقدر ما يشاء انہ بعبادہ خبير بصير ﴾

ترجمہ: ''اور اگر پھیلا دے روزی اپنے بندوں میں تو بغاوت کرنے اور فتنہ وفساد پھیلانے لگیں۔وہ جتنا چاہتا ہے اتنا ہی نازل کرتا ہے۔بیشک وہ اپنے بندوں کی خبر رکھتا ہے۔''

یہ ہے دولت دنیا کا نقصان۔

حضرت خواجہ عبید اللہ احرار حضرت جامی کے پیر ومرشد اور حضرت سیدنا ابو العلا قدس سرہٗ کے جد اعلیٰ تھے۔ان کی بیعت کے سلسلے کا شجرہ تو پہلے لکھا جا چکا ہے۔یہاں حضرت ابو العلا قدس سرہٗ کا خاندانی شجرہ لکھا جا رہا ہے:

ذکرِ حضرت امیر سیّدنا ابوالعلاء قدس سرہٗ

قصیدہ

یہی وظیفہ ہے عاشقوں کا ہم فقیروں کی بھی صدا ہے
گرہ کشائے دو عالم اکبرؔ، ہمارا پیارا ابو العلا ہے

بہار کے دن ہیں بارشیں ہیں سحاب رحمت برس رہا ہے
مزے میں ہیں رند، خوش ہے ساقی کہ میکدہ سب بھرا ہوا ہے

لگی ہے ایسی لگن کسی سے کہ مرنے پر بھی نہ چھٹ سکے گی
یہ عاشقی ہے دِل لگی نہیں ہے، جو ہم مٹے ہیں تو دل لگا ہے

یہی ترانہ سُنا چمن میں، یہی صدا آئی جنگلوں سے
یہی ہیں ہم رِندوں کے نعرے، خدا کا پیارا ابو العلا ہے

ابو العلائی ہے اپنا مشرب یہی ہے اکبرؔ ہمارا مذہب
ازل کے دن سے ہمارے دل پر لکھا ہوا نام ابو العلا ہے

منقبت شریف

از نتیجۂ فکر : سیّد مختار احمد اجمیری عفیٰ عنہٗ

رِندو کھلا ہوا ہے میخانہ ابو العُلا کا — آنکھوں سے پی رہا ہے مستانہ ابوالعُلا کا

ہے چشتی نقشبندی میخانہ ابو لعلا کا — محفل میں چل رہا پیمانہ ابو العُلا کا

یہ بو العُلائی محفل کس شان کی ہے محفل — شمع بدوش آیا پروانہ ابو العُلا کا

آنکھیں لگی ہوئی ہیں یوں آج دل کی جانب — ہر دل بنا ہوا ہے کاشانہ ابو العُلا کا

کیا شام کیا سویرے منگتا لگائیں پھیرے — ہے فیضِ عام جاری روزانہ ابو العُلا کا

عرفان ہوشمندی ہر گام پر ملے گا — بن کر تو کوئی دیکھے دیوانہ ابو العُلا کا

مظہر میاں ہیں مظہر محسن میاں کے یارو — یہ جانتے ہیں رتبہ شاہانہ ابو العُلا کا

عاشق ہیں ابو العُلا کے صوفی شمیم دیکھو — کرتے ہیں ذکرِ پیہم روزانہ ابو العُلا کا

مختار معرفت کی منزل کو جانتا ہے
خواجہ کا نام لیوا مستانہ ابو العُلا کا

خاندانی شجرہ سیدنا ابو العُلا قدس سرہ

(۱) امیر سیدنا ابوالعُلا قدس سرہٗ
(۲) امیر سید ابوالوفا قدس سرہٗ
(۳) امیر سید عبدالسلام قدس سرہٗ
(۴) امیر سید عبدالملک قدس سرہٗ
(۵) امیر سید عبدالباسط قدس سرہٗ
(۶) امیر سید تقی الدین کرمانی قدس سرہٗ
(۷) امیر سید شہاب الدین محمود قدس سرہٗ
(۸) امیر سید عماد الدین قدس سرہٗ
(۹) امیر حجاج قدس سرہٗ
(۱۰) امیر سید علی قدس سرہٗ
(۱۱) سید نظام الدین قدس سرہٗ
(۱۲) امیر سید اشرف قدس سرہٗ
(۱۳) امیر اعز الدین قدس سرہٗ
(۱۴) امیر شرف الدین قدس سرہٗ
(۱۵) امیر سید مجتبیٰ قدس سرہٗ
(۱۶) امیر سید گیلانی قدس سرہٗ
(۱۷) امیر سید بادشاہ قدس سرہٗ
(۱۸) امیر سید حسن قدس سرہٗ
(۱۹) امیر سید حسین قدس سرہٗ
(۲۰) امیر سید محمد قدس سرہٗ
(۲۱) امیر سید عبداللہ قدس سرہٗ
(۲۲) امیر سید محمد قدس سرہٗ
(۲۳) امیر سید علی قدس سرہٗ
(۲۴) امیر سید عبداللہ قدس سرہٗ
(۲۵) امیر سید حسن قدس سرہٗ
(۲۶) امیر سید اسمٰعیل قدس سرہٗ
(۲۷) امیر سید محمد قدس سرہٗ
(۲۸) امیر سید عبداللہ باہر قدس سرہٗ
(۲۹) امیر سید زین العابدین قدس سرہٗ
(۳۰) امیر سید امام حسین رضی اللہ عنہ

گزشتہ صفحے میں جو خاندانی شجرہ نسب سیدنا ابوالعلا قدس سرہٗ کا لکھا گیا ہے وہ ''اذکار احرار'' جدید مطبوعہ ۱۳۵۳ھ کی نقل ہے اور اسے مولوی شیخ احمد اللہ عثمانی العباسی نے تالیف کیا ہے۔ اس شجرہ سے حضرت سیدنا کا جدی (دادھیالی) نسب نامہ منظر عام پر

آ گیا اور طریقت کے شجرے سے سلسلہ بیعت و انابت بھی معلوم ہو گیا۔ رہ گئی ننہالی
آپ خواجہ فیضی کے نواسے تھے جو اکبر کے درباری اور نورتنوں میں سے ایک رتن تھے ا
بنگال میں بردوان کے ناظم تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ خواجہ فیضی کی دخترِ نیک اختر تھیں ا
وہ میر عبدالسلام کے لڑکے تھے اور میر عبدالسلام خواجہ عبید اللہ احرار کے لڑکے تھے۔

حضرت سیدنا کے دادا امیر عبدالسلام اور والد ابوالوفا، جلال الدین اکبر ک
وقت میں سمرقند سے یہاں آکر فتح پور سیکری میں اقامت گزیں ہوئے۔ وہیں سے امی
عبدالسلام حج کے لیے روانہ ہونے والے تھے اسی دوران اپنے والد کی حج پر روانگی س
پہلے امیر ابوالوفا یعنی حضرت سیدنا کے والد دردِ قولنج میں مبتلا ہو کر انتقال کر گئے۔ اور جب
امیر عبدالسلام حج کر چکے تو وہ بھی وہیں مکہ معظمہ میں رحلت فرما گئے۔ جنت المعلیٰ میں ان ک
قبر ہے۔ امیر ابوالوفا کی نعش فتح پور سیکری سے دہلی لائی گئی اور لعل دروازہ کے قریب دفن
کر دی گئی۔ اب حضرت سیدنا کی پرورش ان کے نانا خواجہ فیضی کے سایہ عاطفت میں ہونے
لگی۔ خواجہ فیضی بردوان میں ناظم اور فوج کے افسر اعلیٰ تھے۔ والی بنگال مان سنگھ ان کا بڑ
لحاظ کرتا تھا۔ جب خواجہ فیضی بھی انتقال کر گئے یا شہید ہو گئے تو مان سنگھ نے حضرت سیدنا کو
خواجہ فیضی کی جگہ پر فوج کا افسر متعین کر دیا۔ آپ نے اس منصب پر اپنی ذمہ داری بڑے
حسن و خوبی کے ساتھ نبھائی۔

حضرت سیدنا کی ولادت ۹۹۰ھ میں مضافات دہلی کے ایک مقام نریلہ یا نرملہ
نامی میں ہوئی۔ پرورش یا پرداخت جیسا کہ پہلے لکھا گیا ہے، آپ کے نانا خواجہ فیضی نے
کی۔ حصولِ علمِ ظاہری کہاں تک کیا اور کس سے کیا، کچھ معلوم نہ ہو سکا بجز اس کے کہ خواجہ
فیضی ہی نے آپ کی تربیت کی۔ خواجہ فیضی کی شہادت سے پہلے تک آپ فوج کے افسر اعلیٰ
کی خدمت انجام دیتے رہے۔ ملا لطف اللہ اور شاہ ولی اللہؒ لکھتے ہیں:

''چنداں بداں وضع نوکری می کردند بروش سپاہیان می بودند۔'' (اذکار

احرار، انفاس العارفین)

بعد شہادت خواجہ فیضی، آپ امرائے دربار میں شامل ہو گئے اور امیرانہ زندگی بسر کرنے لگے۔

مگر عنایتِ ازلی نے آپ کو کسی اور ہی کام کے لیے منتخب کیا تھا اور لباس ظاہری کے عوض قبائے دوستی ومؤدت آپ کی خاطر تیار کرلی گئی تھی۔ اتفاقاً ایک روز آپ نے خواب میں تین صاحبانِ صفا اور بزرگ ہستیوں کو دیکھا۔ انہوں نے فرمایا کہ ''اے فرزند! یہ لباس تمہیں زیب نہیں دیتا ہے۔ تم اپنے آبائی لباس کو زیب تن کرو اور ہم لوگوں کی روش اختیار کرو ''پسندیدہ وضع ایں است کہ ما داریم'' (پسندیدہ وضع یہ ہے کہ جو ہم لوگوں نے اپنائی ہے)۔ اس چھوٹی اور جھوٹی حکومت پر تکیہ غلط ہے۔ یہ شخصیت اور یہ حکومت فانی ہے، قائم رہنے والی نہیں ہے اور اگر وجہ معاش کا فکر وخیال ہے تو: ﴿ وفی السماء رزقکم مما توعدون ﴾ (تمہارا رزق آسمان میں ہے، وہیں سے زمین پر نازل ہوتا ہے اور اس کا تم سے وعدہ کرلیا گیا ہے) تم وجہ واسباب معاش سے بے فکر ہو جاؤ اور ﴿ اللّٰہ نور السموات والارض ﴾ کے مظہر بن جاؤ پھر اپنے فیض ضیا بار سے دنیا کو منور کردو۔ ملا لطیف اللہ ''اذکار احرار'' میں لکھتے ہیں کہ ایک روز حضرت امیر ابوالعلا قدس سرہٗ نے اپنے صاحب زادہ اور ولیعہد سے یہ فرمایا تھا کہ ان تین بزرگوں میں سے ایک تو حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ تھے اور باقی دونوں صاحب زادگان حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما تھے ان میں سے ایک کے مشابہ تم ہو جو غالباً حضرت امام حسینؓ تھے۔ یہ خواب بظاہر تو ایک خواب تھا مگر حقیقتاً ایک اُویسیہ نسبت تھی جو حضرت سیدنا امیر ابوالعلا قدس سرہٗ کو براہ راست حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے حاصل ہوئی۔

اس خواب کے بعد آپ ملازمت سے دست بردار ہو کر دہلی روانہ ہوئے۔ راستے میں قصبہ منیر ملا جو حضرت مخدوم شرف الدین احمد یحییٰ منیری کا وطن تھا۔ وہاں اس وقت شاہ

دولت منیری قدس سرہٗ اپنے فیض سے خلق کو سیراب کر رہے تھے۔ سیدنا نے ان سے ملاقات کی ، کچھ دیر باتیں ہوئیں۔ دوران گفتگو حضرت دولت منیری نے فرمایا: "الدنیا جیفة و طالبها کلاب" (دنیا مردار ہے اور اس کے طلبگار کتے ہیں)۔ پھر فرمایا پہلے تو اس مردار میں گوشت بھی تھا اب تو صرف ہڈی باقی رہ گئی ہے اور یہ مردار خنزیر ہے۔ یہ وہی حضرت دولت منیری ہیں جن کے فیض و برکات کا شہرہ دہلی تک پہنچ چکا تھا چنانچہ اکبر کے مرنے کے بعد جہانگیر کی تاجپوشی کے جشن کے موقع پر جہانگیر کو تاج پہنانے کے لیے حضرت دولت منیری کو منیر سے دہلی دعوت دے کر بلایا گیا تھا اور انہوں نے جہانگیر کو اپنے دست مبارک سے تاج پہنایا تھا۔ اس موقعے پر کی ایک تصویر آج سے تقریباً پچیس تیس سال پہلے ہندوستان کے مشہور ہفت روزہ انگریزی جریدہ "ILLUSTRATED WEEKLY BOMBAY" میں بڑے آب وتاب اور رنگ وروغن سے چھپی تھی۔

منیر سے آگے بڑھے اور عازمِ اجمیر ہوئے۔ اثنائے راہ میں جہانگیر کے شاہی دربار سے گزر ہوا۔ یہاں ایک واقعہ پیش آیا۔ اس واقعہ یا حادثہ کے ظہور کے مقام میں اختلاف ہے۔ منیر الدین احمد صاحب نے اپنی یادداشت میں جو لکھا ہے وہ نیچے نقل کیا جا رہا ہے:

"حضرت سیدنا وہاں سے (منیر سے) چل کر دربار میں پہنچے۔ ایک شب بادشاہ نے حکم دیا کہ دوشاخہ مشعل کے درمیان ایک لیموں رکھا جائے اور سب اس پر تیر چلائیں۔ پہلی مرتبہ سب تیر خالی گئے۔ بادشاہ کے چہرے پر غضب کے آثار ظاہر ہوئے۔ معاً سیدنا نے تیر چلایا اور وہ ٹھیک نشانے پر بیٹھا اور دوشاخے کے درمیان سے ان کا تیر لیموں کو اڑا لے گیا۔ بادشاہ جہانگیر بہت خوش ہوا اپنے ہاتھ سے پیالے میں شراب انڈیل کر سیدنا کو دی۔ سیدنا نے اسے زمین پر گرادیا۔ بادشاہ نے دیکھا تو اس کو بہت ناگوار گزرا۔ ارکانِ دولت سے پوچھا کہ یہ کون ہے؟ بخشی نے بتایا کہ ملازم سرکار ہیں جو راجہ مان سنگھ کے ساتھ متعین تھے۔ بادشاہ نے کہا کہ راجہ کے ملازم تھے اس لیے

ایسا کیا، اگر میرے ملازم ہوتے تو ایسا نہ کرتے۔ اس کے بعد پاس میں جو کچھ تھا ملازموں میں تقسیم کر کے انھیں رخصت کر دیا اور خود یہ شعر پڑھتے ہوئے روانہ ہو گئے ۔

ایں ہمہ طمطراق کن فیکوں

ذرّہ نیست پیش اہلِ جنوں"

معلوم نہیں منیر الدین احمد صاحب کے اس بیان کا مآخذ کیا ہے؟ میں نے جو کچھ بزرگوں سے سنا ہے اس میں اور اس بیان میں تھوڑا فرق ہے۔ منیر الدین احمد صاحب کے بیان سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ یہ واقعہ قلعہ آگرہ میں پیش آیا مگر میں نے سنا ہے کہ یہ واقعہ کسی جنگل میں پیش آیا جہاں بادشاہ معہ اعیانِ دولت کے شکار کھیلنے کے لیے پڑاؤ ڈالے ہوئے تھا۔ دو شاخے کے درمیان لیموں رکھ کر تیر اندازی کا مقابلہ بھی اسی تفریحی مشغلے کی تائید کرتا ہے۔ وہاں جب سیدنا نے جہانگیر کے دستِ خاص کی عطا کی ہوئی شراب پھینک دی تو بادشاہ نے بڑے پُر جلال انداز میں کہا: "تم غضبِ سلطانی سے نہیں ڈرتے ہو؟" سیدنا نے منہ توڑ جواب دیا: "تم غضبِ سبحانی سے نہیں ڈرتے ہو؟" یہ کہہ کر 'ھُو' کا ایک نعرہ مارا فوراً جنگل سے کئی شیر نکل کر لشکرِ شاہی پر حملہ آور ہوئے۔ بھگدڑ مچ گئی، حضرت سیدنا نے اسی بھگدڑ میں اپنی راہ لی اور دہلی کی جانب روانہ ہو گئے۔ اسی وقت سے 'ھُو' کا نعرہ ابو العُلائیوں میں رائج ہوا ہے۔

دہلی پہنچ کر سلطان المشائخ حضرت نظام الدین محبوب اولیا کے دربار کا رخ کیا۔ وہاں سے فیض حاصل کیا پھر حضرت قطب الدین بختیار کاکی کے مزار پر حاضری دی اور فیض حاصل کیا۔ اس کے بعد اجمیر شریف پہنچے اور خواجہ غریب نوازؒ کے مزار پر حاضر ہونا چاہا۔ خدام نے عرض کیا کہ اس وقت مقبرے کا دروازہ بند ہو گیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ چلیے دروازے پر یہ عرض کر دیجیے کہ ابو العُلا حاضر ہوا ہے۔ خادم نے ایسا ہی کیا۔ فی الفور مقبرے کا تالا کھل کر نیچے گر پڑا۔ تب خادم نے کہا لیجیے خواجہ آپ کو باریابی کی اجازت

بخش رہے ہیں۔ چنانچہ یہ اندر چلے گئے اور غالباً صبح تک اندر ہی رہے۔ خانقاہوں میں یقین کے ساتھ یہ روایت چلی آرہی ہے کہ خواجہ صاحب بشکل اصلی اور انسانی ظاہر ہوکر سیدنا ابوالعلا کو تعلیم دیتے تھے اور اتمام طریقت ان کی فرمائی۔

منیر الدین احمد صاحب لکھتے ہیں کہ:

''اذکار احرار اور حجت العارفین کا متفقہ بیان ہے کہ وہاں سے (خواجہ غریب نوازؒ) آپ کو پورا پورا فیض حاصل ہوا۔ ایک روز روحِ مبارک حضرت خواجہ غریب نوازؒ بصورتِ مثالی ظاہر ہوئی اور فرمایا کہ اس زمانے میں سید زادے اور خواجہ زادے بہت ہیں مگر مشیت الٰہی نے تمہارا انتخاب کیا ہے اور تمہیں اس نعمت سے ممتاز فرمایا ہے۔ یہ بات سو سال بعد یا تین سو سال بعد کسی بندۂ خاص کو عنایت ہوتی ہے جس طرح ہمارے زمانے میں مجھے عطا کی گئی ہے۔ پھر حضرت خواجہ نے اپنے دستِ مبارک سے کوئی چیز حضرت سیدنا کے منہ میں ڈال دی۔ حضرت سیدنا فرماتے ہیں کہ وہ سرخ رنگ کی کوئی چیز تسبیح کے دانے کے برابر تھی۔ اس سے میرے سینے کے اندر ایک عظیم الشان نور پیدا ہوا۔ پھر فرمایا میری ساری عمر کی کمائی یہی چیز تھی جو آج میں نے تمہیں دے دی۔ اب تم اس کو نگاہ میں رکھنا۔ پھر ارشاد ہوا، یہاں سے تو تمہیں جو کچھ لینا تھا لے لیا۔ اب مرتبۂ قطبیت تم کو اپنے چچا امیر عبداللہ سے حاصل ہوگا۔ وہاں جاکر ان کے ہاتھ پر بیعت کرو اور ان کا طریقہ حاصل کرو۔''

''نجاتِ قاسم'' نام کی کتاب میں اتنا اضافہ ہے کہ جب حضرت سیدنا کو خواجہ غریب نوازؒ نے اپنے چچا کے ہاتھ پر بیعت کرنے کا حکم دیا تو سیدنا نے فرمایا کہ مجھے آپ نے اپنے فیوض و برکات سے سرفرازی بخشی ہے۔ میرے چچا نقشبندی ہیں ان کے یہاں سماع کی ممانعت ہے۔ وہاں میرے دل کو چین کہاں نصیب ہوگا۔ خواجہ صاحب نے فرمایا تم

ن کی فکر نہ کرو۔ وہ تمہیں خود ہی سماع کی اجازت دے دیں گے۔

اس کے بعد آپ آگرہ تشریف لائے اور حضرت سید جعفر بن امیر زین العابدین بن امیر تقی الدین کرمانی قدس اللہ اسرارہم کے مزارِ مبارک پر فروکش رہے۔ یہ مقام حویلی میر الامرا قاضی خاں میں تھا۔ یہاں بھی حضرت خواجہ غریب نوازؒ نے بصورتِ مثالی تشریف لاکر حضرت سیدنا ابو العلا سے فرمایا کہ تمہارے چچا امیر عبد اللہ برہان پور سے تشریف لا رہے ہیں ان کے ہاتھ پر بیعت ضرور کرلینا۔ سیدنا کے چچا امیر عبد اللہ کی تشریف آوری آگرہ میں پہلے سے مشہور ہو چکی تھی یعنی یہ کہ امیر عبد اللہ صوبہ دار برہان پور تشریف لا رہے ہیں۔

چند روز کے بعد امیر عبد اللہؒ قطبِ وقت اور صوبہ دار برہان پور آگرہ تشریف لائے اور حضرت سیدنا ان کی خدمت میں بیعت کے ارادے سے حاضر ہوئے۔ سیدنا فرماتے ہیں کہ ہیبت الٰہی اور جلالِ جبروتی کا اس قدر غلبہ تھا کہ مجھ میں یارائے سخن نہ تھا۔ کچھ عرض کرنا چاہتا تھا مگر بول نہیں سکتا تھا۔ اس وقت خواجہ محمد قاسم نے بڑی مدد کی اور رہنمائی فرمائی۔ انھوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور حضورِ امیر میں یہ کہتے ہوئے پیش کیا کہ ''اپنے برادرزادے کو اپنے سلسلے میں منسلک فرمالیجئے۔'' چنانچہ حضرت امیر نے میری بیعت لی اور مجھے اپنے نقشبندی سلسلے میں داخل فرمالیا (ماخوذ از ''اذکارِ احرار'')۔ اور غالباً حضرت خواجہ غریب نوازؒ کی پیشین گوئی کے مطابق سماع کی اجازت بھی مل گئی۔ پھر آپ وزیر پورہ اور دیال باغ کے درمیان ایک ویران مقام پر جا بیٹھے۔ وہیں آپ نے اقامت اختیار کرلی، خانقاہ بنی اور وہیں اب آپ کا مقبرہ ہے۔ اسی کی سیدھ میں پورب کی جانب تقریباً ایک میل کی دوری پر جمنا ندی بہتی ہے اور جمنا ندی کے اس پار حضرت امیر عبد اللہ کا مقبرہ اور مسجد ہے۔ یہ مقام شاہراہ سے تقریباً ایک فرلانگ کی دوری پر ہے۔ سڑک اور مقبرے کے درمیان کچھ کھیت ہیں جن کے کنارے پگ ڈنڈیاں ہیں۔ سڑک سے انھی پگڈنڈیوں

کے راستے حضرت امیر عبداللہ کے مزارِ مبارک تک پہنچتے ہیں۔ یہاں بڑی خاموشی رہتی ہے اور ایک پُر ہیبت سکوت چھایا رہتا ہے۔لوگ جاتے اور مزارِ اقدس پر فاتحہ پڑھتے اور مراقب بیٹھتے ہیں۔اور ادھر حضرت سیدنا کے مزارِ مبارک پر ہروقت چہل پہل رہتی ہے۔ آس پاس کچھ دکانیں بھی ہیں۔ ہر وقت دو ایک چوکی قوالوں کی موجود رہتی ہے اور ہر نماز کے بعد وہ دو چار گانے مزامیر کے ساتھ گاتے ہیں۔رات بھر حاجت منداور زائرین مزار شریف پر حاضر رہتے ہیں اور جمعرات کے روز تو احاطے کے اندر اور باہر بڑا مجمع رہتا ہے۔رات بھر قوالی ہوتی رہتی ہے۔ فیضان بھی خوب پہنچتا ہے۔

چونکہ سیدنا کی تعلیم وتربیت تو حضرت خواجہ غریب نواز سے مکمل ہو چکی تھی۔بیعت باقی رہ گئی اور بیعت کے لیے حیاتِ دنیاوی میں کسی پیر کا موجود رہنا اور بیعت لینا ضروری ہے۔ بیعت لینا اتباع امرِ رسالت ہے۔تبلیغ رسالت کے لیے جس طرح رسول کا اس عالم کی زندگی میں موجود ہونا ضروری تھا اسی طرح بیعت لینے کے لیے پیر کا دنیاوی زندگی میں موجود رہنا ناگزیر ہے۔ کیونکہ بیعت تبلیغ رسالت کا ایک جزو ہے اور اللہ تعالٰی اس جزوی رسالت کو بھی اپنے علمِ قدیم اور طے شدہ پروگرام کے مطابق قائم رکھے ہوئے ہے۔اصل رسالت ونبوت تو رسول اللہ ﷺ پر ختم ہو چکی ہے،اب صرف انھیں کی اتباع والی جزوی رسالت باقی رہ گئی ہے جسے پیری مریدی کہا جاتا ہے"**اللہ اعلم حیث یجعل رسالته**" (اللہ تعالٰی ہی بہتر جانتا ہے کہ وہ اپنی رسالتیں کیسے،کب اور کہاں کہاں بھیجا کرتا ہے)۔ یہی وجہ تھی کہ امیر عبداللہؒ نے بیعت لینے کے بعد اجازت وخلافت اور اجازتِ سماع دے کر مرتبۂ قطبیت عطا فرما کر انھیں جلد ہی رخصت کر دیا۔اس نئی اقامت گاہ پر حضرت سیدنا کا فیض بڑے زور وشور سے جاری ہوا۔آپ سے علاوہ فیوضِ باطنی کے بے شمار کشف و کرامات ظاہر ہوئے۔حضرت سیدنا ابوالعلا قدس سرہٗ کو حضرت مولا علی رضی اللہ عنہٗ سے بطریق اویسیہ فیض حاصل ہوا۔پھر نقشبندیہ طریقے میں کسب کر کے کمال حاصل کیا۔حضرت

خواجہ عبید اللہ احرارؒ سے ننہالی ورثہ میں فیوض حاصل ہوئے۔ حضرت مولانا قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے میخانہ سے جرعہ کشی کی۔ حضرت خواجہ غریب نوازؒ نے تو وہ چیز عطا فرمائی جس کو خود خواجہ نے اپنی عمر کا سرمایہ فرمایا ہے۔ان حضرات کے علاوہ حضرت جعفر امیر کرمانی سے بھی باطنی فیض حاصل ہوا۔ حضرت سیدنا ابوالعلاؒ کے صاحبزادے امیر نور العلا فرماتے ہیں کہ کمالات ولایت چشتیہ آپ کو بصورتِ مثالی بالمشافہ حضرت خواجہ غریب نوازؒ نے بخشی اور نسبت عالیہ نقشبندیہ اپنے عم بزرگوار قطب وقت امیر عبد اللہؒ سے آپ کو حاصل ہوئی۔انھی دونوں نسبتوں کے مجموعے کا نام طریقہ ابوالعلائیہ ہے۔

آپ کی کرامتیں:

جیسا کہ اوپر بیان ہوا ہے آپ سے بے شمار کشف وکرامات ظاہر ہوئے جن میں سے بطور مشتے از خروارے لکھے جا رہے ہیں۔

(۱) جب آپ کا وصال ہو گیا تو گورکن نے قبر ایسی کھودی جس میں مردہ صحیح قبلہ کی طرف رخ نہیں کر سکتا تھا۔اسی قبر میں آپ کو دفن بھی کر دیا گیا۔ کچھ دنوں کے (غالباً بیس دن کے) بعد جب مزار پختہ کرنے کے لیے کھولا گیا اور آپ کے خلیفہ شیخ محمد رفیعؒ قبر میں اترے تو دیکھا کہ آپ کا رُخ صحیح قبلہ کی سمت ہے۔ مزار پختہ کیا گیا مگر تعویذ ٹیڑھا ہی بنا کیونکہ قبر ہی ٹیڑھی کھدی تھی۔ایک مدت کے بعد ایک درویش حصولِ سعادت کے لیے مزارِ مبارک پر حاضر ہوئے۔مزار شریف کو دیکھ کر ان کے دل میں یہ خطرہ پیدا ہوا کہ اتنے بڑے بزرگ کے مزار کا تعویذ لوگوں نے ٹیڑھا بنا دیا ہے معاً ایک آواز آئی کہ: ''اے درویش! اگرچہ مزار کے تعویذ کا رُخ ٹیڑھا ہے مگر صاحبِ مزار کا رُخ تو قبلہ کی صحیح سمت میں ہے اور اگر تم کو مزار کی ظاہری سمت ناگوار ہے تو یہ ابھی سیدھی سمت ہوئی جاتی ہے۔'' کہتے ہیں کہ اس جملے کے ختم ہوتے ہی مزار کو جنبش ہوئی اور اس کی سمت سیدھی ہو گئی۔

(۲) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے حضرت سیدنا کی کرامات میں سے ایک کرامت

کا ذکر اس طرح فرمایا ہے: ''می گویند کہ یکے از ستوراں بہل تو ایشان متاثر شدہ بہ حضور بہ ایشاں مثل سائر طالبان بہ ادب می نشست و چوں اہلِ طلب از انفاس حضرت امیر جذب قوی داشت۔'' (انفاس العارفین) واقعہ اس کا یہ ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی کے ایک خلیفہ بلکہ افضل الخلفا جن کا نام میر نعمان تھا ایک روز اپنے بیل پر پانی سے بھری ہوئی پکھال لادے ہوئے حضرت سیدنا کی خانقاہ کے سامنے سے گزر رہے تھے۔ خانقاہ میں حاضرین پر شورش کا عالم طاری تھا۔ سقہ صاحب موصوف معہ اپنے بیل کے اتنے متاثر ہوئے کہ دیر تک عالمِ بے خودی میں وہیں کھڑے رہ گئے۔ اس کے بعد سے یہ کیفیت ہوگئی کہ وہ بیل جب ادھر سے گزرتا تو تھوڑی دیر تک ضرور وہاں ٹھہرا رہتا۔

(۳) جامع مسجد آگرہ کے راستے میں ایک ہاتھی پاگل ہوکر کھڑا ہوگیا تھا۔ کئی راہ گیروں کو اس نے ہلاک کر دیا تھا۔ جمعہ کا دن تھا۔ حضرت سیدنا مع احباب نمازِ جمعہ کے لیے جامع مسجد کی جانب روانہ ہوئے۔ بعض آدمیوں نے ہاتھی کے بارے میں بتایا اور جانے سے منع کیا۔ آپ نے کہا، ہم لوگ فقیر ہیں وہ ہمیں نہیں ستائے گا۔ یہ کہہ کر آگے روانہ ہوئے۔ ہاتھی انھیں دیکھ کر ان کی طرف لپکا۔ کچھ لوگ اِدھر اُدھر ہوگئے۔ آپ کھڑے رہے۔ اس نے آکر اپنی سونڈ سے آپ کے قدم چھوئے پھر راستہ چھوڑ دیا۔ آپ معہ احباب آگے بڑھ گئے۔ پھر وہ بھی آپ کے پیچھے پیچھے جامع مسجد تک آیا۔ یہ لوگ اندر داخل ہوگئے تو وہ دروازے پر بیٹھ گیا۔ بعد نماز جب آپ واپس ہوئے تو وہ بھی خانقاہ کے دروازے پر آکر بیٹھ گیا۔ تین روز تک حضرت سیدنا نے اس کے کھانے پینے کا بندوبست کیا اور کھلایا۔ اس کے بعد فرمایا کہ تو ہاتھی ہے اور میں کوئی نواب یا راجہ نہیں ہوں، فقیر آدمی ہوں۔ تو میرے پیر و مرشد کے مزار کے سامنے جمنا ندی کے کنارے بسیرا کر لے۔ آنے جانے والوں کو اپنی پیٹھ پر بٹھا کر اِس پار سے اُس پار اور اُس پار سے اِس پار کر دیا کر، وہ لوگ تجھے اتنا کھانے کو دیں گے کہ تیرا پیٹ بھر جایا کرے گا۔ یہ سن کر وہ چلا گیا اور جمنا ندی کے کنارے جا کر

حضرت سیدنا کے حکم کی تعمیل کرنے لگا۔ جب اس کے مرنے کا وقت قریب آیا تو پھر سیدنا کی خانقاہ کے جنوبی دروازے کے باہر آکر بیٹھ گیا اور مر گیا۔ اب تک اس مقام پر ایک اونچا ڈھیہ موجود ہے جسے ہاتھی کی قبر کہا جاتا ہے۔

٣) ایک مرتبہ ایک جوگی راہگیر خانقاہ میں آیا اور پینے کو پانی مانگا۔ آپ نے خدام کو اسے پانی دینے کو فرمایا۔ لوگوں نے کچھ کھانے کو لا کر دیا اور پانی دیا۔ جوگی کھا پی کر آسودہ ہو گیا۔ اس کے پاس ایک پنجرہ تھا، اس میں ایک چڑیا تھی۔ آپ نے جوگی سے فرمایا کہ تم نے تو کھا پی لیا، اس چڑیا کو بھی تو کچھ کھلاؤ پلاؤ۔ جوگی نے کہا آگے چل کر کچھ چارہ ڈال دوں گا۔ آپ نے فرمایا کہ اسے کھلانا پلانا چاہیے یہ بھی جان رکھتی ہے۔ یہ سن کر جوگی نے غور سے آپ کی طرف دیکھا۔ آپ نے فرمایا کہ ہاں میں صحیح کہہ رہا ہوں یہ بھی تمہاری طرح انسان ہے۔ یہ فرما کر آپ نے ایک نظر پنجرے پر ڈالی۔ معاً اس کی تیلیاں ٹوٹ گئیں اور وہ چڑیا ایک خوبصورت لڑکی کی شکل میں سامنے کھڑی ہو گئی۔ وہ جوگی فوراً آپ کے قدموں میں گر پڑا اور مسلمان ہو گیا۔ وہ لڑکی بھی مسلمان ہوئی۔ دونوں کا عقد کر دیا گیا۔ دونوں خانقاہ کی خدمت کے لیے وہیں رہ گئے۔ وہیں دونوں کی قبریں ہیں اور جوگی جوگن کی قبریں کہلاتی ہیں۔

٤) ''نجاتِ قاسم'' نامی کتاب میں ملا عمر رحمۃ اللہ علیہ کا یہ واقعہ درج ہے کہ ایک روز مجلس سماع میں ان پر ایسا وجد طاری ہوا کہ وہ جاں بحق ہو گئے۔ لوگ انھیں اٹھا کر حضرت سیدنا کے پاس لائے اور کہا کہ حضور ملا کا تو انتقال ہو گیا۔ آپ نے فرمایا ایسا کیوں ہونے دیا! ۔ پھر آپ نے ایک توجہ دی تو ان میں حرکت پیدا ہوئی، اٹھ کر کھڑے ہو گئے اور حال کرنے لگے۔

اسی طرح کا ایک واقعہ مؤلف کتاب کی نظر سے بھی گزرا ہے۔ بارگاہِ عشق پٹنہ میں عرس تھا۔ تیسری مجلس میں جو عصر کے وقت شروع ہوتی ہے مجلس ہو رہی تھی۔ کئی آدمیوں

پر کیفیت طاری تھی۔ امیر رضا خاں گا رہے تھے۔ اسی دوران مغرب کی اذان ہوئی۔ تین
آدمی ایسے بیہوش ہو گئے کہ ہم لوگوں نے نبض اور دل کی دھڑکن محسوس کرنے کی کوشش کی
مگر محسوس نہ ہوئی۔ ہم لوگ انھیں مردہ سمجھ کر مایوس ہو گئے۔ صاحب سجادہ خواجہ حمید الدین
احمد کے گوش گزار کیا گیا، وہ خاموش رہے۔ مغرب کی نماز کی امامت کے لیے آگے بڑھ
گئے اور تکبیر کہنے کا حکم دیا۔ یہ تینوں خانقاہ میں بے حس و حرکت پڑے ہوئے تھے۔ ان میں
ایک شاہ ولی سجادہ نشیں کے خالہ زاد بھائی تھے، دوسرے شاہ طٰہٰ بہار شریف والے اور
تیسرے غالباً ماسٹر شعیب یا نور الدین خاں تھے۔ مغرب کی سنت ختم ہوتے ہی امیر رضا
خاں نے ''دیدن روئے تو عبادت ماست، سجدہ ذرابروئے تو طاعت ماست'' گانا شروع
کیا۔ شاہ حمید الدین صاحب پر وجد طاری تھا۔ رقص کرتے ہوئے ان تینوں کے پاس آئے۔
لوگوں نے بمشکل پہلے شاہ ولی کو کھڑا کیا اور شاہ صاحب کے گلے لگا دیا۔ انھوں نے معانقہ
دیا، شاہ ولی رقص کرنے لگے پھر باقی دونوں کو بھی اس طرح معانقہ دیا اور سب ٹھیک
ہو گئے۔ مجلس کے خاتمے کے بعد سب لوگ چائے پینے لگے۔ اس وقت کسی نے اس قصے کو
چھیڑا تو شاہ صاحب نے فرمایا کہ سماع میں ایسا ہو سکتا ہے۔ اسی وجہ سے مجلسِ سماع میں
صاحبِ حال کو اسی وقت شرکت کرنی چاہیے جب وہاں کوئی دوسرا صاحب کمال اہلِ دل
موجود ہو۔ یہ واقعہ جو مشہور ہے کہ کسی صاحبِ حال کا اس شعر پر انتقال ہو گیا تھا۔

گفت قدوسی فقیری در فناء و در بقا
خود بخود آزاد بودی خود گرفتار آمدی

اگر اس مجلس میں کوئی دوسرا صاحبِ حال کامل موجود ہوتا تو کھینچ لاتا۔

(۶) ایک روز شہر کے چند لوگ خانقاہ میں آئے اور حاضرین کے وجد و حال کو دیکھ کر ان
کے دلوں میں اعتراض پیدا ہوا۔ حضرت سیدنا کو کشف سے یہ باتیں معلوم ہو گئیں۔ آپ
نے فرمایا: ''خداوندا فقیر کے بھنڈارے سے ان لوگوں کو بھی کچھ عطا ہو جائے۔'' معاً سب پر

یفیت طاری ہوئی اور وجد وحال کرنے لگے۔ کئی روز اسی حالت میں گزر گئے تو حضرت سیدنا کو یہ خبر دی گئی۔ آپ نے فرمایا: ''میں نے بطور تمثیل عرض کیا تھا۔ اب افاقہ ہو جائے ی۔'' چنانچہ وہ سب سکون میں آئے اور سیدنا کی بیعت کا شرف حاصل کیا۔ حضرت سیدنا ے تصرفات اور کرامات بہت ہیں، یہاں تبرکاً چند کا بیان کر دیا گیا ہے۔

بزرگانِ دین کی کرامات چونکہ ماورائے مادیت کے عالم سے تعلق رکھتی ہیں اس جہ سے مادی ذہن ان پر یقین کرنے میں پس وپیش کرتا ہے۔ بعض لوگ تو بالا علان ان کرامات کی تکذیب کرتے ہیں اور بعض کسی مصلحت کی بناء پر خاموشی اختیار کرتے ہیں۔ مگر یقین وہ بھی نہیں کرتے ہیں خصوصاً اس سائنسی دور میں تو لوگ صرف سائنسی تجربات ہی پر یمان رکھتے ہیں، ان کے علاوہ ساری باتیں ہنس کہہ کر اڑا دی جاتی ہیں۔ ایسے لوگوں کا یمان صمیم قلب سے نہ تو خدا ورسول پر ہے نہ ملائکہ وکتاب پر ہے نہ قیامت اور جنت و وزخ پر ہے۔ یہ ساری چیزیں ان کے دائرہ یقین سے باہر ہیں اور محض افسانہ بن کر رہ گئی یں۔ سائنسی ایجادات اور دنیا طلبی نے انھیں فی الحقیقت ﴿ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ عَلٰى سَمْعِهِمْ وَ عَلٰى اَبْصَارِهِمْ ﴾ بنا کر رکھ دیا ہے۔ وہ ہرگز ان باتوں کو نہ سمجھ سکتے ہیں ورنہ ان کا یقین کر سکتے ہیں۔ اسی کو ''العلم حجاب الاکبر'' کہا گیا ہے اور یہی سب سے بڑا حجاب ہے جو خدا کی طرف جانے سے روک رہا ہے۔ بزرگانِ دین جن کی روحیں صحیح پرورش یافتہ ہوتی ہیں ان کی دنیاوی زندگی میں بھی اور دنیا سے چلے جانے کے بعد بھی بڑی قوت ہوتی ہے۔ وہ ہر وقت ہر جگہ موجود ہو سکتی ہیں۔ بڑے محیر العقول کام کر سکتی ہیں۔ ن سے بے شمار کرامات صادر ہو سکتی ہیں اور ہوتی رہتی ہیں۔ دنیا میں بہت ساری کتابیں بزرگوں کی کرامات سے بھری پڑی ہیں۔ مثلاً شاہجہاں بادشاہ کا خواجہ غریب نوازؒ کے مزار سے السلام علیک یا خواجہ غریب نواز کے جواب میں وعلیک السلام یا شاہجہاں حجتی سننا اور س بات پر اس احاطے میں شاہجہانی مسجد تعمیر کرا دینا۔ مخدوم حسن علیؒ خواجہ کلاں کا آم کے

درخت کو املی بنا دینا اور اس کرامت کے بعد ہی اس محلے کا نام شاہ کی املی ہو جانا۔ حضرت آدم صوفی چشتیؒ کا ایک مردہ دیہاتی لڑکے کو اٹھ کہہ کر ٹھوکر مارنا اور اس کا ''جی اٹھلی بابو'' کہہ کر اٹھ کر بیٹھ جانا پھر اس گاؤں کا نام جٹھلی ہو جانا۔ حضرت ابوالبرکاتؒ کا داناپور میں ایک مردہ گوالے لڑکے کو ''بچوا اٹھو'' کہنا اور اس کا زندہ ہو جانا۔ پھر اس کے خاندان کا بچوا کے خاندان کے نام سے مشہور ہو جانا۔ حضرت مخدوم الملک کا۔

کوہ زر گردد اگر مردِ رہِ حق گوید مرد باید کہ سرِ راہِ حقیقت پوید

کہنا اور راجگیر کے پہاڑ کا سونا ہو جانا پھر ''سنگ و حجر مطلق شو'' کہنے پر اس کا اصلی حالت پر آ جانا وغیرہ ایسی تاریخی حقیقتیں ہیں جنھیں جھٹلانا گویا آفتاب کے وجود کا انکار کرنا ہے۔

بزرگانِ دین فنائیت کا وہ مقام طے کر لیتے ہیں کہ ان کا اپنا وجود باقی نہیں رہتا ہے۔ وہ بقائے باللہ سے زندہ رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ معمولی بزرگانِ دین میں بھی اللہ تعالیٰ اپنے اسمائے حسنیٰ کی ننانوے صفات ودیعت کر دیتا ہے اور زیادہ عالی مرتبہ بزرگوں میں ان ننانوے صفات سے بھی زیادہ صفات پیدا ہو جاتی ہیں اور اسی وجہ سے بزرگانِ دین سے کبھی بے خبری میں کبھی احیاناً اور کبھی خداوندی اشارات سے کرامتیں صادر ہوتی رہتی ہیں۔ منکرین نہ مانیں تو نہ مانیں، ان کے نہ ماننے سے حقیقت چھپ نہیں سکتی۔

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم چشمہ آفتاب را چہ گناہ

اگر چمگادڑیں آفتاب کی روشنی کی تاب نہیں لا سکتیں اور انھیں دن کے وقت کوئی چیز نظر نہیں آتی ہے تو نہ آئے، آفتاب تو اپنی روشنی بدیہی طور پر پھیلاتا رہتا ہے اور آنکھ والے اس کی روشنی میں سب کچھ دیکھتے بھی ہیں۔ یہ نظمِ عالم ہے اور خدائے تعالیٰ اسی طرح دنیا کا نظام چلا رہا ہے۔ بیچارے انسان کا کیا مقدور ہے جو ان کنہیات کو سمجھ سکے جن اولیاء اللہ سے خداوندِ عالم دنیاوی نظام کی خدمت لیتا رہتا ہے وہی ان اسرار و غوامض سے بھی

. تنف ہوتے ہیں اور جو خدمت ان کے سپرد ہوتی ہے اسے انجام بھی دیتے ہیں۔

یہ تو حضرت سیدنا ابوالعلا قدس سرہٗ کے خوارق عادات اور کرامات کے سلسلے میں چند اور بزرگان کی کرامتوں کا ذکر آگیا تھا۔ حضرت سیدنا بذاتِ خود ایک کرامت تھے اور آپ سے بے شمار کرامتیں ظہور پذیر ہوئیں۔ یہاں آپ کے اقوال کا بھی مختصر بیان فائدے سے خالی اور نا مناسب نہ ہوگا۔

اقوال حضرت ابولعلا قدس سرہٗ

۱) طالب کو چاہیے کہ شریعت کو مضبوطی سے پکڑے رہے کیونکہ یہی حبل اللہ ہے اور ظلمات شرک خفی اور بدعاتِ سیئہ سے بچار ہے۔

۲) دنیا انسان کے سایہ کی مثال ہے۔ جو سایہ کے پیچھے دوڑتا ہے اس کے آگے اس کا سایہ دوڑتا ہے۔ اور جو سایہ کا پیچھا نہیں کرتا ہے تو سایہ خود اس کے پیچھے رہتا ہے۔ دنیا اپنے طالب سے دور بھاگتی ہے اور تارکِ دنیا کے قدموں میں رہتی ہے۔

۳) ہمارے طریقے کی اتباع کرنے والوں اور ہماری راہ میں چلنے والوں کی مثال ایک کشتی کے سوار جیسی ہے جو بظاہر ساکن معلوم ہوتی ہے مگر حقیقت میں چلتی رہتی ہے اور مسافت طے کرتی رہتی ہے یہی سفر در وطن ہے۔

۴) اپنی اصلاح فرضِ عین ہے اور دوسروں کی فرضِ کفایہ ہے۔ جو اپنی اصلاح نہ کرے اور دوسروں کی اصلاح پر متوجہ ہو اس کی مثال ایسی ہے کہ اپنے پیرہن کے بچھو کی پرواہ نہ کرے اور دوسروں کی مکھیاں اڑائے۔ ۞ اتامرون الناس بالبر و تنسون انفسھم ۞ میں یہی تمثیل دی گئی ہے۔

۵) جس طرح ایک تھکے ہوئے اور دھوپ سے جلے بھنے مسافر کو کوئی سایہ دار درخت

مل جائے تو اسے بڑا آرام اور سکون ملتا ہے اسی طرح ہمارے یہاں آنے والوں کو اگر میری صحبت میں سکون اور صفائے قلب اور صفائے دل حاصل ہو تو اس کے لیے رحمت ہے اور اگر یہ بات حاصل نہ ہو تو اس کا دل جہاں چاہے وہیں چلا جائے۔

(۶) ہمارے یہاں کے حاضرین کو کشف و کرامات کی امید نہیں رکھنی چاہیے۔ یہ بتانِ راہِ طریقت ہیں۔

(۷) اہلِ خدمت اس وقت تک اس عالم سے نہیں جاتے جب تک ان کی جگہ پر دوسرا مقرر نہ کر دیا جائے اور میری جگہ پر ابھی کوئی مقرر نہیں ہوا ہے۔

نوٹ: ملا لطف اللہؒ کہتے ہیں کہ یہ جگہ قطبِ وقت کی تھی جو حضرت امیر عبداللہ آپ کے عم بزرگوار کے بعد آپ کے سپرد ہوئی۔

(۸) آپ نے فرمایا ہے کہ جو میرے یہاں آتا ہے اور اپنے مقدر کے مطابق جو کچھ حاصل کر لیتا ہے وہ قائم اور موجود رہتا ہے اور اگر وہ منہیات میں مبتلا ہو جاتا تو اس کی ترقی کا راستہ تو مسدود ہو جاتا ہے مگر حاصل شدہ ضائع نہیں ہوتا ہے۔

(۹) آپ نے فرمایا ہے کہ صوفی وہ نہیں ہے جو چلہ کشی اور خلوت گزینی کرے، بلکہ صوفی وہ ہے جو اپنے آپ کو فنا کر دے۔ حضرت شیخ حامد صدر پوریؒ، حضرت اشرف جہانگیر رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ حضرت اشرف جہانگیرؒ کے خوارق عادات اور کرامات، نوادراتِ روزگار میں سے تھے مگر امیر ابو العلا قدس سرہ کے خوارق عظیم ہیں اور حیطۂ عقل اور قوتِ ادراک سے باہر ہیں۔

آپ کے خلفاء اور سلسلۂ ابوالعلائیہ:

آپ کے کل خلفاء کے نام اور ان کی صحیح تعداد تو معلوم نہ ہو سکی۔ صرف آپ کے خلیفۂ اعظم حضرت سید دوست محمد قدس سرہ کا کچھ حال معلوم ہے جو یہاں لکھا جا رہا ہے:

آپ برہان پور کے رہنے والے تھے۔ دہلی میں تعلیم پائی۔ اپنے دور کے جید

ـ موں میں آپ کا شمار ہونے لگا۔ پھر آپ کو حصولِ طریقت کا شوق ہوا۔ تلاشِ پیر میں
بنگال تک سیاحت کی مگر کوئی آپ کی نظر میں ایسا نہ جچا جس کے ہاتھ پر آپ بیعت کرتے۔
آخر بنگال ہی میں ایک سیاح درویش نے آپ کو حضرت سیدنا ابوالعلا قدس سرہٗ کی نشاندہی
کی اور آگرہ جانے کا مشورہ دیا۔ اس کے مشورے پر آپ بنگال سے (سی پی یعنی مدھیہ
پردیش) ہوتے ہوئے عازم شہر آگرہ ہوئے۔ راستے میں کالپی نامی قصبے سے گزر ہوا۔
وہاں کی مصری بہت مشہور ہے۔ آپ نے پیر کی نذر کے لیے کالپی سے تھوڑی مصری خرید لی
اور آگرہ روانہ ہوئے۔ جس وقت دربارِ حضرت سیدنا میں حاضر ہوئے آپ نمازِ ظہر پڑھ کر
صحن میں تشریف فرما تھے۔ سید صاحب نے سلام عرض کیا۔ حضرت سیدنا نے جواب سلام
دے کر خیر و عافیت دریافت فرمائی، وطن دریافت کیا اور حاضری کی غرض و غایت پوچھی۔
سید صاحب نے ساری باتیں بتائیں۔ بیعت کی خواہش ظاہر کی اور مصری نذر کی۔ حضرت
سیدنا نے ایک ٹکڑا لے کر خود نوش فرمایا اور باقی حاضرین میں تقسیم کر دی۔ پھر حاضرین سے
مخاطب ہو کر فرمایا کہ انھوں نے ہمارا منہ میٹھا کیا ہے انھیں بھی شاد کام ہو جانا چاہیے۔
حاضرین نے عرض کیا، ضرور ضرور۔ پھر حضرت سیدنا نے ان کی بیعت لی اور خلوت میں
لے جا کر عینی توجہ دی۔ تھوڑی دیر میں سید صاحب ہوش و حواس کھو بیٹھے، حضرت سیدنا نے
انھیں اسی حالت میں چھوڑ دیا۔ عصر کی نماز کے وقت لوگوں نے انھیں اٹھانا چاہا۔ حضرت
سیدنا نے منع فرمایا اور کہا کہ یہ ابھی بادۂ توحید کے سکر سے ست ہو رہے ہیں، انھیں اسی
حالت میں چھوڑ دو۔ عشا کی نماز کے وقت یہ ہوشیار ہوئے، عصر اور مغرب کی قضا نمازیں
پڑھیں پھر عشا کی نماز باجماعت ادا کی۔ دوسرے روز حکم ہوا کہ برہان پور جا کر لوگوں کی
ہدایت کیجیے۔ سید صاحب نے عرض کی کہ ایک مدت تلاشِ پیر میں گزاری ہے، اب اللہ تعالیٰ
نے پیر عنایت کیا ہے تو کچھ دنوں تو خدمت میں حاضر رہنے کا موقع دیا جائے۔ بہت اصرار
کے بعد ایک سال تک حاضر رہنے کی اجازت ملی اور مگس رانی کی خدمت عطا کی گئی۔

ایک سال کے بعد پیر سے رخصت ہو کر وطن آئے اور خلق کی ہدایت کرنے لگے۔ یہیں جناب شاہ فرہاد صاحبؒ کی آمد و رفت شروع ہوئی اور انھوں نے سید صاحب کے ہاتھ پر بیعت کر کے وصول الی اللہ کی منزل تک پہنچے۔ شاہ فرہادؒ نے باجازت پیر و مرشد دہلی آ کر لوگوں میں اپنا فیض جاری کیا۔ شاہ فرہاد کا مزار دہلی میں (پرانی دہلی کے ریلوے اسٹیشن کے پاس) پل بنگش کے قریب مرجع خاص و عام ہے۔

یہی شاہ فرہاد شاہ رکن الدین عشقؔ (پٹنہ) کے نانا تھے اور چونکہ شاہ فرہاد کی اولادِ ذکور میں سے کوئی اولاد نہ تھی اس وجہ سے شاہ رکن الدین عشقؔ ہی ان کے جانشین ہوئے اور وہ بحکم اپنے پیر و مرشد مولانا برہان الدین خدانما عظیم آباد (پٹنہ) آئے اور آستانہ قائم کیا جو صوبہ بہار کی پہلی ابوالعلائی خانقاہ ہے اور بارگاہِ عشقؔ یا تکیہ شریف کے نام سے مشہور ہے۔

حضرت سیّد دوست محمد قدس سرہٗ اکثر عالم سکر میں جنگلوں اور پہاڑوں کی طرف نکل جاتے تھے، اور وجد و کیف میں نعرے لگایا کرتے تھے۔ کہتے ہیں کہ جنگل کے حوش و طیور بھی آپ کے نعرے سن کر بے خود ہو جاتے تھے۔ چورانوے سال کی عمر میں آپ کا انتقال ۲۶ جمادی الثانی ۱۰۹۰ھ میں ہوا۔ مزار شریف اورنگ آباد میں محمود شاہ مسافر شاہ کے تکیہ میں ہے۔ آپ ہندی زبان میں شعر کہتے تھے۔ آپ کے کلام کا مجموعہ ''پیم کہانی'' نام کی کتاب ہے۔ جس کے چند اشعار یہ ہیں:

پیم کہانی کہت ہوں سنو سکھی تم آئے ۔۔۔ پیا ڈھونڈن کو تھی گئی آئی آپ گنوائے

پیم نگر میں آئے کہ ہاڑر ہیونا ماس ۔۔۔ کھالی جیورا رہ گیو واکی ناہیں آس

لکڑی جل کوئلہ بھئی اور کوئلہ جل بھیو راکھ ۔۔۔ میں پاپن ایسی جلی کوئلہ بھئی نہ راکھ

کاگا نین نکاس دوں پیا پاس لیجائے ۔۔۔ پہلے درس دکھائے کہ پاچھے لیجو کھائے

غرضیکہ یہ حضرت سیدنا ابوالعلا قدس سرہٗ کی عنایت کردہ ذوق و مستی تھی جو سید

دوست محمد قدس سرہٗ کے قلم سے بے تابانہ اشعار کی صورت میں مصوّر ہو کر نکلتی رہتی تھی۔

تعلیم:

حضرت سیدنا ابوالعلا قدس سرہٗ کی تعلیم میں فنائیت کو مقدم رکھا گیا ہے جیسا کہ کلمہ طیب میں لا الٰہ یعنی نفی پہلے کی گئی ہے۔ جب تک طالب اپنی اور ساری کائنات کی نفی نہیں کرے گا جمالِ الاّ اللہ جلوہ گر نہ ہوگا۔ طالب کو اپنے افعال اپنی صفات اور اپنی ذات کی نفی اس حد تک کرنی ہے کہ واقعی یہ ساری باتیں طالب کے نزدیک معدوم ہو جائیں۔

تا رہبر تست عادت خویش　　　مرذود و منافقی نہ درویش

(جب تک تمہاری عادت و خصلت تمہارے اندر موجود ہیں تم مردود و منافق ہو، درویش نہیں ہو۔)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿ و ما یومن اکثرھم باللہ الا و ھم مشرکون ﴾

یعنی اکثر آدمی ایمان لائے ہوئے ہیں مگر وہ مشرک ہیں۔

مگر ان باتوں کو حاصل کرنے کے لیے صحیح تربیت چاہیے اور یہ کام صرف پیر ہی کرسکتا ہے۔ بغیر پیر کے ناممکن اور محال ہے۔ پیر ہی مرید کے روحانی امراض کو سمجھ کو مرید سے مجاہدہ کراتا ہے۔ مجاہدے نفس کو توڑنے کے لیے کرائے جاتے ہیں جیسا کہ حضرت جنید بغدادیؒ نے حضرت امام شبلیؒ سے کافی دنوں تک بھیک منگوائی تھی۔ آخر میں یہ ہوا کہ امام شبلیؒ کو بھیک بھی نہ ملنے لگی تو حضرت جنید بغدادیؒ نے فرمایا: ''اے فرزند دیدی قیمت تو پیش خلق چیست۔'' پھر پیر علاوہ مجاہدہ کے اذکار و اشغال سے اس کے لطائف کو بیدار کرتا ہے تو آخر میں اس کو وہ چشم یقین مل جاتی ہے کہ ساری کائنات کو عین دیکھتا ہے۔ غیریت بالکل معدوم ہو جاتی ہے اور یہی وصول الی اللہ ہے۔ یہی '' واعبد ربک حتی یاتیک الیقین '' (اور اللہ کی عبادت کرتے جاؤ یہاں تک کہ تمہیں یقین کے مرتبے بخش دیے

جائیں۔)

حضرت سیدنا ابو العلا قدس سرہٗ کا فیض دور دور تک پہنچا اور بے شمار لوگ آپ کے چشمۂ فیض سے سیراب ہوئے۔ ہنوز آپ کا چشمۂ فیض جاری ہے اور آئندہ بھی انشاء اللہ تعالیٰ اسی طرح جاری رہے گا۔

وصال:

فقیرانہ زندگی، روزہ اور فاقے کی مداومت، تغذیہ کی قلت، مقوی اور مرغن غذا کی کمی اور اس پر اذکار کی کثرت آخر اپنا رنگ لائی۔ جگر میں حدت بہت بڑھ گئی۔ اس سے گردے اور مثانہ متاثر ہو گئے اور ان سب نے مل ملا کر آپ کو عارضۂ حرقۃ البول کا مریض بنا دیا۔ علاج معالجہ ہوا مگر کارگر ثابت نہ ہوا۔ آپ بہت کمزور اور نحیف ہو گئے۔ آٹھویں صفر کی شب کا حال آپ کے صاحبزادے امیر نور العلاؒ فرماتے ہیں کہ وہ سو رہے تھے۔ خواب میں دیکھا کہ حضرت سیدناؒ فرماتے ہیں کہ: ''بابا ہم صبح تک ہیں۔'' آنکھ کھل گئی، ابھی کچھ رات باقی تھی۔ صبح صادق ہوئی تو حضرت سیدناؒ نے فجر کی نماز اشارے سے ادا فرمائی، اس کے بعد ذکر شروع کر دیا۔ سہ شنبہ کے روز ۱۰۶۱ھ میں آپ نے اس عالم کو خیرباد کہا اور محبوبِ حقیقی سے جا ملے۔ وصال کے وقت اکہترویں سال کی عمر تھی۔

ملّا ولی محمد، آپ کے خلیفہ اکبر نے آپ کو غسل دیا۔ ملّا صاحب کا بیان ہے کہ وہ غسل کے وقت جب آپ کا پہلو بدلنا چاہتے تو آپ کا جسدِ مبارک خود پلٹ جاتا اور پہلو تبدیل ہو جاتا تھا۔ آپ کا مزار اکبر آباد کے وزیر پورہ محلّہ اور دیال باغ کے درمیان زیارت گاہِ خلائق ہے۔

لَاحَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ کی فضیلت اور ثواب

لَاحَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ

ف: (۱) حدیث شریف میں آیا ہے کہ:

یہ کلمہ لَاحَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ پڑھا کرو، اس لیے کہ یہ کلمہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔

(۲) دوسری حدیث میں ہے:

جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔

(۳) تیسری حدیث میں ہے:

جنت (کے درخت) کا ایک پودا ہے۔

(۴) اس سے پہلے ایک حدیث میں گزر چکا ہے کہ یہ کلمہ ننانوے بیماریوں کی دوا ہے جن میں سب سے ہلکی بیماری رنج وغم اور فکر و پریشانی ہے۔ (جس کو یہ کلمہ دور کرتا ہے)۔

(۵) ایک اور حدیث میں ہے:

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں (ایک دن) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھا (اتفاقاً) میری زبان سے لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ نکلا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم جانتے ہو اس کے معنی کیا ہیں؟'' میں نے عرض کیا: ''اللہ اور اس کے رسول علیہ السلام ہی زیادہ جانتے ہیں۔'' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''(اس کے معنی یہ ہیں کہ) اللہ تعالیٰ کی حفاظت کے بغیر کسی شخص کو اللہ کی نافرمانی (اور گناہ) سے بچنے کی قدرت نہیں اور اللہ کی مدد اور توفیق کے بغیر کسی شخص کو اللہ کی اطاعت کی

طاقت نہیں۔''

اور یہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ (اللہ کے سوا اور کوئی اس کے غضب سے نجات کی جگہ نہیں) کے اضافہ کے ساتھ تو جنت کے خزانوں میں سے ایک بہت بڑا خزانہ ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ

دُعَائے مَاثُورہ

المعروف

گنجینۂ رحمت

اسناد دعائے بزرگوار

بسم اللہ الرحمان الرحیم

حضرت انسؓ بیٹے مالکؓ کے روایت کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا: ''جو کوئی اس دعا کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ ثواب اس کا ماں باپ کو پڑھنے والے کے دے گا، اور گویا کہ حق الوالدین ادا کیا۔'' اور دعائے مکرم و معظم یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ٥ اَللّٰہُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ٥ وَ لَہُ الْکِبْرِیَآءُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ٥ وَ لَہُ الْعَظْمَۃُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ٥

اسناد دعائے دیگر

ایک دن پیغمبر ﷺ مدینہ منورہ کی مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ جبرائیل آئے اور کہا: ''یا رسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ نے آپ کو سلام کہا ہے اور بعد سلام کے یہ تحفہ درود کا بھیجا ہے اور یہ دعا بھیجی ہے۔ یعنی اُمت کی بخشش کا سبب کر کے بھیجا ہے۔ اگر کسی شخص نے تمام عمر میں سجدہ نہ کیا ہو اور اس دعا کو پڑھے تو ثواب اس کو اسّی ہزار شہیدوں کا اور

لطیفۂ روح کے مراقبہ کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے لطیفۂ روح کو رسول اللہ علیہ السلام کے لطیفۂ روح کے سامنے رکھ کر عرض کرے: ''اے اللہ تجلیاتِ ثبوتی کا فیض کہ جو جناب رسول اللہ علیہ السلام کے لطیفۂ روح سے حضرت نوح اور حضرت ابراہیم علیہما السلام کے لطیفۂ روح میں پہنچا، میرے روح میں پہنچا۔ جو شخص کہ اس لطیفہ میں واصل ہو جاتا ہے اس کو ابراہیم المشرب کہتے ہیں۔ اس وقت سالک اپنی صفات اور تمام مخلوقات کی صفات کو اپنی ذات اور تمام ممکنات سے سلب کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب دیکھے گا۔ اسی طرح لطیفۂ ''سر'' کو حضور انور علیہ السلام کے لطیفۂ سر کے مقابل سمجھ کر عرض کرے کہ شیوناتِ ذاتیہ کا فیض جو کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سرِ مبارک سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سر میں پہنچا، میرے سر میں پہنچا۔ جو سالک کہ اس لطیفہ سے واصل الی اللہ ہوتا ہے اس کو موسوی المشرب

کہتے ہیں۔ سالک اس وقت اپنی ذات کو ذاتِ حق سبحانہٗ تعالیٰ میں فنا پاتا ہے۔

اس کے بعد اپنے لطیفہ خفی کو لطیفہ خفی حضور انور ﷺ کے مقابل سمجھ کر عرض کرے کہ صفاتِ سلبیہ کا فیض جو حضور اکرم ﷺ کے خفی مبارک سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے خفی میں پہنچا ہے، میرے خفی میں پہنچا۔ جو سالک کہ اس مقام پر پہنچا ہے اس کا نام عیسوی المشرب ہے۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ کا تمام عالم سے منفرد اور مجرد ہونا اس مقام پر سالک کو مشہود ہوتا ہے۔ پھر لطیفہ اخفیٰ کو حضور انور ﷺ کے اخفیٰ کے مقابل سمجھ کر عرض کرے کہ ''شانِ جامع'' کا فیض جو اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کے اخفیٰ میں پہنچایا ہے، میرے اخفیٰ میں پہنچا۔ جو سالک کے اس راستے میں واصل ہوتا ہے اس کو محمدی المشرب کہتے ہیں۔ تخلق باخلاق اللہ (اللہ تعالیٰ کے اخلاق سے آراستہ ہونا) سالک کو اس درجہ میں نصیب ہوتا ہے۔ ع

تا یار کرا خواہد و میلش بکہ باشد

(معلوم نہیں کہ دوست کس کو چاہتا ہے اور اس کا میلان کس کی طرف ہوتا ہے۔)

نفی و اثبات کے ذکر کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے اپنی سانس کو ناف کے نیچے بند کریں اور بزبانِ خیال کلمہ ''لا'' کو ناف سے دماغ میں پہنچائے اور لفظ ''اِلٰہ'' کو دائیں کندھے پر لے جائے اور لفظ ''اِلّا اللہ'' کی پانچوں لطائف میں گزار کر دل پر ضرب کرے اس طرح شد و مد کے ساتھ کہ ذکر کا اثر تمام لطائف میں پہنچے اور لفظ ''محمد رسول اللہ'' کو سانس چھوڑنے کے وقت خیال کی زبان سے کہے اور ذکر میں معنیٰ کا خیال رکھنا شرط ہے کہ سوائے ذات حق کے کوئی مقصود نہیں ہے اور ''لا'' کے وقت اپنی ہستی اور جمیع موجودات کی نفی کرے اور اثبات ''اِلّا اللہ'' کے وقت ذات حق سبحانہٗ تعالیٰ کا اثبات کرے، اس ذکر میں دوسری شرط یہ ہے کہ زبانِ خیال سے چند مرتبہ خاکساری عاجزی اور نیازمندی سے جنابِ باری میں مناجات کرے کہ پروردگار میرا مقصود تو ہی ہے اور تیری رضا میرا سرمایہ ہے، تو مجھے اپنی محبت و معرفت عطا فرما۔

اپنی توجہ قلب کی طرف اور قلب کی توجہ ذات الٰہی کی طرف رکھنا ضروری ہے کیونکہ نسبت کا حصول ان دو چیزوں کے بغیر محال ہے۔ اس توجہ کو وقوفِ قلبی کہتے ہیں۔ پھر یہ بھی ضروری ہے کہ دل کو خیالات اور وسوسوں سے دور رکھے تاکہ یہ خیالات پراگندہ اس پر غلبہ نہ کریں، اس کو نگہداشت کہتے ہیں۔

حبسِ دم ذکر میں مفید ہوتا ہے۔ گرمیِ دل، ذوق و شوق، رقت، محبت، خیالات و وساوس کا ازالہ اس کے فوائد ہیں، اور اس سے کشف بھی حاصل ہو سکتا ہے۔ نفی و اثبات کے ذکر میں عدد طاق کی رعایت معمول ہے۔ اور اس کو وقوفِ عددی کہتے ہیں۔ نفی و اثبات کے ذکر کا مذکورہ بالا طریقہ حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ کو تعلیم فرمایا تھا۔ ایک سانس میں ایک بار سے لے کر اکیس بار تک پہنچائے، اگر اکیس بار تک پہنچایا اور کوئی فائدہ نہیں دیکھا تو اس کا عمل باطل ہے۔ نئے سرے سے شرائط کی اچھی طرح پابندی کے ساتھ کرے۔

طریق دوم

دُوسرا طریقہ ''مراقبہ'' ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ بغیر ذکر اور بغیر رابطہ شیخ خیالات فاسدہ سے اپنے دل کو محفوظ رکھنا اور اللہ تعالیٰ کی طرف دھیان رکھنا۔ اس کی تدبیر یہ ہے کہ عاجزی اور فروتنی کے ساتھ ذات الٰہی کی طرف ہر وقت متوجہ رہے تاکہ توجہ الی اللہ بلا مزاحمت اس کی عادت بن جائے۔ اس کو ''حضور'' بھی کہتے ہیں، اور ذکر سے مقصود بھی یہی ہے۔

طریق سوم

شیخ کامل و مکمل کی صحبت سے استفادہ تیسرا طریق ہے، شیخؒ کی توجہ اور اخلاص کی برکت سے دل غفلت سے پاک ہو جاتا ہے، جذبہ محبت اور مشاہدہ الٰہی کے انوار کی شمع

مرید میں روشن ہو جاتی ہے۔ شیخ کی موجودگی میں تو ادب اور اس کی خوشنودی کے خیال سے اور اس کی غیر موجودگی میں اس کا تصور کر کے مرید فیض پاتا ہے، مشائخ نے فرمایا ہے کہ یہ طریق مقصد تک آسانی سے پہنچانے والا ہے، اور اس کو رابطہ کہتے ہیں۔ (ان سب اعمال و اشغال کے بعد) جب دل کو حضور و جمعیت حاصل ہو جائے اور تقریباً چار گھڑی دل میں خطرات و وساوس نہ آئیں۔ تو اس امر کی علامت ہے کہ دائرہ امکان جس کو مشائخ نے پہلا دائرہ کہا ہے کو سالک نے طے کر لیا ہے۔ بعض مشائخ نے انوار دیکھنا اس دائرہ کو طے کرنے کی علامت فرمایا ہے، دائرہ امکان کا نصف زمین سے عرش تک ہے اور دوسرا نصف عرش سے اوپر ہے اور عالم خلق کے عرش کے نیچے ہے، اس کی شکل یہ ہے۔

مراقبہ معیت: اس کے بعد آیت کریمہ ﴿ و ھو معکم اینما کنتم ﴾ (وہ ہر جگہ تمہارے ساتھ ہے۔) کے مراقبے میں مشغول ہو جائے، آیت کریمہ کے معنی کا خیال کرے کہ اللہ تعالیٰ کی معیت میرے اور کائنات کے ہر ذرہ کے ساتھ ہے۔ اس مقام میں لا الٰہ الا اللہ کا

زبانی ذکر اس طرح کہ سالک کی توجہ قلب کی طرف ہو اور قلب کی توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف معنیٰ کی رعایت کے ساتھ بہت فائدہ دیتا ہے، اس مراقبہ میں فیض کا منشاء ولایتِ صغریٰ کا دائرہ ہے اور لطیفہ قلب پر فیض وارد ہوتا ہے۔ دائرہ ولایتِ صغریٰ دوسرا دائرہ ہے اور اس کو دائرہ ظلِّ اسماء وصفات بھی کہتے ہیں۔ اس میں تجلّیات افعالیہ الٰہیہ میں ''سیر'' حاصل ہوتی ہے۔

نیز اس مرتبہ میں توحیدِ وجودی، ذوق، شوق، رونا دھونا، ہر وقت ذاتِ حق میں استغراق ومحویت اللہ تعالیٰ کی طرف کامل توجہ، ماسوا کے خیال کا مٹ جانا حاصل ہوتا ہے اور اسی کو فنائے قلبی کہتے ہیں۔ جب سالک کی توجہ فوق سے ہٹ کر شش جہات کا احاطہ کرے اور نفس کا تزکیہ ہو جائے جس کی جگہ درمیان پیشانی ہے تو ولایت تین دوائر اور ایک قوس پر مشتمل ہے۔

پہلے دائرہ میں آیتِ کریمہ ﴿نحن اقرب الیہ من حبل الورید﴾ (ہم تمہاری رگِ جان سے بھی زیادہ قریب ہیں) کے مفہوم کا مراقبہ ہے۔ جس کی نیت اس طرح کرے کہ اس ذات سے جو میری جان کی رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہے، مجھ پر فیض آرہا ہے۔ فیض کا منشاء دائرہ اولیٰ ولایتِ کبریٰ ہے۔ لطیفۂ نفس اور عالمِ امر کے لطائفِ خمسہ پر، اس مرتبہ میں لَا اِلٰہ الا اللہ کا ذکر زبان اور خیال سے (اُن کے شرائط کے ساتھ) ترقی بخشتا ہے۔ کامل توجہ اِلَی اللہ خطرات ووساوس کا ازالہ اسی طرح عروج ونزول اور قلب کی خاص کیفیات اس مقام کا نقد سرمایہ ہیں۔ بلکہ آہستہ آہستہ بدن پر انجذابی کیفیت طاری رہتی ہے۔ اس مرتبہ میں لطیفۂ قلب کی بہ نسبت حالات وکیفیات بے رنگ اور بے مزہ ہیں، لطیفۂ نفس میں اس مرتبہ کی نسبت جب قوی ہو جائے گی تو قلب فراموش ہو جائے گا۔

دوسرے دائرہ میں آیتِ شریفہ ﴿یحبھم و یحبونہٗ﴾ (وہ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اس سے محبت کرتے ہیں) کے معنیٰ کو ملحوظ رکھ کر مراقبۂ محبت کرے اِس تصور سے کہ اس ذات سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں میرے نفسِ لطیفہ پر فیض آرہا ہے منشاءِ فیض ولایتِ کبریٰ کا دائرہ ثانیہ ہے جو کہ دائرہ اولیٰ کی وصل ہے موردِ فیض صرف لطیفۂ نفس ہے۔

تیسرے دائرہ میں بھی آیتِ کریمہ ﴿یحبھم و یحبونہٗ﴾ (وہ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اس سے محبت کرتے ہیں) کے مفہوم کو ملحوظ رکھ کر خیال کرے کہ اُس ذات سے جو مجھ کو دوست رکھتی ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں، میرے لطیفۂ نفس پر فیض آرہا ہے۔ منشاءِ فیض ولایتِ کبریٰ کا دائرہ ثالثہ ہے جو ایشارِ علم کی ولایت اور دائرہ ثانیہ کی اصل ہے۔ قوس میں بھی آیتِ کریمہ مذکورہ بالا کے مفہوم کو ملحوظ رکھ کر خیال کرے کہ اس ذات سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں، میرے لطیفۂ نفس پر فیض آرہا ہے۔ فیض کا منشاء ولایتِ کبریٰ کی قوس ہے جو کہ تیسرے دائرہ کی اصل ہے۔ یہ تین اصول ذات حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے اعتبار ہیں کہ جو صفات وشیونات کے مبادی ہیں۔

ہر زمانے روی جاناں را نقابے دیگر است
ہر حجابے را کہ طے کردی حجابی دیگر است

ولایتِ کبریٰ کے مقام بلند میں سالک کو درج ذیل امور حاصل ہوتے ہیں۔ سینہ کھل جاتا ہے۔ صبر وشکر کا مقام نصیب ہوتا ہے کہ قضا وقدر کے حکم پر چوں و چرا ختم ہوجاتی ہے۔ احکامِ شریعہ کے قبول کرنے میں دلیل کی ضرورت نہیں رہتی۔ جن چیزوں میں دلیل کی ضرورت ہوا کرتی ہے وہ سب کی سب بدیہی بن جاتی ہیں۔ ہر قسم کی شورش سے اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ اللہ کے وعدوں پر کامل ترین یقین ہوجاتا ہے۔ نفس کو استہلاک

اضمحلال (ہلاک ہونا اور گھٹنا) ہوتا ہے۔ جس طرح کہ برف دھوپ میں پگھل جاتی ہے۔ توحید شہودی جلوہ گر ہو جاتی ہے۔ ''انا'' مر جاتی ہے کہ سالک اپنے وجود کو حضرت حق جل مجدہٗ کے وجود کا پرتو اور اپنے وجود کے توابع کو حق تعالیٰ کے وجود کے پرتو کے توابع جانتا ہے جب خود کے لیے لفظ ''انا'' استعمال کرتا ہے تو اس کو مجاز سمجھتا ہے اپنی نیتوں کو تہمت زدہ اور اپنے عملوں کو ناقص سمجھتا ہے۔ اس طرح اخلاق حمیدہ پیدا ہو جاتے ہیں۔ رذائل، حرص، بخل، حسد، کینہ، تکبر، حبّ جاہ وغیرہ سے تزکیہ (صفائی) ہو جاتا ہے۔

ولایت کبریٰ اور سیر اسم الظاہر طے کرنے کے بعد اسم الباطن کی سیر وسلوک سامنے آتا ہے، سیر اسم الباطن کو ولایت علیا اور ولایت ملائکہ کرام کہا جاتا ہے اس ولایت میں سوائے عنصر خاک عناصر ثلاثہ یعنی آگ، پانی، ہوا سے کام پڑتا ہے۔ مراقبہ میں ذات باری جو اسم الباطن کا مسمیٰ ہے کو ملحوظ رکھے۔ فیض کا منشاء دائرہ ولایت علیا ہے۔ لا الٰہ الّا اللہ کا ذکر اور نفل نماز بکثرت پڑھنا ترقی بخشتا ہے۔ توجہ حضور اور عناصر ثلاثہ میں عروج و نزول حاصل ہوتا ہے۔ اس دائرہ میں باطن کے اندر عجیب وسعت اور ملاءِ اعلیٰ ہے (فرشتوں کی دنیا) کے ساتھ مناسبت پیدا ہو جاتی ہے اور ہو سکتا ہے کہ فرشتے ظاہر ہونے لگیں اور ایسے راز جو پوشیدہ رکھنے کے لائق ہیں، معلوم ہونے لگیں۔

جب اسم الظاہر اور اسم الباطن کی سیر سالک نے طے کر لی تو گویا اس کو مقصود یعنی ذات بحت کی طرف سیر کے لیے دو بازو میسر آ گئے۔ ولایت علیا طے کرنے کے بعد اگر فضل الٰہی شامل ہو تو اس کو سب سے پہلے کمالات نبوت میں سیر واقع ہوگی۔ کمالات نبوت کا مطلب ہے تجلّی، ذاتی، دائمی، بے پردہ اسماء وصفات اس جگہ ذات بحت کا کہ جو منشاء ہے کمالات نبوّت کا مراقبہ کرتے ہیں اور مورد فیض لطیفہ خاک ہے۔

اس عجیب مقام میں جس کے نقطہ کا طے کرنا تمام مقامات ولایت سے بہتر ہے، حضور بے جہت حاصل ہوتا ہے۔ نگرانی، شورش، طلب، بے تابی شوق سب کے سب زائل

ہو جاتے ہیں اور ان سے یقین حاصل ہو جاتا ہے۔ معرفت کے مقام، حال یہاں ہوتاو
بہت معلوم ہوتے ہیں۔ ﴿لا تدرک الابصار﴾ کے مصداق یافت اور ادراک یہاں
نارسائی کی علامت ہے۔ نسبت باطن کی بے عملی اور ناشناسی اور وصل عریانی کی حقیقت
حاصل ہوتی ہے۔ اور اس جگہ وصول ہے، حصول نہیں۔

اتصال بے تکیف بے قیاس

ہست رب الناس راباجان ناس

(یعنی لوگوں کے رب کو لوگوں کی جانوں کے ساتھ ایک بے اندازہ کیف اتصال ہے)

صفائی قلب، اطمینانِ کامل، شریعت محمدیہ علی صاحبہا الف الف تحیہ کا اتباع، باطنی نسبت میں
وسعت، اور بے رنگی اور بے کیفی حاصل ہوتی ہے۔ اس مقام کے معارف انبیاء علیہم السلام کی
شریعتیں ہیں۔ یہ انبیاء علیہم السلام کا مقام ہے اور دوسروں کو انبیاء کی متابعت و وراثت سے
حاصل ہوتا ہے۔ توحید وجودی و قیودی جو کہ معارف میں سے ہیں، راستہ میں رہ جاتی ہیں اس
کے بعد کمالات رسالت کا مراقبہ کرے، اس نیت سے کہ اُس ذات بحت سے جو کمالات خاص
رسالت کا منشاء ہے، سالک کی ہیئت وجدانی پر فیض آرہا ہے۔ دسوں لطیفوں میں تکمیل اور تقریر کو
ہیئت وجدانی کہتے ہیں۔ عروج نزول تمام بدن کا حصہ ہے۔ قرآن مجید کی تلاوت اور لمبی قرات
کے ساتھ نفل نماز میں کمالات ثلاثہ اسی طرح حقائق سبعہ جن کا بیان آگے آرہا ہے، میں ترقی
بخشتا ہے، اس مرتبہ میں بھی بے رنگی اور بے کیفی کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ یہ سارے مقامات
ذات بحت حق سبحانہ وتعالیٰ کے بحر بے کنار کی موجیں ہیں جلّ جلالہٗ و عم نوالہ۔

اس کے بعد اس ذات بحت سے جو کمالات اولوالعزم کا منشاء ہے اپنی ہیئت
وجدانی پر فیض لینے کا مراقبہ کرے۔

اس کے بعد حقیقت کعبہ کا مراقبہ کرے اس طرح کہ اس ذات واجب
وجود سے جس کو تمام ممکنات سجدہ کرتی ہیں اور جو حقیقت کعبہ ربانی کا منشاء

ہے میری ہیئت وحدانی پر فیض آرہا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کی عظمت اور بڑائی سالک پر مشہود ہو جاتی ہے اور سالک کے باطن پر ہیئت غالب ہو جاتی ہے۔ جب فنا و بقاء اس مرتبہ پاک کی حاصل ہو جاتی ہے تو سالک خود بھی اس سے متصف سمجھتا ہے، اور ممکنات کی توجہ اپنی طرف سمجھتا ہے۔

بعد ازاں حقیقت قرآن مجید کا مراقبہ کرے کہ اس کمالات وسعت والی بے چون ذات سے جو منشاء حقیقت قرآن مجید ہے، میری ہیئت وحدانی پر فیض آرہا ہے۔ کلام الٰہی کے بطون اسرار اس جگہ ظاہر ہوتے ہیں اور کلام اللہ کے ہر حرف میں معانی کا ایک بے پایاں دریا نظر آتا ہے۔ جس سے گوہر مقصود حاصل ہوتا ہے۔ قرآن مجید پڑھنے کے وقت قاری کی زبان شجرہ موسوی کا حکم رکھتی ہے اور قاری کا تمام قالب زبان میں معلوم ہوتا ہے، قرآن مجید کے انوار ظاہر ہونے کی علامت عارف کے باطن کے اوپر ایک ثقل (بوجھ) کا وارد ہوتا ہے۔

آیت کریمہ ﴿انا سنلقی علیک قولاً ثقیلا﴾ (بے شک عنقریب ہم تجھ پر ایک بھاری قول ڈالیں گے) میں اس حقیقت کی طرف اشارہ ہے۔

اس پاک مرتبہ سے اونچا ایک اور مرتبہ ہے جس کا نام ''حقیقت صلاۃ'' ہے۔ اس کا مراقبہ اس طرح معمول ہے کہ سالک نیت کرے کہ اس ذات بے مثل کمال وسعت والی بے چون سے جو حقیقت صلاۃ کا منشاء ہے۔ میری ہیئت وحدانی پر فیض آرہا ہے۔ اس مقام کی بلندی کے بارے میں کیسے لب کشائی کی جائے۔ کیونکہ حقیقت قرآن مجید اس کا ایک حصہ ہے اور حقیقت کعبہ دوسرا حصہ ہے۔ جس سالک کو یہ پاکیزہ حقیقت مل جائے تو وہ نماز کی ادائیگی کے وقت اس دار فانی سے چلا جاتا ہے اور دار آخرت میں داخل ہو جاتا ہے۔ حدیث شریف: ''ان تعبد اللہ کانک تراہ'' اس مقام کا پوری طرح آشکار کرتی ہے۔ اور اسی حالت شریفہ کے متعلق حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے ''الصلوٰۃ معراج

لمومن " (نماز مومن کی معراج ہے) نیز آپ نے ارشاد فرمایا: "اقرب ما یکون العبد من الرب فی الصلاۃ " (بندہ اپنے رب سے سب سے زیادہ نماز مین قریب ہوتا ہے)
نماز پڑھنے کا حکم نہیں فرماتا تو چہرہ مقصود کی نقاب کشائی کون کرتا اور طالب کو مطلوب کی رہنمائی کون کرتا غم زدہ لوگوں کو لذت بخشنے والی نماز ہے۔ بیماروں کو آرام پہنچانے والی نماز ہے۔" ارحنی یا بلال " (اے بلال مجھے نماز کے ذریعہ راحت پہنچا) میں اسی کی طرف اشارہ ہے اور" قرۃ عینی فی صلاۃ " (میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں ہے) میں بھی اسی کی طرف رہنمائی ہے۔لوگ نماز کی حقیقت سے ناواقف ہیں۔

چون ندیدند حقیقت رہ افسانہ زوند

حقیقت صلاۃ کے اوپر معبودیت صرفہ کا مرتبہ ہے جو کہ سب کی اصل اور سب کی جائے پناہ ہے اس مرتبہ میں وسعت اور اس کے ساتھ کوتاہی ظاہر ہوتی ہے۔امتیاز راہ میں رہ جاتا ہے، سیر قدمی تمام ہو جاتی ہے لیکن الحمد للہ نظر کو منع نہیں فرمایا گیا۔(سیر قدمی کی کوئی گنجائش نہیں ہے)۔یعنی پرواز سے اس میں نہیں پہنچ سکتا بلکہ سیر نظری ہے ،نظر یعنی فکر سے فیض لے سکتا ہے کیونکہ نظر ہر جگہ پہنچ سکتی ہے ع

بلا بودی اگر ایں ہم بنودی

یعنی اگر یہ بھی نہیں ہوتا تو مصیبت ہوتی۔

اس مرتبہ میں مراقبہ ،ذات محض جو معبودیت صرفہ کا منشاء ہے ،کرتے ہیں ،قف یا محمد ﷺ (اے محمد ﷺ توقف فرمائے) میں ممکن ہے اشارہ اسی کوتاہی قدم کی طرف ہو یعنی محمد ﷺ ٹھہر جائیے اور قدم آگے نہ بڑھائیے کیونکہ مرتبہ حقیقت کے اوپر حضرت سبحانہ، تعالیٰ کے تجرد و تنزہ کا مرتبہ ہے کہ وہاں قدم کو جولانی کی اجازت نہیں ہے اور نہ گنجائش۔

کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ کی حقیقت اس مقام پر منکشف ہوتی ہے اور ماسوائے اللہ سے عبادت کی نفی مشکل ہو جاتی ہے اور اس بات کا یقین کامل کہ معبود حقیقی کے سوا کوئی

عبادت کے لائق نہیں ۔اس مقام میں حاصل ہوتا ہے اور عابد معبود سے کما ینبغی جُدا ہو جاتا ہے ۔لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ کے معنی منتہیوں کے بہ نسبت لا معبود اِلّا اللہ ہیں وہ اس جگہ معلوم ہو جاتے ہیں ۔جیسے کہ مبتدیوں کے بہ نسبت لا موجود اِلا اللہ اور متوسطین کی بہ نسبت لا مقصود اِلا اللہ ہیں ۔اس مقام مقدس میں نظر اور تیز بصری میں ترقی نماز کی عبادت پر منحصر ہے۔

جاننا چاہیے کہ حقائق الٰہیہ کی سیر یہاں تک ختم ہو جاتی ہے اور اب ان حقائق میں ترقی صرف اللہ تعالیٰ کے فضل پر موقوف ہے اب حقائق ایثار کا بیان ہوتا ہے ۔ان حقائق میں ترقی سید الابرار علیہ کی محبت پر موقوف ہے جیسا کہ حق سبحانہ اپنی ذات کو دوست رکھتا ہے ۔اسی طرح اپنی صفات اور افعال کو بھی دوست رکھتا ہے ۔پس محبت کی دو قسمیں ہوئیں (۱) مُحبّیت (۲) محبوبیت ۔مُحبیّت ذاتیہ کے کمالات کا ظہور حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیٰ نبینا وعلیہ السلام میں اور کمالات صفاتی اور محبوبیت اسمائی کا ظہور حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیٰ نبینا و علیہ الصلاۃ والسلام و دیگر انبیا علیہم السلام میں متحقق ہے ۔لہٰذا سالک کی سیر سب سے پہلے کمالات صفاتی اور حقیقت ابراہیمی ہیں کہ مقام خُلت اسی سے کنایہ ہے شروع ہوتی ہے۔

اس جگہ مراقبہ اس طرح کرے کہ اس ذات سے جو حقیقت ابراہیمی کا منشاء ہے، میری ہئیت وحدانی پر فیض آتا ہے ۔یہ مقام بہت ہی عجیب اور بہت ہی برکتوں والا ہے۔ انبیاء کرام اس مقام میں حضرت خلیل علیہ السلام کے تابع ہیں اور حبیب خدا سید الابرار علیہ کو بھی بموجب آیت کریمہ: ﴿ اتبع ملة ابراهيم حنيفا ﴾ (آپ ملت ابراہیم کی اتباع کریں جو سب سے ہٹ کر صرف اللہ کے ہونے والے ہیں)۔اتباعِ ملّتِ ابراہیمی کا حکم فرمایا۔اسی لیے حضور علیہ نے اپنے درود کو حضرت ابراہیم کے درود سے تشبیہ فرمائی ہے۔چنانچہ آپ نے امت کو درود ابراہیمی کی تعلیم فرمائی:

" اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ٥ اَللّٰهُمَّ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔"

بس اس مقام میں درود ابراہیمی پڑھنا ترقی بخشتا ہے اور سالک کو ذاتِ حق سبحانہ، کے ساتھ خاص انس وخلوت پیدا ہو جاتی ہے اور محبوبیت صفائی جو کہ عالم مجاز میں خد و خال اور قد و عارض وغیرہ سے تعبیر کی جاتی ہے بطور عکس جلوہ گر ہوتی ہے اس مقام کو طے کرنے کے بعد سالک کی سیر حقیقت موسوی جو کہ محبت صرفہ سے کنایہ ہے میں ہوتی ہے، مراقبہ اس طرح کرے کہ وہ ذات جو حقیقت موسوی کا منشاء ہے، میری ہیئت وحدانی پر فیض پہنچاتی ہے۔ اس مقام میں ایک عجیب کیفیت پوری قوت سے ظاہر ہوتی ہے، کمالات محبیت یعنی محبت ذاتی کا ظہور استغنا اور بے نیازی کے ساتھ ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ بعض موقعوں پر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بے تکلفی کے کلمات نکلے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے کلام کو نقل کرتے ہوئے فرمایا: ﴿ ان ھی الافتنتک ﴾۔

اس مقام میں درود شریف: " اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنبیاءِ والمرسلین" خصوصاً "عَلٰی کلیمک مُوسٰی علیہ السلام" ترقی بخشتا ہے۔

اس مقام سے اوپر مرتبہ حقیقۃ الحقائق ہے جس کو حقیقت محمدیہ علیٰ صاحبہا الف الف تحیہ کہا جاتا ہے، اس جگہ مراقبہ اس طرح کیا جاتا ہے کہ وہ ذات جو محب بھی ہے اور محبوب بھی اور حقیقت محمدی کا منشاء ہے، میری ہیئت وحدانی پر فیض رساں ہے گویا نام نامی محمد ﷺ کے دو میم محبیت اور محبوب کی طرف اشارہ ہیں۔ اس مقدس مقام میں خاص طرز پر فنا و بقا حاصل ہوتی ہے اور سرور دین و دنیا ﷺ کے ساتھ ایک خاص قسم کا اتحاد میسر ہو جاتا ہے اور رفع توسط کے معنیٰ۔ اکابر اولیاء اس کے قائل ہوئے ہیں یہاں ظاہر ہوتے ہیں اور تابع متبوع کے رنگ میں ایسی مشابہت پیدا کر لیتا ہے گویا ہر دو ایک ہی چشمے سے پانی

پیتے ہیں اور دونوں ہم آغوش وہم کنار ہیں اور دونوں ایک ہی بستر سے ہیں اور شیرو شکر ہیں۔ اور اس درجہ محبت آں سرور علیہ ﷺ سے پیدا ہو جاتی ہے کہ امام طریقہ حضرت مجدد الف ثانی کے اس قول کے معنی ظاہر ہوتے ہیں کہ: ''میں خدائے عزوجل کو اس لیے دوست رکھتا ہوں کہ وہ محمد ﷺ کا رب ہے۔ اس مقام میں سالک کو اپنے تمام دینی و دنیوی امور اور ہر حرکت وسکون میں محبوب رب العالمین سید الانبیا علیہ ﷺ کے اتباع سے کامل رغبت ہو جاتی ہے۔ کثرت درود ترقی بخشتا ہے۔

مرتبہ حقیقت محمدی علیٰ صاحبہا الف الف تحیہ ظہور اول ہے اور اس کو حقیقۃ الحقائق بھی کہتے ہیں اس لیے کہ یہ تمام حقائق خواہ وہ حقائق انبیاء ہوں یا حقائق ملائکہ علیہم الصلوٰۃ والسلام اس کے لیے ظل کی مانند ہیں۔

حقیقت محمدی کے بعد سالک کی ترقی دائرۂ حقیقت احمدی میں ہوتی ہے۔ اس مرتبہ میں مراقبہ اس طرح کرے کہ وہ ذات جو حقیقت احمدی کا منشاء ہے، میری ہیئت وحدانی پر فیض رساں ہے۔ اس مقام بلند میں نسبت سابقہ غلبہ انوار کے ساتھ جلوہ گر ہوتی ہے اور عجیب وغریب کیفیت پیدا ہوتی ہے جو بیان کرنے اور لکھنے سے باہر ہے۔ محبوبیت ذاتی اس مقام پر منکشف ہوتی ہے۔ محبوبیت ذاتی کا مطلب یہ ہے کہ صرف ذات سے قطع نظر صفات سے محبت کی جائے محبوبیت صفاتی کے سلسلہ میں پہلے گزر چکا ہے کہ محبوب کے چند صفات ہوتے ہیں جن کی وجہ سے محبت کی جاتی ہے۔ البتہ یہ امر ذوقی ہے، جب تک ذوق نہ ہو یہ امر حاصل نہیں ہوتا۔

اب بطور وضاحت مقام حضرت قیوم ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات سے چند سطور تحریر کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ ہمارے پیغمبر علیہ ﷺ دو ناموں کے ساتھ ہیں اور آپ کے دونوں اسمائے مبارکہ قرآن مجید میں ذکر کیے گئے ہیں۔ محمد رسول اللہ اور اسمہ احمد۔ اور ان دونوں مبارک ناموں کی ولایت علیحدہ علیحدہ ہے۔ ولایت محمدی

اگرچہ حضور ﷺ کے مقام محبوبیت ہی سے پیدا ہوئی ہے مگر اس جگہ آپ ﷺ کی محبوبیت محض محبوبیت نہیں ہے، محبت سے بھی میل رکھتی ہے، اگرچہ یہ میل اصالتاً ثابت نہ ہو، لیکن مقام محبوبیت محضہ کو مانع ہے۔

اور ولایت احمدی نری محبوبیت ہے کہ اس میں محبت کا شائبہ بھی نہیں اور یہ ولایت پہلی ولایت سے مطلوب سے نزدیکی کے اعتبار سے ایک مرحلہ آگے ہے، اور محبّ کے لیے مرغوب تر ہے، کیونکہ محبوب اگرچہ محبوبیت تام رکھتا ہے اور استغناو بے نیازی اس کی کامل تر ہوتی ہے، محبّ کی نظر میں زیادہ زیبا اور زیادہ رعنا ہوتا ہے اور اکثر محبّ کو اپنی طرف کھینچتا ہے اور اسے والہ وفریفتہ بناتا ہے۔

اور اس مصیبت وبلا سے مراد عشق کا افراط ہے کہ محبوب خود عاشق ہے، سبحان اللہ اسم احمد کی کیا شان ہے کہ کلمہ مقدسہ احد سے اور حرف میم کے حلقہ سے جو اسرار الٰہی کے غوامض سے ہے مرکب ہے۔

اللہ تعالیٰ نے عالم بے چوں میں گنجائش نہیں رکھی کہ عالم چوں میں سرمکنون کی تعبیر بغیر حلقہ میم کے سما سکے، اگر گنجائش ہوتو اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ تعبیر فرماتے۔

وہ احد ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور حلقہ میم طوقِ عبودیت ہے کہ بندہ کو مولا سے متمیز کرتا ہے، پس بندہ وہی حلقہ میم ہے اور لفظ احد اس کی تعظیم کے لیے اور اظہارِ خصوصیت کے لیے لایا گیا، فصلی اللّٰہ علیه و آلہ وسلّم۔

سوال: مشائخ نے فنا وبقا کا جو ذکر فرمایا اور ولایت کو اس کے ساتھ مربوط فرمایا تو اس کا کیا مطلب ہے اور جو فنا وبقا تعین محمدی کے سلسلہ میں ذکر کی گئی۔ اس کے کیا معنی ہیں؟

جواب: وہ فنا وبقا جس سے تھ ولایت مربوط ہے، شہود کی فنا وبقا ہے۔ اگر فنا زوال ہے تو باعتبار نظر ہے۔ اور اگر بقا اثبات ہے تو وہ بھی باعتبار نظر ہے۔ وہاں صفات

بشری کا پوشیدہ ہو جانا مراد ہے۔نہ کہ زوال۔اور تعین کا فنا ایسا نہیں بلکہ اس میں صفات بشری کا زوال وجودی محقق ہوتا ہے۔اور جسد سے تکوینی روح کا انخلا ہے۔

اور تعین کے بقا میں بھی بندہ اگرچہ حق نہیں ہو جاتا اور نہ بندگی کے دائرہ سے نکل جاتا ہے بلکہ حق سے بہت زیادہ نزدیک ہو جاتا ہے اور بہت زیادہ معیت پیدا ہو جاتی ہے اور اپنے آپ سے اتنا دور ہو جاتا ہے کہ اس سے احکام بشری سلب ہو جاتے ہیں۔

مرتبہ حقیقت احدی طے کرنے کے بعد ''حب صرف'' کا مقام آتا ہے اس جگہ مراقبہ ذات ''جو حب صرف'' کا مقام آتا ہے اس جگہ مراقبہ ذات جو حب صرف کا منشاء ہے کرتے ہیں۔اس مقام میں کمال بلندی اور بے رنگی لازمی امر ہے، ذات مطلق اور لاتعین کے بہت قریب ہونے کی وجہ سے کیونکہ سب سے پہلی چیز محبت ہے جو کہ ذاتِ مطلق سے ظہور پذیر ہوئی یہی محبت منشاء ظہور و مبداء تخلیق مخلوقات ہے حدیث قدسی ہے:

كُنتُ كَنزاً مَخفِياً	میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا،
فاحببت ان اُعرف	میں نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں،
فخلقت الخلق لان اُعرف	تو میں نے مخلوق کو پیدا کیا تا کہ میں پہچانا جاؤں۔

ہمارے اس مدعا پر نصِ قطعی ہے اور اصل میں حقیقت محمدی یہی ہے اور جو پہلے بیان ہوئی وہ اس کا ظل ہے۔حدیث قدسی ہے:

لَوْ لَاکَ لَمَا خَلَقْتُ	محمد ﷺ اگر آپ نہیں ہوتے
الْاَفْلَاکَ وَ لَوْ لَاکَ	تو میں آسمانوں کو پیدا نہیں کرتا اور اگر آپ
لَمَا اَظْهَرتُ الرَّبُوْبِيَة	نہیں ہوتے میں اپنی ربوبیت کو ظاہر نہیں کرتا۔

میں بھی اسی امر کی طرف اشارہ ہے (خوب سمجھ لو اور کوتاہی کرنے والوں میں سے نہ ہو جاؤ) یہ مقام حضرت سید الاولین والآخرین علیہ ﷺ کے ساتھ مخصوص ہے، دوسرے انبیاء علیہ السلام کے حقائق اس جگہ نہیں پائے جاتے اس کے بعد مقام ''لاتعین'' اور حضرت

ت کے اطلاق کا مرتبہ ہے کہ قدم کے لیے وہاں جولانی کی گنجائش نہیں یعنی سیر قدمی نہیں ہے۔ سیر نظری البتہ موجود ہے اور چونکہ حضرت ذات کی کوئی انتہا نہیں نظر عاجز حیران اور سرگردان ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے:

دامانِ نگہ تنگ و گل حسن تو بسیار
گلچین بہار تو زد امان گلہ دارد

یہ مقام بھی حضور سید کائنات علیہ الصلاۃ والتسلیمات کے ساتھ خاص ہے، اس جگہ مراقبہ اس ذات کا جو تعینات سے بری ہے کرتے ہیں۔

یہ ہے مختصر طور پر مقامات کا بیان۔ جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے حضرت مجدد الف ثانیؒ کو سرفراز اور ممتاز فرمایا اور ایک نیا طریقہ عنایت فرمایا: ذلک فضل اللّٰہ یوتیہ من یشاء و اللّٰہ ذُو الفضل العظیم۔

حضرت مجدد الف ثانی اور آپ کے عظیم فرزندوں اور آپ کے بلند مرتبہ خلفاء نے بڑے علماء اور عقلاء اور ارباب دانش و بنیش کے ایک جہان کو ان مقامات قرب سے بہرہ ور اور کامیاب بنایا ہے۔

خلد نگاہِ شوق درِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تو ہے

عاصی ہوں بخش دینے کو اس نے کہا تو ہے — جنت مجھے ملے نہ ملے آسرا تو ہے
دریائے معصیت میں نہ ڈوبوں گا میں کبھی — کشتی میری شکستہ سہی ناخدا تو ہے
مقبول وہ کرے نہ کرے میری بندگی — در پہ سرِ نیاز ہمارا جھکا تو ہے
پچھلے پہر کی بات ہے شاید قبول ہو — دل نے تڑپ تڑپ کے کچھ ان سے کہا تو ہے

جنت تو ہاتھ سے گئی مانا مگر شکیلؔ
خلدِ نگاہِ شوق درِ مصطفیٰ تو ہے

نہر دوم

اشغال مشائخ جیلانیہ کے بیان میں ہے۔

مشائخ جیلانیہ امام طریقت محبوب سبحانی قطب ربانی غوث صمدانی سید ابومحمد محی الدین عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ، کی نسبت کے حامل ہیں۔آپ کی ولادت باسعادت ۴۷۱ھ میں ہوئی اور وفات شریف ۵۶۲ھ میں ہوئی۔آپ کی عمر مبارک اکانوے سال کو پہنچی۔آپ کی ولادت، وفات اور عمر کے سنین کے لیے فارسی کا یہ شعر بہت ہی مشہور و معروف ہے۔

سینش کامل و عاشق تولد

۴۷۱ ۹۱

وصالش ذاں ز معشوق الٰہی

۵۶۲

واضح رہے کہ ابتدا میں اس خاندان کے ہاں طالب کو ذکر جہر متوسط کی تعلیم دی جاتی ہے۔جس کی دو قسمیں ہیں (۱) اسم ذات (۲) نفی و اثبات۔پھر اسم ذات چار قسم کا ہے۔

قسم اول: یک ضربی ہے۔جس کی صورت یہ ہے کہ شد و مد اور جہر کے ساتھ قلب و حلق کی قوت سے اللہ کہے۔ پھر تھوڑا توقف کرے تاکہ سانس قرار پائے۔پھر اسی طرح ضرب لگائے اور اسی کو معمول بنا کر اس کو ورد بنالے۔

قسم دوم: دو ضربی ہے۔اس کا طریقہ یہ ہے کہ نماز کی ہیئت پر دو زانو بیٹھے اور لفظ اللہ کی پہلی ضرب دائیں زانو پر لگا کر فوراً دوسری ضرب دل پر لگائے اس میں فصل نہ

کرے، اور یہ بھی ضروری ہے کہ دونوں ضربیں پوری قوت اور شد و مد سے لگائے۔ خاص کر دل پر ضرب شدت سے پڑے تاکہ دل متاثر ہو اور جمعیت خاطر حاصل ہو۔

قسم سوم: سہ ضربی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ چارزانو بیٹھے اور ضرب لگائے۔ پہلی ضرب دائیں زانو پر، دوسری بائیں زانو پر اور تیسری دل پر، شدت و جہر کے ساتھ۔

قسم چہارم: چار ضربی ہے۔ اس میں بھی نشست چارزانو ہی ہوتی ہے۔ پہلی ضرب دائیں زانو پر دوسری بائیں پر، تیسری دل پر اور چوتھی اپنے سامنے۔ یہ چوتھی ضرب سب سے زیادہ شدید اور آواز کی بلندی کے ساتھ لگائے۔

دوسری قسم نفی و اثبات میں لَآ اِلٰہ الا اللہ کی ضرب لگائی جاتی ہے۔ اس کی صورت یہ ہے کہ دوزانو رو بہ قبلہ بیٹھے، دونوں آنکھوں کو بند کر کے لفظ لا کہے۔ لا کہتے وقت سانس ناف سے کھینچے اور دائیں کندھے تک لے جائے پھر الہ کہے اور اس کو اصل دماغ سے نکالے اس کے بعد الا اللہ کی ضرب شدت و قوت کے ساتھ دل پر لگائے۔ نفی کے وقت، معبودیت و مقصودیت غیر خدا کی نفی کا دھیان رکھے، اور اثبات کے کلمے کے وقت اللہ تعالیٰ کے اثبات کا تصور کرے۔

ضربات کی شرط، شدت و جہر اور مقام و مکان کی رعایت میں حکمت یہ ہے کہ آدمی ہر طرف دیکھنے، اچھی آواز سننے، دل میں خطرات و وساوس آنے اور تصورات کے معاملہ میں چونکہ مجبور ہے اس لیے مشائخ طریقہ رحمہم اللہ نے غیر کی طرف سے توجہ ہٹانے کے لیے یہ طریقے اور یہ شرائط مقرر فرمائی ہیں تاکہ خارجی خطرات سے خالی ہو کر اللہ تعالیٰ کی ذات کی طرف توجہ ہو جائے۔

اہل سلوک کے لیے ضروری ہے کہ فجر و عصر کی نماز کے بعد باہم یکجا ہو کر حلقہ بنالیں۔ اجتماع میں بہت سے ایسے فوائد حاصل ہوتے ہیں جو انفرادی طور پر حاصل نہیں ہوتے۔

پس جب طالب پر فکر جلی کے اثرات مرتب ہو جائیں اور وہ اپنے اندر ذکر کے نور کا مشاہدہ کرلے۔ یعنی ذوق وشوق پیدا ہو جائے، خطرات رفع ہو جائیں، طمانیت قلب حاصل ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کی بڑائی ماسوا کے مقابلہ میں راسخ ہو جائے تب اس کو ذکر خفی کرایا جاتا ہے۔ اور اس کی بھی دو قسمیں ہیں۔

اول اسم ذات مع امہات صفات۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں آنکھیں بند کرے، ہونٹ بھی باہم ملالے اور زبان سے اللہُ سمیع، اللہ بصیر، اللہ علیم کہے، اور خیال میں ان کلمات کو اپنی ناف سے سینہ، سینہ سے دماغ، دماغ سے عرش تک کھینچ کر باہر نکالے، پھر کہے اللہ بصیر، اللہ علیم، اللہ سمیع اور اس دفعہ مقامات مذکورہ سے ان کا نزول تصور میں لائے (یعنی عرش سے دماغ، دماغ سے سینہ، سینہ سے ناف، یہ پورا ایک دور ہوا۔ اور اس کو اسی طرح بعد میں کرتا رہے۔ اس طائفہ کے بعض بزرگ اللہ قدیر کو بھی ان کلمات کے ساتھ شامل کرتے ہیں۔

دوسری قسم نفی واثبات ہے۔ جس کا طریقہ اوپر بیان ہوا۔ ایک اور طریقہ اس کا یہ ہے کہ سالک کو اپنے سانسوں کی آمد ورفت پر دھیان رکھنا چاہئے۔ جب سانس باہر آئے تو بزبان قلب لا الہ کہے اور جب سانس اندر جائے تو الا اللہ کہے۔ اکابر صوفیہ رحمۃ اللہ علیہم اس کو پاس انفاس کہتے ہیں۔ خطرات و وساوس وتصورات کو دور کرنے میں عظیم الخاصہ ہے۔ پس جب طالب پر ذکر خفی کے آثار ظاہر ہونے لگیں اور اپنے باطن میں اس ذکر کے نور کا مشاہدہ کرنے لگے تو اس کو مراقبہ کا حکم فرماتے ہیں اور اس کے اثر ظاہر ہونے سے مراد یہ ہے کہ شوق وغلبہ محبت اور ہمت تمام فکر کی سمت میں پیدا ہو اور اللہ تعالیٰ کی بزرگی اور اس کی طلب حاوی ہو جائے، سکوت میں مزہ ملے۔ گفتگو اور مشاغل دنیاوی سے طبیعت بھاگنے لگے۔

جاننا چاہیئے کہ مراقبہ مادہ ترقب سے مشتق ہے جس کے معنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے

فیض کا انتظار کرنے کے ہیں۔ مراقبہ کی چند قسمیں ہیں۔ پہلے اس کے معنی کلی کا ذکر کرتا ہوں تا کہ اپنے تمام جزئیات پر صادق آئے اور وہ یا تو آیتِ کلمہ کا زبان سے تلفظ کرنا ہے یہ دل میں اس کا خیال جمانا اور اس کے معنی کو اچھی طرح سمجھ میں بٹھا لینا ہے۔ اس کے بعد ن معانی کی کیفیات اور اس کے مصداق کا تصور کرنا۔ پھر دل کو یکسو کر کے صورۃ معہودہ پر س طرح توجہ جمائے کہ دل میں اس خاص صورت کے سوا کسی اور چیز کا گزر نہ ہو۔ تا آنکہ س صورت کا استغراق متحقق ہو جائے اور اس کے ماسوا سے ذہن خالی ہو جائے، مراقبہ کی صل یہ حدیث شریف ہے:

"ان تعبد اللّٰہ کانک تراہُ فان لم تکن تراہُ فانہٗ یراک" ہے۔

پس سالک یا تو اللہ حاظری، اللہ ناظری، اللہ معی کا دل میں خیال لائے اور اللہ تعالیٰ کے حاظر و ناظر ہونے یا اس کی معیت کا جہت و مکان کے تنزیہ کے ساتھ تصور کرے تا ۔اس تصور میں استغراق پیدا ہو۔

یا آیت شریف ﴿ و ھُوَ معکُم اینما کُنتُم ﴾ (تم جہاں بھی ہو وہ تمھارے ساتھ ہے) کے مفہوم کو لحاظ میں رکھے اور حالت قعود و قیام، خواب و بیداری، خلوت و جلوت میں اللہ تعالیٰ کی معیت کا تصور کرے، یا ان آیات کے الفاظ زبان پر جاری رکھے۔

﴿ اینما تولوا فثم و جهه اللّٰه ﴾ (تم جدھر بھی منہ پھیرو ادھر ہی اللہ ہے)

﴿ اولم یعلم بان اللّٰه یری ﴾ (وہ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ ان کو دیکھ رہا ہے)

﴿ نحن اقرب الیه من حبل الورید ﴾ (ہم اس کی رگ جان سے بھی زیادہ قریب ہیں)

﴿ و اللّٰه بکل شئی محیط ﴾ (اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے)

﴿ ان معی ربی سیھدین ﴾ (مرا رب مرے ساتھ عنقریب راستہ دکھا دے گا)

﴿ ھو الاول الآخر و الظاھر و الباطن ﴾ (وہی اول وہی آخر وہی ظاہر

وہی باطن)

یہ تمام مراقبات مذکورہ اللہ تعالی سے تعلق خاطر کے لیے مفید ہیں۔

ہاں وہ مراقبے جو قطع علائق، تجرد تام، سکر وصحو کے لیے مفید ہیں ان کے مجملہ

آیت ﴿ کل من علیها فان و یبقی وجه ربک ذو الجلال والاکرام ﴾ کا مراقبہ

ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نفس کو مردہ تصور کرے اور دل سے غائب جانے اور سمجھے کہ

اس کو ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جارہا ہے۔ آسمان کو تتر بتر اور ٹوٹا پھوٹا تصور کرے اور

خیال کرے کہ نہ اب اس کی وہ ترکیب رہی نہ صورت۔ اور یہ تصور کرے کہ بس اللہ تعالیٰ ہی

باقی وموجود ہے۔ اس مراقبہ کی اتنی مشق کرے کہ اس کا نتیجہ جو محویت ہے، حاصل ہوجائے۔

اسی آیت ﴿ ان الموت الذی تفرون منه فانه ملاقیکم ﴾ (جس موت

سے تم بھاگتے پھر رہے ہو وہ تم کو پکڑ کر رہے گی) اور ﴿ اینما تکونوا یدرککم الموت

ولو کنتم فی بروج مشیدة ﴾ (تم جہاں بھی ہو موت تم کو پکڑ لے گی چاہے بلند و مضبوط

برجوں ہی میں کیوں نہ جا چھپو) کا مراقبہ ہے۔

پس جب سالک پر مراقبہ کے فوائد ظاہر ہوجائیں اور اس کے انوار کا مشاہدہ

کرنے لگے تو اسے توحید افعالی سبق دیتے ہیں۔

واضح رہے کہ جناب سید المرسلین ﷺ نے دو چیزوں کی ترغیب وتاکید فرمائی ہے۔

ایک ذکر اللہ کہ اس سے زبانی ذکر مراد ہے۔ اور دوسرے فکر کہ اس سے مراقبہ

مراد ہے۔ اور مشائخ طریقت نے سالک کی ترقی از ذکر تا سوئے فکر میں آسانی کے لیے

ذکر خفی استنباط فرمایا ہے۔

بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ ہم نے آنے والے واقعات کے معلوم ہونے کے

لیے تجربہ کیا اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ طالب غسل کرکے عمدہ لباس جو اس کے پاس ہو، پہنے

اور خوشبو لگائے، اور خلوت میں معتکف ہوکر بیٹھے۔ اور قرآن شریف کھلا اپنے دائیں طرف

ئے، دوسرا بائیں، تیسرا سامنے، چوتھا پیچھے، اور پھر پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ وہ فلاں واقعہ کا انکشاف فرمادے۔ اب اسم ذات کا ورد بغیر آنکھیں بند کیے اس طور کرے کہ ایک ضرب دائیں طرف کے قرآن پر، دوسری بائیں طرف والے پر، تیسری سامنے والے پر اور چوتھی پیچھے والے پر لگائے، تا آنکہ اسے اپنے دل میں انشراح اور نور محسوس ہونے لگے۔ خلوت میں ایک ہفتہ تک اس شغل پر مواظبت کرنے سے واقعہ مطلوبہ کے متعلق کشف یقیناً ہو جائے گا۔ بعض مشائخ نے شغل مذکورہ میں قرآن شریف کی بے ادبی سمجھ کر پسند نہیں کیا، اس کے بجائے اسمائے الٰہیہ، یَا عَلِیْمُ، یَا مُبِیْنُ، یَا خَبِیْرُ کا ذکر بشرائط مذکورہ بتایا ہے، جیسا کہ میں اس کا ذکر یک ضربی یا سہ ضربی کے تحت کر چکا ہوں واللہ اعلم۔

مشائخ رحمۃ اللہ علیہم فرماتے ہیں کہ انھیں شروط مذکورہ کے ساتھ ہم نے کشف ارواح کا تجربہ کیا کہ دائیں طرف "سبوح" کی، بائیں طرف "قدوس" کی، آسمان کی طرف "رب الملائکہ" کی اور قلب پر "والروح" کی ضرب لگائی جائے۔

کار مشکل کی برآری کے لیے شرائط مذکورہ کے ساتھ رات کے وقت جس قدر پڑھ سکے نوافل پڑھے۔ اس کے بعد دائیں جانب یا حیُ بائیں طرف یا وھاب کی ضرب لگائے اور ہزار مرتبہ ایسا کرے۔

انشراح قلب اور بلیات کے دفعیہ کے لیے اللہ کی ضرب دل پر لگائے اور "لَا اِلٰہ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ" کی دائیں جانب اور "القیوم" کی بائیں جانب لگائے۔

جب اللہ تعالیٰ سے کسی مریض کی شفایابی، یا بھوک کے دفعیہ اور وسعت رزق یا قہر دشمن کی دعا مانگنا چاہے تو اسمائے الٰہیہ میں سے مناسب حال نام تلاش کرے۔ اور اس اسم کا دو ضربی، تین ضربی یا چار ضربی ذکر کرے، یَا شَافِیُ، یَا صَمَدُ، یَا رَزَّاقُ، یَا مُذِلُّ وغیرہ وغیرہ، واللہ اعلم۔

نہر سوم

اشغال واذکار چشتیہ کے بیان میں

حضرات چشتیہ امام طریقت حضرت خواجہ جہاں ،قطب ہندوستان سید معین الدین حسن چشتی رضی اللہ عنہ، کی طرف منسوب ہیں۔

خواجہ صاحب نے بیان فرمایا کہ:

امیر المومنین حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ کی خدمت حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ جو راستہ اللہ تعالیٰ کی طرف زیادہ قریب کرنے والا اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ افضل اور بندگان خدا کے لیے زیادہ آسان ہو مجھے وہ بتائیے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: خلوت میں ذکر کی کثرت اختیار کرو۔عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کس طرح ذکر کروں۔ارشاد فرمایا اپنی دونوں آنکھیں بند کرو اور میں جو کہتا ہوں سنو۔ پھر آپ ﷺ نے تین مرتبہ لا الہ الا اللہ فرمایا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ، سنتے رہے پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تین بار لا الہ الا اللہ کہا اور حضور ﷺ نے سماعت فرمایا۔

پھر حضرت علی نے یہ ذکر حسن بصری کو تلقین فرمایا اور انھوں نے حضرت عبد الواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ کو اس طرح تعلیم فرمایا اور ہم تک اسی طرح پہنچا۔

پس جب شیخ مرید کو ذکر کی تلقین کرنا چاہتا ہے تو مرید کو روزہ رکھنے کا حکم دیتا ہے اگر جمعرات کا دن ہو تو بہتر ہے۔اور استغفار ودرود، گیارہ گیارہ بار پڑھنے کو کہتا ہے اور کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ﴿ فاذکروا واللہ قیاما و قعودا و علی جنو بھم ﴾ فرمایا ہے۔اس لیے اس معاملہ میں ایسی کوشش کرو کہ تم پر کوئی ایسا وقت نہ گزرے کہ تم ذاکر نہ ہو۔

اور معلوم کرو کہ تمہارا قلب بائیں پستان کے نیچے دو انگل کے فاصلہ پر ہے جس کی شکل گل صنوبر کی سی ہے۔ اور اس کے دو دروازے ہیں۔ ایک فوقانی، ایک تحتانی۔ اور فوقانی دروازہ کھلنا ذکر جہری پر موقوف ہے اور تحتانی دروازہ کا ذکر خفی پر۔ جب ذکر جہر کا ارادہ ہو تو چار زانو بیٹھو اور رگ کیماس کو دائیں پاؤں کے انگوٹھے اور اس کے برابر والی انگلی سے پکڑو۔ رگ کیماس ایک رگ کا نام ہے جو زانو کے اندر ہوتی ہے، اس رگ کا بطریق مذکورہ پکڑنا خطرات و وساوس کی نفی کے لیے مفید ہے اور قلب کو حرارت بخشتا ہے۔ رو بہ قبلہ بیٹھو اور لا الہ الا اللہ اندرون قلب پوری قوت اور شد و مد سے کہو، حرف لا کو ناف سے کھینچ کر سیدھے کندھے تک لا کر باہر نکالو اور لفظ اِلٰہ کو اصل دماغ سے اور اپنے تصور میں یہ اشارہ کرو کہ ماسوا اللہ کی دوستی کو اپنے اندر سے نکال کر باہر پھینکتا ہوں اور پس پشت ڈالتا ہوں، اِلٰہ پر سانس نہ توڑو بلکہ شدت و قوت کے ساتھ الا اللہ کی ضرب دل میں لگاؤ۔ مبتدی غیر خدا کی معبودیت کی نفی کا لحاظ کرے اور متوسط نفی مقصودیتِ غیر خدا، اور منتہی غیر خدا کے وجود کی نفی کا لحاظ کرے۔

اس ذکر کی شرط اعظم اپنی جمعیت کو جمع کرنا اور کلمہ طیبہ کے معنی کو سمجھنا ہے ذکر جہر کرنے والے کے لیے مناسب ہے کہ کمی طعام نہ کرے، چوتھائی معدہ کا خالی رکھنا کافی ہے، اور روغنیات کا استعمال بھی ضروری ہے تاکہ دماغی خشکی لاحق نہ ہو۔

جب پاس انفاس کرنا چاہے تو چاہیئے کہ اپنے نفس کی آمد و شد سے ہوشیار اور بیدار رہے۔ جب سانس باہر کی طرف آئے تو لا الٰہ کہے اور اپنے خیال سے محبت ماسویٰ اللہ کو اپنے باطن سے باہر نکال پھینکے اور جب سانس اندر جائے تو الا اللہ کہے اور خیال کرے کہ اپنے دل کے اندر محبت الٰہی ڈال رہا ہوں۔

مشائخ کرام رحمتہ اللہ علیہم فرماتے ہیں سلوک کا رکن اعظم مرید کے قلب کا ربط قلب شیخ سے باعتبار محبت و تعظیم کے ہے، اور شیخ کی صورت کا تصور ہے۔ جب طالب کا

باطن نور ذکر سے مزین ہو جائے تو مراقبہ کا حکم کرے، کہ ان کلمات اللّٰہ حاضری، اللّٰہ ناظری، اللّٰہ معی یا آیت ﴿ انه بکل شئی محیط ﴾ کا مراقبہ دل یا زبان سے کرے۔ یا اللہ تعالیٰ کو اپنے اور قبلہ کے درمیان حاضر تصور کرے اور مشاہدہ کرے۔

جو سالک چلہ کرنا چاہے اسے چند امور کی رعایت کرنا ضروری ہے۔

ہمیشہ روزہ سے رہے، ہر وقت قیام میں رہے، کم کھائے، کم بولے، کم سوئے اور لوگوں سے میل جول کم کرے۔ بیداری اور سوتے وقت تک ہر وقت باوضو رہے، اپنے قلب کو شیخ کی محبت اور احترام کے ربط سے مربوط رکھے، غفلت اپنے اوپر حرام کرلے۔ جب جائے اعتکاف میں دایاں پاؤں رکھے تو اعوذ اور بسم اللّٰہ پڑھ کر تین مرتبہ سورہ والناس پڑھے، اور جب بایاں پاؤں رکھے تو کہے:

"اَللّٰھُمَّ اَنْتَ وَلِیِّ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَة کن لی کما کنت لمحَمّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّم و ارزقنی بمحبتک. اَللّٰھُمَّ ارزقنی حبک و اشغلنی بجمالک و اجعلنی من المخلِصِیْن. اَللّٰھُمَّ مه نَفْسِی بجذبات ذاتک یا اینس من لا اینس لهٗ. رب لا تذرنی فردا و انت خیر الوارثین"

اور مصلّے پر کھڑے ہو کر اکیس بار پڑھے: "اِنِّیْ وجھت وجھی للذی فطر السَّمٰوٰات وَ الارضِ حنیفاً و ما انا من المشرکین." اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد آیت الکرسی اور دوسری میں آمن الرسول پڑھے۔ سلام کے بعد طویل سجدہ کرے اور خوب توجہ سے دل لگا کر دعا کرے۔ اور پانچ صد مرتبہ یا فتاح پڑھے، پھر مذکورہ بالا اذکار میں مشغول ہو جائے۔

مزارات پر حاضری دینے والوں کے لیے خصوصی طور پر کہا گیا ہے جب کہ مقبرہ میں داخل ہوں تو مقبرہ میں دو رکعت کے اندر انا فتحنا پڑھیں اور میت کی طرف متوجہ ہو کر

بیٹھ جائیں ۔سورہ ملک پڑھیں، تکبیر وتہلیل کہیں اور گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر میت کے
نزدیک ہوکر اکیس بار یارب کہیں ۔اس کے بعد کہے، اے روح آسمان کی طرف اڑو،
اے روح الروح مرے قلب میں ضرب لگاؤ تاکہ انشراح اور نور پیدا ہو، پھر اس فیض کا
انتظار کرے جو صاحب قبر کی جانب سے ترے دل تک پہنچے۔

سخت مشکل کے وقت حضرات چشتیہ کے ہاں صَلوٰۃ کُنْ فَیَکُون کا معمول ہے
جو بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو پڑھی جاتی ہے ۔دو رکعت نماز نفل کی نیت کرے ۔پہلی
رکعت مین سورۃ فاتحہ ایک بار اور سورۃ اخلاص سو بار اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ سو بار
اور سورۃ اخلاص ایک بار ۔سلام کے بعد سو بار کہے ''اے دشواریوں کو آسان کرنے والے
اور اے تاریکیوں کو روشن کرنے والے۔''

اور سو بار درود شریف پڑھے اور حضور قلب کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے،
تیسری رات نماز اور دعا سے فارغ ہوکر سر ننگا کرے اور گریہ وزاری کے ساتھ اپنے
مطلب کی دعا پچاس مرتبہ کہے، انشاءاللہ دعا مستجاب ہوگی۔

نہر چہارم

اصطلاحات طریقت کا بیان جو حضرات نقشبندیہ کے ہاں رائج ہیں

سلسلہ نقشبندیہ خواجہ خواجگان پیران پیر امام طریقت و شریعت و حقیقت، مرکز دائرہ ولایت و معرفت قطب المحققین حضرت خواجہ بہاء الدین محمد بن البخاری مشہور بہ شاہ نقشبند رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہے۔ آپ نسباً سید ہیں اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ، کی اولاد میں سے ہیں۔ آپ کی ولادت محرم ۷۰۸ھ میں ہوئی۔ اور وفات شب دو شنبہ ۳ ربیع الاول ۷۹۱ھ میں ہوئی۔

کسی نے کہا، خواجہ نقشبند رکاوٹ دور کرنے والے ہیں، مرید کے دل سے غیر کا نقش مٹا دیتے ہیں۔

طریقہ مجددیہ جس کا ذکر نہر اول میں کیا گیا ہے۔ نقشبندیہ طریقہ کے اصول پر مبنی ہے۔ وہ اصول وقوف قلبی اور مبداء فیاض کے ساتھ توجہ، خطرات کی نگہداشت، شیخ مقتدا کی صحبت کے التزام اور دوام ذکر پر مشتمل ہیں اور ان کی شرائط کے مطابق ذکر کی اقسام کا وہاں ذکر ہو چکا ہے۔

اب بعض وہ کلمات جن پر طریقہ نقشبندیہ کی بنیاد رکھی گئی ہے، بیان کرتا ہوں۔ غور وتوجہ سے سنیے۔ وہ کلمات یہ ہیں: ہوش در دم۔ نظر بر قدم۔ سفر در وطن۔ خلوت در انجمن۔ یاد کرد۔ باز گشت۔ نگہداشت اور یادداشت۔ یہ آٹھ کلمات حضرت خواجہ جہاں مولانا عبدالخالق غجدوانی رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہیں۔ ان میں تین کلمات وقوف زمانی، وقوف قلبی اور وقوف عددی کا اضافہ شاہ نقشبند رحمتہ اللہ علیہ

نے فرمایا ہے۔

ھوش دَردَم کا مطلب یہ کہ سالک ہر آن اپنے نفس کے متعلق بیدار رہے اور یہ دیکھتا رہے کہ اس کا نفس ذاکر ہے یا غافل ہے اور اس کو بتدریج دوام حضوری تک پہنچاتا رہے۔ یہ صورت مبتدی سالک کے لیے مفید ہے۔ متوسط کو چاہیے کہ وہ ہر لحظہ اپنے نفس کی ٹوہ میں رہے۔ مثلاً ہر گھڑی بعد دیکھے کہ اس میں غفلت تو داخل نہیں ہوگئی۔ پس اگر غفلت موجود پائے استغفار کرے اور آئندہ اس کے ترک کا قصد کرے اور اس طرح لحاظ کرتا ہوا دوام حضوری پر فائز ہو اور اخیری معنی وقوف زمانی کے ہیں جس کو شاہ نقشبندؒ نے استخراج فرمایا۔ اس لیے کہ متوسط کو علمی کیفیت کا علم ہر وقت فکر مند بنائے رکھتا ہے اور توجہ الی اللہ میں اس کی استغراقی کیفت ایسی ہوتی ہے کہ اس توجہ کا علم اس میں مانع نہیں ہوتا۔

اور نظر بر قدم کا مطلب یہ ہے کہ سالک کو چاہئے چلتے وقت نظر پاؤں پر رکھے اور بیٹھنے کی حالت میں اپنے سامنے دیکھے، دائیں بائیں نظر ڈالے اس سے بہت بڑا نقصان ہوتا ہے اور مقصد میں رکاوٹ پڑتی ہے، اور یہی حکم اس کی طرف کان لگانے کا ہے کہ لوگوں سے بات چیت اور قصص و حکایات سے بھی پرہیز کرنا چاہیے اور یہ معنی مبتدی کے حسب حال ہیں اور منتہی کے حسب حال یہ ہے کہ اپنے حال پر غور کرے کہ انبیاء علیہم السلام میں سے کون سے نبی کے قدم پر ہے۔ اس لیے کہ بعض اولیاء زیر قدم حضرت محمد ﷺ ہوتے ہیں اور ان کو محمدی المشرب کہا جاتا ہے، بعض بر قدم حضرت ابوالبشر آدم علیہ السلام ہوتے ہیں اور آدمی المشرب کہلاتے ہیں۔ بعض دوسرے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زیر قدم ہوتے ہیں اور ان کا نام ابراہیم المشرب ہوتا ہے، ایک گروہ موسیٰ علیہ السلام کے زیر قدم سر رکھے ہوئے ہے اور موسیٰ المشرب اس کا لقب ہے۔ ایک گروہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تحت قدم ہونے کے سبب عیسوی المشرب کہلاتا ہے۔

پس جب سالک اپنے متبوع کو پہچان لے گا تو اس کے حالات و واقعات متبوع

کے واقعات کے مناسب ہوں گے۔

سفر دَر وَطَن سے مراد بشریہ صفات سے صفاتِ ملکیہ کی طرف ہر وقت انتقال کرتے رہنا ہے۔ سالک کو چاہیے کہ اپنے نفس میں سے اس بات کا پتہ لگائے، کہ اس میں غیر کی محبت باقی ہے یا نہیں، اگر موجود پائے تو توبہ کرے اور سمجھ لے کہ میرے لیے یہ بت ہے۔ کلمہ لآ سے اس کی نفی کرے اور الا اللہ سے اللہ تعالیٰ کی محبت کا اثبات کرے۔

سالک پر یہ بھی واجب ہے کہ اپنے دل کا جائزہ لے۔ اگر اس میں کسی جانب سے بغض، عداوت، یا کینہ ہو تو اس کلمہ کی مداومت سے دور کرے۔

خلوت دَر انجُمَن کا مطلب یہ ہے کہ سالک کا دل ہر وقت ہر حال میں خدا تعالیٰ کے ساتھ مشغول رہے اور ہر وقت اللہ کی طرف متوجہ رہے۔

اس ماہ وش کی طرف سے پلک جھپکنے کی مدت کے لیے بھی غافل نہ ہو، شاید کسی وقت توجہ کرے اور تم متوجہ نہ ہو۔ اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ صوفی خلق میں گھلا ملا بھی ہے اور ان سے دور بھی ہے۔ باعتبار ظاہر تو وہ ان میں ملا جلا نظر آتا ہے مگر باطن کے اعتبار سے ان سے جدا رہتا ہے۔

چنانچہ خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہ، فرماتے ہیں کہ قرآن شریف کی آیت ﴿رجال لا تلهيهم تجارة ولا بيع عن ذكر الله﴾ میں اسی طرف اشارہ ہے۔ حق یہ ہے درویشوں کا لباس پہن کر ہر وقت اللہ تعالیٰ سے لو لگانے میں ظاہری طور پر مشغول رہنے میں اکثر ریا اور دکھلاوے کا شبہ ہوتا ہے اس لیے بہتر ہے کہ اپنا لباس علماء وصلحاء کا سا رکھے اور دلی طور پر ہر وقت اللہ تعالےٰ کی طرف متوجہ رہے۔

حضرت خواجہ عزیزاں علی رامینی فرماتے ہیں۔

اندرونی چیزوں کی خبر رکھو، بیرونی اور ظاہری چیزوں پر توجہ نہ دو، ایسی توجہ اور روش جہاں میں کم پائی جاتی ہے۔

یاد کرد کا مطلب ذکر اللہ سے ہے۔ وہ ذکر اسمِ ذات کا ہو یا نفی و اثبات کا جیسا کہ نہر اوّل میں تفصیلاً مذکور، ہوا ہے۔ کیونکہ ذکر ہی فنا و بقاء کا موجب ہے اور ذکر ہی خدا تک پہنچاتا ہے۔

﴿ و اذکروا اللّٰہ کثیراً لعلکم تفلحون ﴾ ۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے جس سے اس مدعا کی تصدیق ہوتی ہے۔

بازگشت کا مطلب یہ ہے کہ کچھ دیر ذکر کر کے حق اللہ تعالیٰ سے دعا و مناجات کرے کہ الٰہی میرا مقصود تو اور تیری رضا ہے۔ تیری خاطر میں نے دنیا و آخرت ترک کر دی، تو اپنی نعمت مجھ پر تمام فرما۔ اور اپنی جناب میں وصول تام عطا فرما۔ ذکر میں یہ بہت بڑی شرط ہے، اس سے ہرگز تغافل نہ کریں کہ بڑی فائدہ کی بات ہے۔

نگہداشت سے خطرات و وساوس اور تصورات کی ادھیڑ بن سے اپنے دل کی حفاظت کرنا مراد ہے۔ سالک کو چاہیے کہ بیدار و ہوشیار رہے۔ دل میں خطرات و وساوس گزر کرنے نہ پائیں کہ اندر جا کر گھر کر لیں، اور ازالہ میں مشکلات پیش آئیں۔ یہ طریقہ اختیار کرنا ملکہ جمعیت و طمانیت ہے اور جب ملکہ جمعیت حاصل ہو جائے یعنی قلب سے خطرات کا بالکل استیصال ہو جائے تو فنائے قلب حاصل ہو جاتی ہے۔ البتہ دماغ میں کچھ نہ کچھ اتر تا رہتا ہے۔ فنائے نفس کے بعد دماغ سے بھی یہ کیفیت زائل ہو جاتی ہے۔

یہ خیال کرنا کہ خطرہ ادراک میں بھی کہیں سے نہ آئے۔ حیرت کی بات ہے خطرہ کا بالکلیہ مٹ جانا اصل عقل کے نزدیک معقول نہیں۔ لیکن خدا کے دوستوں کے طریقے عقل و نظر سے ماوراء ہوتے ہیں۔ جیسا کہ مولانا روم فرماتے ہیں (اس لیے ان کی حالت پر اپنے کو قیاس نہ کرے)۔

پاکباز حضرات کے کاموں کو اپنے کاموں پر قیاس نہ کرو۔ اگر چہ شیر و شیر کا املا ایک ہے (مگر معنیٰ وحقیقت میں بڑا بعد ہے)۔

واضح رہے کہ فنا چار قسم کی ہوتی ہے۔

اوّل: فناءِ خلق کہ خدا کے ماسوا سے امید و بیم بالکل نہ رہے۔

دوم: فنائے ھوا کہ دل میں خدا کی خواہش کے سوا کوئی آرزو نہ رہے۔

دیدہ و دل کی تسکین کس طرح کروں کہ ہر وقت دل و دیدہ تیری طلب و خواہش کرتے رہتے ہیں۔

سوم: فنائے ارادہ کا کہ سالک سے ارادہ و خواہش کی صفت ہی زائل ہو جائے۔ جیسا کہ مردہ سے زائل ہو جاتی ہے۔

چہارم: فناءِ فعل کہ "بی یبصر" (میرے ساتھ دیکھتا ہے)، "بی یسمع" (میرے ساتھ سنتا ہے)، "بی ینطق" (میرے ساتھ کلام کرتا ہے)، "بی یبطش" (میرے ساتھ پکڑتا ہے)، "بی یمشی" (میرے ساتھ چلتا ہے)، "بی یعقل" (میرے ساتھ سوچتا ہے) کی کیفیت جلوہ گر ہو جائیں۔

حق تعالیٰ کا علم صوفی کے علم میں گم ہو گیا۔ مگر لوگوں کی سمجھ میں یہ بات نہیں بیٹھتی۔

توبہ، انابت، زہد، قناعت، ورع، صبر، شکر، توکل، تسلیم اور رضا، ان دس مقامات کے حصول کے بغیر مقام ولایت پر فائز ہونا تصور ہی میں نہیں آتا۔ گو بالاجمال سہی مگر حصول ضروری ہے۔ جیسا کہ طریقہ نقشبندیہ مجددیہ میں ہے۔ اس لیے کہ تفصیل مذکورہ کے مطابق اس خاندان میں نسبت اجمالی و جذبی ہے۔

اور دوسرے سلسلوں کی سیر سلوکی ہے اور سیر سلوکی بہت تفصیلی ہوتی ہے۔

یادداشت کے معنیٰ ہیں کہ الفاظ و تخیلات سے خالی، توجہ اللہ تعالیٰ کی ذات بیچوں وچگوں کی طرف اور سچی بات یہ ہے کہ ایسی توجہ فناء تام اور بقاء کامل کے بعد ہی حاصل ہو سکتی ہے۔

وقوف زمانی کی تعریف ہوش دردم کے ذیل میں بیان کی جا چکی ہے۔

وقوف عددی نفی و اثبات میں طاق عدد کی رعایت کرنے سے مراد ہے۔ جیسا کہ نہر اوّل میں اس کا بیان آچکا ہے۔

وقوف قلبی دل کی طرف جو بائیں پستان کے نیچے ہے، توجہ کا نام ہے۔ اس توجہ کی حکمت ایسی ہی ہے جیسی کہ طریقہ جیلانیہ میں ضرب کی۔ جیسا کہ اوپر مذکور ہے۔

جاننا چاہیے کہ مشائخ نقشبندیہ میں یہ تصرفات کی قوت عجیب وغریب ہوتی ہے۔ مثلاً کسی کام پر جمع ہمت کرلیں تو وہ کام ان کی ہمت کے موافق ہو کر رہتا ہے یا مثلاً طالب میں تاثیر کرنا، اور مریض سے مرض سلب کر لینا، گنہگار کا توبہ پر آمادہ ہو جانا، اور لوگوں کے دلوں پر تصرف کہ وہ محبت و تعظیم سے پیش آتے ہیں، ان کے محسوسات ایسے ہوتے ہیں کہ ان میں بڑے بڑے واقعات کا نقشہ آجاتا ہے۔ زندہ یا اہل قبور بزرگوں کی نسبت پر باخبر ہو جانا۔ دلی ارادوں پر مطلع ہو جانا، آنے والے واقعات کا انکشاف ہو جانا، نازل ہونے والی بلاؤں کا دفعیہ وغیرہ وغیرہ یہ سب اس سلسلہ عالیہ کے شیروں کی خصوصیات ہیں۔

حضرات نقشبندیہ کی قافلہ سالاری بہت ہی عجیب ہے۔ یہ پوشیدہ راستہ سے
قافلہ کو حرم تک لے جاتے ہیں۔

سالک راہ کے دل میں ان کی محبت کا جاذبہ ہی اس کو خلوت و چلہ کشی کی راہ سے نکال کر لے جاتا ہے۔ ناواقف اگر اس طائفہ پر ناواقفی کا طعنہ دے تو یہ بات بخدا قابل شکایت ہے۔

دنیا جہاں کے شیر اس سلسلہ سے منسلک ہیں۔ لومڑی حیلہ سازی اس سلسلہ کو کیسے توڑ سکتی ہے۔ ان سب پر اللہ تعالےٰ اپنی رحمت نازل فرمائے۔ (آمین)

طالبان حق پر توجہ کرنے کا طریقہ مشائخ کرام کا یہ ہوتا ہے کہ جس نسبت کا ارتقاء طالب پر منظور ہوتا ہے اس نسبت میں شیخ اپنے نفس کی طرف متوجہ ہو کر پوری قوت اور توجہ تام سے اس نسبت کو طالب کی طرف منتقل کرتا ہے چنانچہ وہ نسبت حسب استعداد طالب

منتقل ہو جاتی ہے۔

اور جب طالب غائب ہو تو اس کی صورت کا تصور کر کے غائبانہ توجہ فرماتے ہیں اور اس کے کام کو انجام تک پہنچاتے ہیں۔

ایسے ہی ہر مشکل کام جو ان کو پیش آتا ہے اس کے حل میں ہمت کرتے اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرتے ہیں اور وہ کام ان کی تمنا کے مطابق پورا ہو جاتا ہے۔

اہل اللہ کی نسبت دریافت کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اگر زندہ ہوں تو ان کے روبرو، ورنہ قبر کے نزدیک بیٹھ کر اپنے نفس کو اپنی نسبت سے خالی کر لیتے ہیں اور اپنی روح کو ان کی روح سے متصل کر کے اپنے نفس کی طرف اس کو متوجہ کرتے ہیں۔ اس میں جو کیفیت آئے گی وہی اس شخص کی نسبت ہوگی۔

لوگوں کے دلوں کے خطرات پر مطلع ہونے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نفس کو اس کے نفس سے ملاتے ہیں، اگر کوئی بات ذہن میں اتر آئے تو وہ اس شخص کا خطرہ قلبی ہوگا۔

آئندہ پیش آنے والے واقعہ کی خبر معلوم کرنے کی صورت یہ ہے کہ ہر چیز سے اپنے نفس کو فارغ کرے بجز واقعہ مطلوبہ کے انتظار کے، جب تصورات ختم ہو جائیں اور صرف انتظار رہ جائے تو اپنے نفس کو ملائکہ کرام کے ساتھ ملحق کرے، انشاء اللہ اس پر وہ واقعہ ہاتف غیبی کی طرف سے خواب یا بیداری میں منکشف ہو جائے گا۔

نازل ہونے والی بلا کو دور کرنے کی صورت یہ ہوتی ہے کہ اس بلا کی صورت مثالیہ کو ملحوظ رکھ کر اس کے دفعیہ کے لیے ہمت قوی کے ساتھ اس کی طرف توجہ کی جاتی ہے، اللہ تعالیٰ کی مدد سے رفع ہو جاتی ہے۔

بسم اللہ الرحمان الرحیم

درود شریف

اور اس کے

فضائل و برکات

درود شریف ہزارہ

(تین (۳) بار پڑھیں)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

اے درود بھیج اوپر محمد ﷺ پر اور اوپر اولاد محمد ﷺ کے ہر ایک

كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

علامہ عینی نے شرح بخاری میں ایک حدیث نقل کی ہے کہ جو شخص ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا مانگے کہ یا اللہ اس کا ثواب میرے والدین کو پہنچا دے تو اس نے والدین کا حق ادا کر دیا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ہ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ لَهُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمِ لِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ لَهُ الْعَظْمَةُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْم هُوَ الْمُلْکُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبُّ الْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ وَ لَهُ النُّوْرُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْم ط

اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

علاج الاعظم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

مجھ ناچیز صوفی شمیم احمد ظفری ابوالعلائی کو اپنے اجداد و سلسلہ کے بزرگان سے تعلیم ہوا اور اس کا نام ''علاج الاعظم'' رکھا گیا۔ اس رسالہ سے فائدہ اٹھانے والوں سے قوی امید ہے کہ اس عاجز کو دعائے خیر میں یاد رکھیں۔

جاننا ضروری ہے کہ تمام اسمائے حسنیٰ کی ایک بڑی خاصیت حدیثِ شریف کی رُو سے یہ ہے کہ جو شخص ان کو پڑھا کرے گا، داخلِ جنت ہوگا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط ھُوَ اللّٰـہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ ۔ اس اسم کو یا کہ اسم (یَـا ھُوَ) کو ہر روز کوئی ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے وہ صاحب یقین ہو جائے ۔ (عَالِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّھَادَۃِ) اس اسم کو جو شخص ہر روز سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا، فراموشی و غفلت اس کے دل سے جاتی رہے گی ۔ (ھُوَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمُ) اس اسم کو جو شخص ہر روز ایک سو مرتبہ پڑھے تمام عالم اس پر مہربان ہوگا۔

اَلْمَلِکُ: اس اسم کو جو کوئی ہر روز زوال کے وقت ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے تو غفلت و فراموشی اس کے دل سے دور ہو اور دل اس کا پاک ہو۔

اَلْقُدُّوْسُ ، یَا سُبُّوْحُ ، یَا قُدُّوْسُ : اس اسم کو جو کوئی روٹی کے اوپر لکھ کر کھایا کرے اس شخص میں فرشتوں کی صفت پیدا ہوگی۔

اَلسَّلَامُ: اس اسم کو جو کوئی بیماری صحت کے لیے ہر روز سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھتا

کرے تو انشاء اللہ جلد آرام پائے گا۔

اَلْمُؤْمِنُ: اس اسم کو جو کوئی پڑھے یا اپنے پاس رکھے تو اس شخص کے ظاہر و باطن کی دولت حق تعالیٰ کی امان میں رہے اور اس پر کبھی شیطان قابو نہ پاوے گا۔

اَلْمُهَيْمِنُ: اس اسم کو جو کوئی ہر روز پڑھا کرے اس کے ظاہر و باطن میں نور پیدا ہوگا۔

اَلْعَزِيْزُ: اس اسم کو جو کوئی چالیس روز صبح کی نماز کے بعد اکتالیس بار (۴۱) پڑھا کرے گا تو امور دنیاوعقبیٰ میں کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

اَلْجَبَّارُ: اس اسم کو جو کوئی بعد مسبعاتِ عشرہ کے اکیس (۲۱) بار پڑھا کرے گا تو کسی جابر اور ظالم کے پنجے میں گرفتار نہ ہوگا۔

اَلْمُتَكَبِّرُ: اس اسم کو جو کوئی اپنی منکوحہ سے جماع سے پہلے دس (۱۰) مرتبہ پڑھے گا اور بعد اس کے صحبت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اُسے نیک و شائستہ فرزند عطا فرمائے گا۔

اَلْخَالِقُ: اس اسم کو جو کوئی رات کے وقت، جب لوگ سو جائیں، بہت پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ فرشتے کو فرمادے کہ تو قیامت تک عبادت کیا کرتا کہ ثواب اس شخص کے نام لکھ دیا جائے۔

اَلْبَارِئُ: اس اسم کو جو کوئی ہر روز سات مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ اسے عذابِ قبر نہ ہوگا بلکہ لاش کو اس کی قبر سے فرشتے اٹھا لے جائیں گے۔

اَلْمُصَوِّرُ: اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ جو عورت بانجھ ہو اور حمل اس کو نہ رہتا ہو تو چاہیے کہ وہ سات (۷) دن روزہ رکھے اور افطار کے وقت اکیس (۲۱) بار اس اسم کو پڑھ کر پانی پر دَم کرے اور اسی پانی سے افطار کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات روز نہ گزر پائیں کہ اسے حمل رہ جائے اور فرزندِ شائستہ تولد ہوگا۔

اَلْغَفَّارُ: اس اسم کو جو کوئی بعدِ نمازِ جمعہ کے سو (۱۰۰) بار ان الفاظ کے ساتھ

پڑھے کہ (یا غفارُ اغفرلِیْ ذُنُوبی) وہ شخص مغفوروں اور مقبولوں کے زمرے میں داخل کیا جائے گا۔

اَلْقَهَّارُ : اس اسم کو جو کوئی کثرت سے پڑھا کرے گا دُنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے گی اور دل اس کا پاک ہوگا۔

اَلْوَهَّابُ : اس اسم کو جو کوئی نمازِ چاشت کے بعد سجدے میں سات (۷) بار پڑھے تو اس کو بے نیازی حاصل ہوگی اور اگر کسی حاجت رَوا ہونے کے لیے پڑھا جائے تو آدھی رات کو صحنِ مکان میں یا مسجد میں ننگے سر ہاتھ اٹھا کر سو (۱۰۰) بار پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ مدعا حاصل ہوگا۔

اَلرَّزَّاقُ : اس اسم کو جو کوئی نمازِ فجر سے پہلے صبحِ کاذب کے وقت گھر کے ہر چہار کونوں میں دس دس بار پڑھے تو اس مکان میں انشاءاللہ تعالیٰ بے برکتی و بے نوائی نہ ہو۔

اَلْفَتَّاحُ : اس اسم کو جو کوئی بعدِ نمازِ صبح کے سینے پر دونوں ہاتھ رکھ کر ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے، تو زنگ اس کے دل سے دور ہوگا، قسمت بڑھے گی اور ہرگز بے نوا نہ ہوگا۔

اَلْعَلِیْمُ : اس اسم کو جو کوئی کثرت سے پڑھا کرے گا، اللہ تعالیٰ کی معرفت اس کو نصیب ہوگی۔

اَلْقَابِضُ : اس اسم کو جو کوئی چالیس دِن تک ہر روز (چالیس) ٹکڑوں پر روٹی کے لکھے اور کھایا کرے گا تو بھوک کے عذاب سے نجات پائے گا۔

اَلْبَاسِطُ : اس اسم کو جو کوئی صبح کے وقت ہاتھ اٹھا کر دس (۱۰) بار پڑھے اور اپنے ہاتھ منہ پر ملے تو وہ ہرگز کسی کا محتاج نہ ہو۔

اَلْخَافِضُ : اس اسم کو جو کوئی سات ہزار (۷۰۰۰) بار پڑھے تو دشمنوں کی بدی سے نجات پائے گا۔

اَلرَّافِعُ : اس اسم کو جو کوئی دِن کو یا رات کے وقت سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے حق

تعالیٰ اسے تمام آفات و بلیات سے دور رکھے گا اور وہ خلق میں صاحبِ توقیر ہوگا۔

اَلْمُعِزُّ : اس اسم کو جو کوئی شنبہ (ہفتہ) یا جمعہ کی رات کو مغرب کی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) بار پڑھے تو خلق میں عزیز و مکرم ہوگا۔

اَلْمُذِلُّ : جو شخص کسی ظالم جفا کار سے خوف رکھتا ہو اسے چاہیے کہ پچھتر (۷۵) مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر سجدے میں جائے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ یا الٰہی تو فلاں شخص کے شر سے امان دے اور اس کی بدی سے بچائے رکھ تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ ظالم اس پر غالب نہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ کی پناہ میں امن و امان کے ساتھ رہے گا۔

اَلسَّمِيْعُ : اس اسم کو جو شخص پنجشنبہ (جمعرات) کو نمازِ چاشت کے بعد پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے اور پڑھتے وقت کسی سے بات نہ کرے پس اللہ تعالیٰ سے جو دعا مانگے گا وہ قبول ہوگی۔

اَلْبَصِيْرُ : اس اسم کو جو کوئی جمعہ کی سنت اور فرض کے درمیان سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے وہ اللہ کی نظر میں مخصوص ہوگا۔

اَلْحَكَمُ : اگر کوئی سخت کام درپیش ہو جائے تو ہمیشہ کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے۔ اللہ کے فضل و کرم سے آسان ہوگا۔

اَلْعَدْلُ : اس اسم کو جو کوئی جمعہ کی رات کو روٹی کے بیس (۲۰) ٹکڑوں پر لکھ کر کھائے تو اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کو اس کا تابعدار کرے۔

اَللَّطِيْفُ : اس اسم کو وضو کر کے سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنے سے مدعائے دلی جو کچھ ہو، بر آتا ہے اور وحشتِ تنہائی دفع ہوتی ہے اور سخت بیماری کی دوا ہے اور ناکتخدا لڑکی کی شادی ہونے کو علاج بے بہا ہے۔

اَلْخَبِيْرُ : جو شخص اس اسم کو ہمیشہ پڑھے گا وہ نفس کے شر سے خلاصی پائے گا۔

اَلْحَلِيْمُ : اس اسم کو اگر پانی پر دم کر کے یا کاغذ پر لکھ کر دھو لے اور اس پانی

کوکھیت پر چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ کھیت خوب پھولے پھلے گا اور آفات سے محفوظ رہے گا۔

اَلْعَظِیْمُ : اس اسم کو جو شخص ہمیشہ پڑھا کرے وہ خلق میں عزیز ہوگا۔

اَلْغَفُوْرُ : اس اسم کو کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھے اور کیسے ہی بیمار کو کھلائے تین روز تک تو انشاء اللہ تعالیٰ شفا نصیب ہو۔

اَلشَّکُوْرُ : تنگیِ معاش والا اس اسم کو اگر روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کرے اور اس پانی کو پیئے اور آنکھوں پر لگائے تو فراخیِ معاش حاصل ہوگی اور اسی پانی کو ضعفِ بصارت والا لگائے تو آنکھوں کی روشنی زیادہ ہوتی ہے۔

اَلْعَلِیُّ : اس اسم کو جو ہمیشہ پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کی عزت وحُرمت لوگوں میں بڑھے اور دوسرے مقصد کے لیے بھی مفید ہے۔

اَلْکَبِیْرُ : اس اسم کو جو شخص ہمیشہ پڑھے گا اسے کوئی گزندہ کاٹ نہ سکے گا اور تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

اَلْحَفِیْظُ : اس اسم کو جو کوئی شخص لکھ کر اپنے پاس تعویذ کر کے رکھے گا تو وہ پانی میں غرق ہوگا نہ آگ میں جلے گا اور دیو، جن، پَری وغیرہ کے آسیب سے محفوظ رہے گا۔

اَلْمُقِیْتُ : اس اسم کو اگر سات بار پڑھے اور خالی کوزے کے اندر دم کرنے کے بعد اس میں پانی بھر کر رکھے، پس اس پانی میں یہ تاثیر ہوگی کہ اس میں سے تھوڑا سا اس شخص کو پلادے جو سفر پہ جاتا ہو یا نقل مکانی کرتا ہو یا کسی نے اس سے بد معاملگی کی ہو یا کوئی لڑکا بد خوئی میں مبتلا ہو تو پلادے۔ ہر بلا سے نجات ہوگی۔ (انشاء اللہ)

اَلْحَسِیْبُ : اس اسم کو اگر ستتر (۷۷) مرتبہ ہر روز پڑھا کرے تو چوٹوں کے خوف، ہمسایہ کی بدی اور دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہے گا۔

حَسْبِیَ اللّٰهُ الْحَسِیْبُ : اس دعا کو جس مطلب کے لیے سات (۷) روز پڑھے تو بفضلہ تعالیٰ وہ مقصد سات دن کے اندر حاصل ہو، لازم ہے کہ اس دعا کو پنجشنبہ

کے روز سے پڑھنا شروع کرے۔

اَلْجَلِیْلُ : اس اسم کو جو شخص مشک و زعفران سے لکھ کر کھائے تو اپنی قوم میں مؤقر و معزز ہو اور ہر ایک اس سے مرعوب رہے۔

اَلْکَرِیْمُ : اس اسم کو جو شخص سوتے وقت پڑھ کر سوئے تو وہ شخص جہاں میں مکرم و محترم ہوگا۔ کہتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ اس اسم کو ہمیشہ پڑھا کرتے تھے اس لیے ان کے اسمِ مبارک میں لوگ لفظ کرم اللہ وجہہ پکارنے لگے۔

اَلرَّقِیْبُ : اس اسم کو اگر کوئی شخص اپنے اہلِ وعیال اور مال و متاع کے اردگرد پڑھ دے تو وہ سب دشمنوں کی دشمنی اور ہر طرح کے اور نقصان سے حفاظت میں رہے۔

اَلْمُجِیْبُ : اس اسم کو جو شخص پڑھا کرے یا اپنے پاس رکھے تو حق تعالیٰ کی امان میں رہے۔

اَلْوَاسِعُ : اس اسم کو جو شخص بکثرت پڑھے گا تو اسے قناعت حاصل ہوگی۔

اَلْحَکِیْمُ : اس اسم کو جو شخص آدھی رات کے وقت پڑھا کرے تو حق تعالیٰ اسے محرم اسرار کرے گا۔

اَلْوَدُوْدُ : اس اسم کو کسی کھانے کی چیز پر ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھ کر ان میاں بیوی کو جو آپس میں محبت نہ رکھتے ہوں، کھلا دے تو ان میں آپس کی محبت و الفت بڑھے گی اور وہ ایک دوسرے کے تابعدار ہوں گے۔

اَلْمَجِیْدُ : اس اسم میں یہ خاصیت ہے کہ اگر کوئی شخص مرضِ جذام میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ ایام بیض (یعنی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں) کے روزے رکھے اور افطار کرتے وقت اس اسم کو بہ کثرت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ اور ہر ایک مطلب کے لیے مفید ہے۔

اَلْبَاعِثُ : اس اسم کو جو شخص سوتے وقت اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر سو (۱۰۰) مرتبہ

پڑھے تو بفضلہٖ تعالیٰ دل اس کا زندہ ہو جائے۔

اَلشَّهِیْدُ : اس اسم کو اگر صبح کے وقت پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اکیس (۲۱) بار پڑھے اور منھ اپنا آسمان کی طرف کرے تو اس کی برکت سے بیٹا فرماں بردار اور بیٹی نیک کردار و پرہیز گار ہو۔

اَلْحَقُّ : اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو ایک کاغذ کے چار گوشوں میں اس اسم کو لکھے اور اس چیز کا نام بھی اُس کاغذ پر لکھے اور آدھی رات کے وقت اس کاغذ کو ہاتھ میں لے کر آسمان کی طرف نظر کرے۔ انشاء اللہ صبح ہونے سے پہلے وہ چیز مل جائے گی یا کوئی آکر اس کا پتہ بتا دے گا۔

اَلْوَکِیْلُ : اس اسم کو جو شخص ہمیشہ ورد کرے گا تو وہ شخص اللہ تعالیٰ کے فضل سے باد و باراں و بجلی وغیرہ آفات سے امن و امان میں رہے گا۔

اَلْقَوِیُّ: جو شخص دشمن سے خوف رکھتا ہو تو ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) گولی آٹے کی بنا کر ہر ایک گولی پر ایک ایک مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور ان گولیوں کو پرندے جانوروں کو کھلا دے اور کھلاتے وقت اپنے دل میں دمِ دشمن کی نیت کرے۔ بفضلِ تعالیٰ دشمن مقہور ہو گا۔

اَلْمَتِیْنُ : اگر بچہ ماں کا دودھ نہ پیے یا دائی کا دودھ کم ہو جائے تو اس اسم کو لکھے اور دھو کر اس کا پانی دائی کو پلا دے اور کچھ چھاتی پر لگا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ ہو گا اور بچہ تسکین پائے گا۔

اَلْوَلِیُّ : اگر کسی مرد یا عورت یا لونڈی کی طبیعت بدفعلی یا حرام کاری پر مائل ہو اور کسی طرح سے اس بدفعلی یا حرام کاری سے باز نہ آئے تو جماع سے پہلے اس اسم کو باوضو مع اوّل و آخر درودِ شریف کے پڑھ کر اپنی عورت یا لونڈی بدکار سے صحبت کرے، وہ پرہیز گار ہو جائے گی۔

اَلْحَمِیْدُ : جس شخص کو فحش بکنے کی عادت ہو تو اس اسم کو کسی برتن پر لکھے اور

ہمیشہ اسی برتن میں پانی پیا کرے۔ انشاء اللہ فحش بکنے کی عادت اس سے جاتی رہے گی۔

اَلْمُحْصِی: جسے عبادت کرنے میں سستی اور کاہلی ہوتی ہو تو اسے لازم ہے کہ رات سوتے وقت اپنا ہاتھ سینے پر رکھے اور سات (۷) بار اس اسم کو پڑھ کر سو رہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ امان میں رہے گا اور عبادت و ریاضت کا شوق ہوگا اور اگر عذابِ قیامت کا خوف دامن گیر ہو تو ہر جمعہ کی شب اس اسم کو ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے عذاب اس کا کم ہو جائے گا اور حساب بآسانی ہوگا۔

اَلْمُبْدِیُٔ: اس اسم کو حمل والی عورت کے پیٹ پر صبح کے وقت اس کا شوہر اُنیس (۱۹) مرتبہ صرف شہادت کی اُنگلی سے لکھے تو بفضلِ تعالیٰ اسقاطِ حمل کا خوف جاتا رہے گا۔ اور جس عورت کا حمل دیر تک رہے (یعنی نو مہینے سے زیادہ گزر جائیں) تو اس عورت کے پیٹ پر لکھنے سے جلد فرزند پیدا ہوگا۔

اَلْمُعِیْدُ: اگر کوئی شخص غائب ہو جائے اور اس کی کوئی خبر نہ ملے تو اس اسم کو رات کو سوتے وقت گھر کے ہر گوشے میں ستر ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے اور نام اس کا بمعہ ولدیت پکارے اور کہے کہ مجھ تک پہنچا۔ انشاء اللہ تعالیٰ ستر (۷۰) دن میں وہ شخص خود آجائے گا یا اس کی خبر آجائے گی۔

اَلْمُحْیِی: جس کو اللہ تعالیٰ کا ڈر اور عذاب کا خوف ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو پڑھ کر اپنے بدن پر سات دن تک پھونکے۔ نفس اس کا تابعدار ہو جائے گا۔

اَلْمُمِیْتُ: جس شخص کو عذابِ آخرت کا خوف ہو تو وہ سات روز تک سوتے وقت ہاتھوں کو سینے پر رکھ کر اس اسم کو سات (۷) مرتبہ پڑھے۔ بفضلِ تعالیٰ نفس اس کا تابعدار ہوگا۔

اَلْحَیُّ: اس اسم کو جس مریض پر پڑھ کر دم کیا جائے تو اللہ کے فضل سے شفا حاصل ہوگی۔ مروی ہے کہ اسی اسم کی برکت سے فرشتوں کو سونے اور کھانے کی حاجت نہیں ہے۔

اَلْقَیُّوْمُ : اس اسم کو جو شخص صبح کے وقت چلا چلا کر پڑھا کرے تو اس کی برکت سے ہر شخص کے دل کو مسخر کر سکے گا۔

اَلْوَاجِدُ : اس اسم کو اگر کھاتے وقت ہر لقمے پر پڑھا کرے تو دل میں نور پیدا ہوگا۔ لکھا ہے کہ اس اسم کی برکت سے طالبِ صادق کے دل میں وجد و رقت پیدا ہوتی ہے۔

اَلْمَاجِدُ : اس اسم کی ہیبت سے مشرکین مقہور رہوتے ہیں۔

اَلْوَاحِدُ : اگر عالمِ تنہائی میں کسی کو خوف وہراس لاحق ہو تو اس اسم کو پڑھنے سے اس کے دل میں قوت وہمت پیدا ہوگی، خوف یک دم زائل ہوگا۔ اس اسم کی صفت کسی مخلوق کو معلوم نہیں۔

اَلْاَحَدُ : اس اسم کو ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھنے سے وحشت وتنہائی جاتی رہتی ہے۔ عنایت ورحمتِ یزدانی مددگار رہوتی ہے۔

اَلصَّمَدُ : اگر اس اسم کو آدھی رات یا صبح کے وقت ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھا کرے تو صدیقوں کے زمرے میں داخل ہوگا۔

اَلْقَادِرُ : اگر کوئی شخص کسی دشمن کو غالب جان کر ڈرتا ہے اور اس کے دفع کرنے کی کوئی تدبیر اس سے نہیں ہو سکتی تو چاہیے کہ وضو کرتے وقت ہر ایک عضو کے دھونے میں اس کو پڑھے اور پانی بہائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں پر وہ غالب رہے گا۔

اَلْمُقْتَدِرُ : جو کوئی سو کر اٹھے اور آنکھیں کھول کر اس اسم کو پڑھا کرے تو تمام خلائق پر قادر رہو۔

اَلْمُقَدِّمُ : جو شخص خوف ووحشت سے اپنے مقام میں نہ رہ سکے تو اس اسم کو پڑھے یا اپنے پاس رکھے تو اس کی برکت سے کسی طرح اسے اذیت نہ پہنچے گی۔

اَلْمُؤَخِّرُ : اس اسم کو روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنے والے کے دل میں سوائے ذکرِ حق کے اور کچھ نہ آئے گا اور اس کی عاقبت بخیر ہوگی۔

اَلْاَوَّلُ : جو شخص اپنے زن و فرزند سے جُدا ہو یا کسی سے کوئی جدا ہو کر غائب ہو گیا ہو تو چاہیے کہ متواتر شب جمعہ کو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار اس اسم کو پڑھا کرے۔ بفضلہ تعالیٰ سب مقصد اس کے بر آئیں گے۔

اَلْاٰخِرُ : جس شخص کی عمر آخر ہوئی ہو اور نیک عمل اس نے کچھ نہ کیا ہو تو اسے لازم ہے کہ اس اسم کو ہر روز سو (۱۰۰) بار پڑھا کرے اور نہ پڑھ سکے تو لکھ کر اس کا تعویذ اپنے پاس رکھے انشاءاللہ تعالیٰ عاقبت اس کی بخیر ہوگی۔

اَلظَّاهِرُ : اس اسم کو جو شخص نمازِ اشراق کے بعد پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھا کرے آنکھیں اس کی روشن ہوں گی اور اللہ تعالیٰ سے جو مقصد مانگے وہ حاصل ہوگا۔

اَلْبَاطِنُ : اس اسم کو جو شخص روزانہ ایک ہزار تیس (۱۰۳۰) بار پڑھا کرے اس پر اسرارِ الٰہی ظاہر ہوں۔

اَلْوَلِیُّ : جس شخص کو باد و باراں و برق سے خوف ہو تو چاہیے کہ اس اسم کو لکھ کر پانی بھرے کوزے میں ڈال دے اور اس پانی کو گھر کے تمام در و دیوار اور گوشوں میں چھڑک دے اور ہر روز اس اسم کو پڑھا کرے۔ بفضلہ تعالیٰ ان آفات سے بے خوف رہے گا۔

اَلْمُتَعَالِیْ : اس اسم کو جو عورت حیض کے دنوں میں ورد کرے وہ مثلِ باکرہ کے ہو جائے۔

اَلْبَرُّ : جس کا چھوٹا لڑکا زندہ نہ رہے وہ اس اسم کو سات مرتبہ پڑھے اور سات (۷) بار اس لڑکے کو اللہ کے سپرد کر دے تو وہ لڑکا سلامت رہے۔

اَلتَّوَّابُ : اس اسم کو جو شخص نمازِ چاشت کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھے گا تو اس کی توبہ قبول ہوگی۔

اَلْمُنْعِمُ : اس اسم کو جو شخص ہمیشہ پڑھے گا وہ غنی ہوگا۔

اَلْمُنْتَقِمُ : جو شخص دشمنوں کا ظلم برداشت نہ کر سکے تو پے در پے تین جمعے کی رات

کو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین شب نہ ہونے پائیں کہ اس سے دشمن راضی ہو جائیں۔

اَلْعَفُوُّ : جس شخص کو بہت گناہوں کے باعث مغفرت سے ناامیدی ہو تو اسے چاہیے کہ اس اسم و بکثرت پڑھے اور ورد کرے۔ اللہ کے فضل سے وہ بخشا جائے گا اور بغیر حساب کے داخل جنت ہو گا۔

اَلرَّءُوْفُ : اس اسم کو جو شخص پندرہ مرتبہ پڑھ کر کسی ظالم حاکم سے جس مظلوم کی سفارش کرے تو وہ ظالم رحم کر کے اُس مظلوم کو بخش دے اور ظلم سے باز آئے۔

مَالِكُ الْمُلْكِ : اس اسم کو جو شخص ہمیشہ پڑھا کرے تو نخوت اس کی دور ہو جائے اور تونگری ہو۔

ذُوْا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ : جس شخص کو کوئی سخت مہم درپیش ہو تو اس اسم کو سات سو (۷۰۰) مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ فضل ہو گا۔

اَلرَّبُّ : جو شخص اپنے اہل و عیال کو بیگانوں میں رکھے اور اسے ان سے کسی قسم کا اندیشہ پیدا ہو تو اپنے گھر کے چاروں طرف لکیر کھینچے اور اسم کو پڑھے بفضلہ تعالیٰ اس کے عیال و اطفال بیگانوں کے شر و فساد سے محفوظ رہیں گے۔

اَلْمُقْسِطُ : اس اسم کو ہمیشہ ورد کرنے سے وسوسہ شیطانی دل سے دور ہو گا۔

اَلْجَامِعُ : جس شخص کے اہل و عیال جدا ہو گئے ہوں تو اتوار کے دن چاشت کے وقت غسل کرے اور آسمان کی طرف منہ کر کے اس اسم کو پڑھتا جائے اور ایک ایک انگلی اپنی بند کرتا جائے جب دونوں ہاتھوں کی دسوں انگلیاں بند ہو جائیں تو ہاتھ اپنے منہ پر پھیرے۔ بفضلہ تعالیٰ اس کے اہل و عیال اس سے آملیں گے۔

اَلْغَنِيُّ : جو شخص ایسی بلا میں گرفتار ہو کہ اس کے دفع کرنے کا چارہ اسے معلوم نہ ہو تو اسے چاہیے کہ اس اسم کو پڑھ کر ہاتھ پر دم کرے اور اس ہاتھ کو تمام بدن پر پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس بلا سے خلاصی ہو گی۔

اَلْمُغْنِیْ : اس اسم کو جو شخص بہت پڑھا کرے وہ خلق اللہ سے بے نیاز ہو جائے اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھا کرے اور اگر جمعہ سے دوسرے جمعہ تک پڑھے تو خلق اللہ سے بے نیاز ہو جائے گا۔

اَلْمُعْطِیْ : جو شخص دعا مانگتے وقت یَا مُعْطِیَ السَّآئِلِیْنَ بہت پڑھے گا وہ انشاء اللہ کسی مخلوق کا محتاج نہ ہوگا۔

اَلْمَانِعُ : جس شخص کی جورو نا موافق ہو تو وہ شخص سوتے وقت دل میں بہت پڑھے گا تو بفضلہ تعالیٰ عورت اس کے موافق ہو جائے گی۔

اَلضَّآرُّ : اگر کوئی شخص کسی جگہ اقامت کرنا چاہتا ہو اور دل میں اس طرح کا تردد ہو کہ یہاں کا رہنا ہمارے واسطے بہتر ہے یا مضر تو اسے چاہیے کہ ایام بیض کے روزے رکھے جو جمعہ کے دن سے شروع ہوں اور اس کے ہر روز اس اسم کو سو (۱۰۰) بار پڑھے۔ تین دن کے پڑھنے سے معلوم ہو جائے گا کہ وہ مقام اس کے حق میں نیک ہے یا بد۔

اَلنَّافِعُ : جو شخص کشتی یا جہاز پر سوار ہو کر جا رہا ہو، اگر اس اسم کو بہ کثرت پڑھے گا تو وہ جہاز طوفان اور غرق ہونے سے محفوظ رہے گا۔

اَلنُّوْرُ : جو شخص شب جمعہ سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور بعد اس کے ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے تو انشاء اللہ اس کے دل میں اسرار الٰہی ظاہر ہوں گے اور بعض نے کہا ہے کہ سورۃ نور کو سات بار پڑھے۔

اَلْهَادِیْ : اس اسم کو جو شخص بکثرت پڑھا کرے گا اور پڑھتے وقت آسمان کی طرف نظر کرے اور ہاتھ اٹھائے پھر آنکھیں نیچی کرلے پھر ہاتھ اٹھائے اور ہاتھوں کو منہ اور آنکھوں پر پھیرے تو بفضلہ تعالیٰ اہل معرفت اور صاحب عرفاں ہو جائے گا۔

اَلْبَدِیْعُ : جس شخص کو کوئی مہم درپیش آئے تو اسے چاہیے کہ ستر ہزار (۷۰۰۰۰) مرتبہ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ پڑھے بفضلہ تعالیٰ اس مہم کی سختی آسانی سے بدل

جائے گی اور اگر کوئی شخص کسی مطلب کے حاصل ہونے میں عاجز اور پریشان ہو تو لازم ہے کہ ہمیشہ رات کے وقت اسی اسم کو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا وہ مطلب حاصل ہوگا۔

اَلْــوَارِثُ :اس اسم کو جو کوئی آفتاب طلوع ہونے سے پہلے سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا کرے تو اللہ کے فضل سے اس شخص کو زندگی میں اور بعد مرنے کے کسی طرح کی تکلیف اور اذیت نہ ہوگی۔

اَلرَّشِیْدُ : کوئی شخص ایسا ہو کہ اپنے کام کی تدبیر میں عاجز ہو اور تردد میں پڑے کہ اس کام میں کیا کیا جائے۔ یا کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو اسے چاہیے کہ نماز مغرب اور عشاء کے درمیان اس اسم کو ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کام کی تدبیر جلد ہو جائے گی۔ اور گمشدہ چیز کی خبر بھی مل جائے گی۔

اَلصَّبُوْرُ :اگر کسی کو کوئی درد و رنج یا مشقت پیش آئے تو اسے چاہیے کہ تیس ہزار (۳۰۰۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے۔ بفضلہٖ تعالیٰ وہ سب دور ہو جائے گی اور ہر طرح سے اطمینان و سکون اس کے دل کو حاصل ہوگا۔

☆......☆......☆......☆......☆

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

صَلَوٰاتُ اللّٰہِ وَ مَلٰئِکَتِہٖ وَ اَنْبِیَائِہٖ وَ رُسُلِہٖ وَ جَمِیْعِ خَلْقِہٖ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلَیْہِ وَ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَ رَحْمَةُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ

ترجمہ: خدا اور فرشتے اور پیغمبروں اور نبیوں اور رسولوں اور پوری مخلوق کی

طرف سے درود اور رحمت اتارے ہمارے سردار پر جن کا نام حضرت محمد ﷺ ہے۔ اور آپ کی امت پر اور سب پر درود و سلام و رحمت و برکت نازل ہو۔

فائدہ: جو شخص جمعے کے دن ایک سو (۱۰۰) مرتبہ اور روزانہ تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ پوری مخلوق کی گنتی کے برابر ثواب عطا کرے گا۔ اور قیامت کے دن آپ کی جماعت کے ساتھ رہے گا اور حضور ﷺ ہاتھ پکڑ کے جنت میں داخل فرمائیں گے۔

☆......☆......☆......☆......☆

دعائے مستجاب

اس بزرگوار دعا کی یہ اسناد ہیں۔ جو کوئی ہر روز اس دعا کو پڑھے گا، اگر روزانہ نہ پڑھ سکے تو ہفتہ میں ایک بار پڑھے۔ اگر ہفتہ میں بھی نہ پڑھ سکے تو مہینے میں ایک بار پڑھے۔ اگر مہینہ میں بھی نہ پڑھ سکے تو عمر بھر میں ایک دفعہ ضرور پڑھے اور اگر خود نہ پڑھ سکے تو کسی دوسرے سے پڑھوا کر سن لے۔ اور سن بھی نہ سکے تو اس دعائے شریف کو اپنے پاس نگاہ کے سامنے رکھے۔ خداوندِ کریم اس بندے کے واسطے دوزخ کے دروازے بند کر دے گا اور اس کے واسطے بہشت کے دروازے کھول دے گا جو بندہ اس دعا کو پڑھ کر خدا تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کو عنایت فرمائے گا۔ اور سات چیزوں سے محفوظ رکھے گا۔ (۱) فقیری سے (۲) دنیا کی تکلیف سے (۳) جان کنی کی تکلیف سے (۴) عذاب قبر سے (۵) منکر اور نکیر کے سوالوں سے (۶) قیامت کی سختی سے (۷) دوزخ کے عذاب سے اور اللہ تعالیٰ بہشت میں اس کے لیے اپنا دیدار نصیب کرے گا اس بندہ کو اللہ تعالیٰ مکاروں کے مکر سے اور چغل خوروں کی چغلیوں سے اور نیزوں کے زخم اور ظالموں کے ظلم اور

بدگویوں کی زبان اور شیطان کی شرارت اور سانپ بچھو کی آفت اور بجلی کی سختی اور دونوں جہانوں کی ستر ہزار بلاؤں سے نگاہ رکھے گا اور اس کے سبب چھوٹے بڑے گناہ معاف کردے گا۔ اگرچہ اس کے گناہ درختوں کے پتوں اور مینہہ کے قطروں اور پریوں اور جانوروں سے بھی زیادہ ہوں گے۔ حق تعالیٰ سبحانہٗ معاف فرمادے گا۔ اور اس کے اعمال میں ہزار نیکی لکھے گا۔ آدمی کے بدن میں ستر ہزار بلائیں ہیں۔ جو کوئی اس دعا کو پڑھے گا یا اس کو اپنے پاس رکھے گا تو ایسی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ جیسے سر کا درد، شقیقہ کا درد، آنکھ کا درد، کان کا درد، دانت کا درد، سینہ کا درد، کمر کا درد، گھٹنوں کا درد، ہڈیوں کا درد، زہ کا درد، اس کے علاوہ ہر قسم کے دردوں اور تکلیفوں سے بچا رہے گا اور جو بیماری وجود میں ہوگی مثلاً ناردا، ناسور اور سنگِ مثانہ، کدودانہ، خون کا بند ہونا یا مقدار سے زیادہ نکلنا اور دیو پری کے آسیب سے محفوظ رہے گا۔

جس کے پاس یہ دعا ہوگی وہ بادشاہوں کی مجلس یا کچہریوں میں جائے گا تو بڑی عزت پائے گا۔ گھر میں آئے گا تو سب لوگوں میں عزیز ہوگا اور سب لوگ اس کو دوست رکھیں گے۔ جب اس کو دفن کریں گے تو عذاب قبر نہ ہوگا بلکہ اس کی قبر فراخ ہوجائے گی اور اس دعائے بزرگوار کی برکت سے سب بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے گا اور اس کی دینی و دنیاوی مشکلات آسان ہوں گی۔ شک نہ کرے کہ کُفر کا خوف ہے۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْھَا

خاصیت اس دعائے بزرگوار کی بہت ہیں لیکن مختصراً لکھی گئی ہیں۔

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْمُصَوِّرُ الْحَکِیْمُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْبَصِیْرُ الصَّادِقُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْمُبْدِیُٔ الْمُعِیْدُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الصَّمَدُ الْمَعْبُوْدُ

سُبْحٰنَکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ

الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

☆......☆......☆......☆......☆

وظیفہ

ماہِ رمضان کی پہلی شب بعد نمازِ عشاء ایک مرتبہ سورۃ فتح پڑھنا بہت افضل ہے۔

ماہِ رمضان کی پہلی شب بعد نمازِ تہجد، آسمان کی طرف منہ کر کے بارہ (۱۲) مرتبہ یہ دعا پڑھنی بہت افضل ہے:

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَقُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ

اس کے پڑھنے والے کو بے شمار نعمتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کی جائیں گی۔

ابجد کے اعداد

ا	ب	پ	ج	چ	د	ڈ	ہ	و	ز	ژ	ح	ط	ی	ک	گ
۱	۲	۲	۳	۳	۴	۴	۵	۶	۷	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۲۰
ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	ڑ	ش	ت	ٹ	ث	خ	ذ
۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰
☆	ض	ظ	غ	☆	☆	ہفتہ	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	☆	☆	☆
☆	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	☆	☆	۳۹۰	۶۰۸	۲۱۲	۱۳۰	۱۴	۷۴۱	۱۱۳	☆	☆	☆

دنوں کے اعداد

شنبہ	یکشنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چہارشنبہ	پنجشنبہ	جمعہ
۳۵۷	۳۸۷	۳۶۷	۴۲۲	۵۶۶	۴۱۲	۱۱۸

کسی نام کا جائزہ لینے کے لیے نام کا پہلا حرف اور راس کے اثرات

(موافق/ناموافق)

نام کا پہلا حرف	ستارہ	موافق دن	موافق نمبر	موافق پتھر	موافق رنگ	قابل شرکت لوگ	ان سے ہوشیار رہیں	موافق لوگ	ناموافق لوگ	برج	ستارہ
ا، ل، ع، ی	مریخ	منگل	۹	الماس	سرخ سفید	میزان والے	حوت	دلو جوزا	سرطان جدی	حمل	مریخ
ظ، ذ، ض، ز، ن	مریخ	منگل	۹	اوپل	گہرا سرخ	ثور والے	میزان	سنبلہ جدی	دلو اسد	عقرب	مریخ
ب، و	زہرہ	جمعہ	۶	الماس	نیلا، سبز	عقرب والے	حمل	حوت سرطان	دلو۔اسد	ثور	زہرہ
ر، ت، ط	زہرہ	جمعہ	۶	کارنیلین	نیلا	حمل والے	سنبلہ	اسد قوس	جدی سرطان	میزان	زہرہ
ق، ک	عطارد	بدھ	۵	زمرد	زرد	قوس والے	ثور	حمل اسد	سنبلہ حوت	جوزا	عطارد
پ، غ	عطارد	بدھ	۵	رودراکھ	گہرا زرد	حوت والے	اسد	سرطان عقرب	قوس جوزا	سنبلہ	عطارد
ح، ہ	قمر	پیر	۲	عقیق	بنفشی رنگ	جدی والے	جوزا	ثور سنبلہ	میزان حمل	سرطان	قمر
م	شمس	اتوار	۱	یاقوت	اورنج	دلو والے	سرطان	جوزا میزان	عقرب ثور	اسد	شمس
ف	مشتری	جمعرات	۳	پکھراج	ارغانی	جوزا والے	عقرب	میزان دلو	حوت سنبلہ	قوس	مشتری
د، چ	مشتری	جمعرات	۷	حجر القدم	بھورا	سنبلہ والے	دلو	جدی ثور	جوزا قوس	حوت	مشتری
ج، خ، گ	زحل	ہفتہ	۸	فیروزہ	بھورا سبز	سرطان والے	قوس	عقرب حوت	حمل میزان	جدی	زحل
س، ش، ص، ث	زحل	ہفتہ	۴	عقیق	ہلکا سبز	اسد والے	جدی	قوس حمل	ثور۔ عقرب	دلو	زحل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اس بیان میں کہ کس قسم کے لوگ جمع ہوں گے

(۱) چاہیے کہ سوال کرنے والے کے نام کا عدد اور اس کی والدہ کے نام کا عدد اور اس دن کا عدد جس روز سوال کیا گیا ہے، نکال کر سب کو جوڑ لیں۔ اس جوڑے ہوئے عدد کو سات (۷) سے تقسیم کریں، اگر ایک بچے تو بادشاہ کی طرف سے جمع ہوں گے۔ اگر (۲) بچے تو عالموں اور ابدال کی طرف سے جمع ہوں گے۔ اگر تین (۳) بچے تو اہلِ وقار کی طرف جمع ہوں گے۔ اگر چار (۴) بچے تو مسافروں کی طرف سے جمع ہونگے۔ اگر پانچ (۵) بچے تو اہلِ میراث کی طرف سے۔ اگر چھ (۶) بچے تو حاکم مشرح کی طرف سے اور اگر کچھ نہ بچے تو قرض خواہوں کی طرف سے لوگ جمع ہونگے۔

اس بیان میں کہ حاملہ کے پیٹ میں لڑکا ہے یا لڑکی

(۲) چاہیے کہ حاملہ کا نام بمع والدہ اور اس دن کا نام جس دن سوال کیا گیا ہے، سب کا عدد نکال کر تین (۳) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو لڑکا ہوگا۔ اگر دو (۲) بچے تو لڑکی اور اگر کچھ نہ بچے تو ولادت کے وقت حاملہ کو جان کا خطرہ ہے یا حمل ساقط ہوسکتا ہے۔

اس بیان میں کہ عورت نیک ہے یا بد؟ (دوست ہے یا دشمن)

(۳) چاہیے کہ عورت کا نام، اس کی ماں کا نام اور جس دن سوال کیا گیا ہے اس دن کا عدد نکال کر جمع کریں اور حاصل جمع کو چار (۴) سے تقسیم کریں اگر ایک (۱) باقی بچے تو دشمن ہے ظاہری اور باطنی (یعنی عورت بد ہے)۔ اگر دو بچے تو ظاہر میں دوست، باطن

دشمن، (یعنی ظاہر میں نیک، باطن میں بد) اگر تین (۳) بچے تو دشمن بدترین ہے۔ اگر کچھ نہ بچے تو کبھی دشمن۔

اس بیان میں کہ میاں بیوی میں موافقت ہوگی یا نہیں؟

(۴) چاہیے کہ شوہر کا نام بمعہ والدہ اور اس دن کا نام جس دن سوال کیا گیا ہے، عدد نکال کر جمع کریں اور تین (۳) سے تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک (۱) ہو تو ہرگز موافقت نہ ہوگی۔ اگر باقی (۲) دو بچے تو دونوں میں موافقت ہو۔ اگر کچھ نہ بچے تو پھر بھی موافقت رہے گی۔

اس بیان میں کہ عورت نیک ہے یا بدچلن؟

(۵) عورت کا نام بمع والدہ اور دن کا نام جس دن سوال کیا گیا ہے، عدد نکال کر جمع کرلیں اور تین (۳) سے تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو عورت نیک ہے۔ اگر (۲) دو بچے تو عورت بدچلن ہے۔ اگر کچھ نہ بچے تو اپنے شوہر سے موافقت رکھے اور دوسروں سے تعلق رکھے گی۔

اس بیان میں کہ عورت کو لڑکا پورے دن کا ہوگا یا حمل ساقط ہو جائے گا؟

(۶) چاہیے کہ عورت کا نام بمعہ والدہ اور جس دن سوال کیا گیا ہے، عدد نکال کر جمع کریں اور دو (۲) سے تقسیم کریں، اگر ایک (۱) بچے تو حمل اختتام کو پہنچے گا۔ اگر کچھ نہ بچے تو حمل ساقط ہو جائے گا۔

اس بیان میں کہ اس حمل میں دو لڑکے ہیں یا ایک؟

(۷) چاہیے کہ عورت کے نام کا عدد والدہ کے نام کے عدد اور دن کے عدد جمع

کر کے تین (۳) سے تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک (۱) بچے تو ایک لڑکا ہوگا۔ اگر دو (۲) لڑکے پیدا ہوں گے اور اگر کچھ نہ باقی بچے تو لڑکا پیدا ہوگا مگر زندہ نہ بچے گا۔

اس بیان میں کہ مریض کیسا بیمار ہے؟

(۸) مریض بمعہ والدہ اور دن کا نمبر نکال کر۔ جمع کر کے چار (۴) سے تقسیم کریں اگر ایک (۱) بچے تو دیو، پری کی نظر سے بیمار پڑا ہے۔ اگر دو (۲) باقی بچے تو کسی انسان کی نظر لگی ہے جس سے بیمار پڑا ہے۔ اگر تین (۳) بچے تو جسمانی مرض سے بیمار پڑا ہے، یعنی بلغم، صفرا، خون کی کثرت وغیرہ وغیرہ سے بیمار پڑا ہے۔ اگر کچھ نہ بچے تو سمجھ لیں کسی مخالف نے جادو کیا ہے۔

اس بیان میں کہ بیمار اچھا ہوگا یا نہیں؟

(۹) بیمار کا نام، بمعہ اس کی والدہ کا نام اور دن کا عدد نکال کر جمع کرلیں۔ حاصل جمع کو تین (۳) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو مریض مرجائے گا۔ اگر (۲) دو بچے تو مریض صحت پائے گا۔ اگر کچھ نہ بچے تو بیماری طول پکڑے گی۔

مسافر سفر کو گیا ہے، بخیریت ہے یا نہیں؟

(۱۰) چاہیے کہ مسافر کا نام بمعہ والدہ کا نام اور دن کا نام کا عدد نکال کر اس کو جمع کر کے دو (۲) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو خیریت سے گھر نہ لوٹے گا۔ اگر کچھ نہ بچے تو خیریت کے ساتھ گھر کو آئے گا۔

دو شخص میں عداوت ہے، صلح ہوگی یا نہیں؟

(۱۱) مدعی اور اس کی ماں کا نام، مدعا علیہ اور اس کی ماں کے نام عدد نکال کر۔ اور جس روز سوال کیا گیا ہے اس روز کا عدد نکال کر سب کو جمع کر کے چار سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو مدعی غالب ہوگا۔ اگر دو (۲) بچے تو مدعا علیہ غالب ہوگا۔ اگر تین (۳) بچے تو آپس میں صلح ہوگی۔ اگر کچھ نہ بچے تو یہ جواب سوال ہمیشہ رہے گا۔

یہ سفر سیر و سیاحت مبارک ہے یا نہیں؟

(۱۲) سوالی مسافر کا نام بمعہ والدہ اور اس دن کا عدد نکال کر جمع کریں اور حاصل جمع کو دو (۲) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو سفر کرنا اچھا نہیں ہے۔ اگر باقی کچھ نہ بچے تو سفر مبارک ہے۔

اس بیان میں کہ غائب شخص زندہ ہے یا نہیں؟

(۱۳) چاہیے کہ غائب کا نام بمعہ والدہ اور جس دن سوال کیا گیا ہے اس دن کا عدد کا نکال کر جمع کیا جائے اور حاصل جمع کو چار (۴) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو تندرست ہے۔ اگر دو (۲) بچے تو بہت جلد گھر واپس آئے گا۔ اگر تین (۳) بچے تو گھر واپس نہ آئے گا۔ اگر کچھ نہ بچے تو تندرست ہے دیر میں واپس آئے گا۔

اس بیان میں کہ کس تجارت میں نفع ہوگا؟

(۱۴) تجارت کرنے والے کا نام بمعہ نام والدہ اور اس دن جس دن یہ سوال کیا گیا ہے عدد نکال کر جمع کریں اور اس کو چار (۴) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو جواہرات کی۔ اگر دو (۲) بچے تو سفید شکر مصری وغیرہ کی۔ اگر تین (۳) بچے تو گھوڑے کبوتر، پرندوں کی۔ اگر کچھ نہ بچے تو لکڑی گھانس وغیرہ کی تجارت کریں۔

اس بیان میں کہ شرکت کرنا اچھا ہے یا نہیں؟

(۱۵) دونوں شریکوں بمعہ والدہ کے نام کا عدد نکال کر اور جس دن سوال کیا گیا ہے اس دن کا عدد نکال کر سب جمع کریں اور دو (۲) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو شرکت مناسب ہے۔ اگر کچھ نہ بچے تو ہرگز شرکت نہ کریں۔

اس بیان میں کہ گمشدہ سامان ملے گا یا نہیں؟

(۱۶) جس کا مال گیا ہے اُس کا نام بمعہ والدہ اور جو مال گیا ہے اُس چیز کے نام کا عدد نکال کر اور جس روز سوال کیا گیا ہے اس دن کا عدد نکال کر جمع کریں اور دو (۲) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے گا تو سامانِ گم شدہ مل جائے گا۔ اگر کچھ نہ بچے تو نہ ملے گا۔

اس بیان میں کہ چور عورت ہے یا مرد؟

(۱۷) جس کی چیز چوری کی گئی ہے اس کا نام بمعہ نام والدہ کا عدد نکال کر، اس دن کا عدد نکالیں جس دن سوال کیا گیا ہے۔ سب کو جمع کر کے اُس میں تین (۳) اور جمع کریں۔ اس تمام کو دو (۲) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو چور مرد ہے۔ اگر کچھ نہ بچے تو چور عورت ہے۔

اس بیان میں کہ جو چیز چوری کی گئی ہے وہ کس رنگ کی ہے؟

(۱۸) جس شخص پر شبہ ہو اس کا نام بمعہ والدہ اور جس دن سوال کیا گیا ہے، سب کا عدد نکال کر جمع کر لیں، اور حاصلِ جمع کو تین (۳) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو رنگ سیاہ ہے، اگر دو (۲) بچے تو رنگ سفید ہے۔ اگر کچھ نہ بچے تو گمشدہ چیز جنس حیوان سے ہے۔

اس بیان میں کہ چور گھر کا ہے یا باہر کا؟

(۱۹) جس کی چیز چوری ہوگئی ہے اس کا نام اور دن کا عدد نکال کر جمع کرلیں۔ اس کے بعد تین (۳) سے تقسیم کرلیں۔ اگر ایک (۱) بچے تو چور گھر کا فرد ہے۔ اگر دو (۲) بچے تو چور ہمسایہ کا ہے، اگر کچھ نہ بچے تو تو چور باہر کا ہے۔

جو غلام بھاگ گیا ہے وہ واپس آئے گا یا نہیں؟

(۲۰) جس کا غلام بھاگا ہے اس کا نام بمعہ والدہ کا نام اور دن کا عدد نکال کر جمع کرلیں، حاصلِ جمع کو دو (۲) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔ اگر کچھ نہ بچے تو واپس نہ آئے گا۔

اس بیان میں کہ غلام کس جانب بھاگا ہے؟

(۲۱) جس کا غلام بھاگا ہے اس کا نام، اس کی والدہ کا نام اور جس دن سوال کیا گیا ہے، ان سب کا عدد نکال کر جمع کرلیں، حاصلِ جمع کو آٹھ (۸) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو جانبِ مشرق۔ اگر دو (۲) بچے تو جانبِ مغرب۔ اگر تین (۳) بچے تو جانبِ جنوب، اور اگر چار (۴) بچے تو جانبِ شمال بھاگا ہے۔

اس بیان میں کہ دونوں لشکروں میں کون فتح پائے گا؟

(۲۲) یہ کہ سوال کرنے والے کا نام بمعہ نام والدہ اور جس دن سوال کیا گیا ہو اس دن کا عدد نکال کر جمع کرے۔ حاصلِ جمع کو دو (۲) سے تقسیم کرے۔ اگر ایک (۱) بچے تو سوال کرنے والے کی فتح ہوگی۔ اگر کچھ نہ بچے تو مخالف کی فتح ہوگی۔

اس بیان میں کہ فلاں جگہ سے خبر نیک آئے گی یا بد یا کہ جھوٹی ؟

(۲۳) سوال کرنے والے کا نام بمعہ نام والدہ عدد نکال کر جس دن سوال کیا گیا ہے اس دن کا عدد نکال کر جمع کرلیں اور حاصلِ جمع کو تین (۳) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو خبر نیک ہے۔ اگر دو (۲) بچے تو خبر بد آئے گی۔ اگر کچھ نہ بچے تو نیک بد کی خبر خدا کو ہے۔

اس بیان میں کہ خبر دینے والا سچا ہے یا جھوٹا؟

(۲۴) خبر لانے والے کا نام بمعہ نام والدہ اور دن کا عدد (جس دن سوال کیا گیا ہے) نکال کر جمع کرلیں، پھر حاصلِ جمع کو تین (۳) سے تقسیم کریں۔ اگر ایک (۱) بچے تو خبر جھوٹی ہے۔ دو (۲) بچے تو خبر سچی ہے۔ اگر کچھ نہ بچے تو جھوٹی سچی خبر ہونے کا شک ہے۔

اگر کوئی پوچھے میرے ہاتھ میں جو چیز ہے اس کا رنگ کیا ہے؟

(۲۵) سوالی کا نام بمعہ نام والدہ اور دن، سب کے عدد نکال کر جمع کرلیں اور اس میں تین (۳) عدد اور جمع کرلیں۔ اس کے بعد پانچ (۵) سے تقسیم کرلیں۔ اگر ایک (۱) بچے تو رنگ سیاہ ہے۔ اگر دو (۲) بچے تو سفید ہے۔ اگر تین (۳) بچے تو سرخ ہے۔ اگر چار (۴) بچے تو زرد ہے۔ اگر کچھ نہ بچے تو سبز ہے۔

اس بیان میں کہ پہلے عورت مرے گی یا مرد؟ (بیوی / شوہر)

(۲۶) چاہیے کہ مرد عورت اور دونوں کی والدہ کا نام اور جس دن سوال کیا گیا اس دن کا نام، سب کے عدد نکال کر جمع کرلیں۔ حاصلِ جمع کو دو سے تقسیم کریں۔ اگر ایک

(۱) بچے تو پہلے عورت مرے گی اور اگر کچھ نہ بچے تو پہلے مرد مرے گا۔

اس بیان میں کہ اس عورت سے نکاح کرنا اچھا ہے یا برا؟

(۲۷) عورت اور اس کی والدہ کا نام بمعہ مرد اور اس کی والدہ کا نام اور جس دن سوال کیا گیا ہے، سب کے عدد نکال کر جمع کرے اور حاصلِ جمع کو چار (۴) سے تقسیم کرے۔ اگر ایک (۱) بچے تو عورت نیک ہے۔ اگر دو (۲) بچے تو بدمزاج ہے، اس سے نکاح ہرگز نہ کریں۔ اگر تین (۳) بچے تو نکاح کر سکتے ہیں۔ اگر کچھ نہ بچے تو نکاح نہ کریں، جلد جدائی ہو جائے گی۔

نقش وغیرہ لکھنے کے لیے سعد اور نحس ساعتیں

(بروزِ جمعہ) طلوعِ آفتاب کے بعد ایک گھنٹہ تک ایک ستارہ کی ساعت ہوتی ہے۔

گھنٹہ	ستارہ	ساعت	نیک کام کے لیے نیک ساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔
		نیک یا بد	بد کام کے لیے بد ساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔
صبح طلوع آفتاب ۶ سے ۷ تک	زہرہ	سعد اصغر	لڑکا ہونے کے لیے یا شادی وغیرہ کے لیے تعویذ وغیرہ لکھ سکتے ہیں۔
۷ سے ۸ تک	عطارد	مساوی	ہر نیک کام کے لیے۔
۸ سے ۹ تک	قمر	سعد	ہر نیک کام کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک	زحل	بد اکبر	نحس ستارہ غلط کام کے لیے۔
۱۰ سے ۱۱ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۱۱ سے ۱۲ تک	مریخ	بد اکبر	نحس ستارہ غلط کام کے لیے۔
۱۲ سے ۱ بجے تک	شمس	سعد	کسی سے بات منوانے کے لیے۔ نیک کام کے لیے۔
۱ سے ۲ تک	زہرہ	سعد اکبر	لڑکا ہونے کے لیے۔ یا شادی وغیرہ کے لیے۔ نیک کام کے لیے۔
۲ سے ۳ تک	عطارد	مساوی	ہر نیک کام کے لیے۔
۳ سے ۴ تک	قمر	سعد	ہر نیک کام کے لیے۔
۴ سے ۵ تک	زحل	بد اکبر	نحس ستارہ ہے غلط کام کے لیے۔
۵ سے ۶ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۶ سے ۷ تک	مریخ	بد اکبر	نحس ستارہ ہے غلط کام کے لیے۔
۷ سے ۸ تک رات	شمس	سعد	نیک کام کے لیے۔ کسی سے اپنی بات منوانے کے لیے۔
۸ سے ۹ تک رات	زہرہ	سعد اصغر	نیک کام کے لیے۔ شادی بیاہ یا لڑکا ہونے کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک رات	عطارد	مساوی	ہر نیک کام کے لیے۔

(بروزِ ہفتہ) طلوعِ آفتاب کے بعد ایک گھنٹہ تک ایک ستارہ کی ساعت ہوتی ہے۔

گھنٹہ	ستارہ	ساعت	نیک کام کے لیے نیک ساعت، بدکام کے لیے بد ساعت سے نیک یا بد کام لیتے ہیں۔
صبح طلوع ۶ سے ۷ تک	زحل	بداکبر	نحس ستارہ ہے بدکام کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے نیک ہے۔
۸ سے ۹ تک	مریخ	بداکبر	نحس ستارہ ہے۔ بدکام کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک	شمس	سعداصغر	نیک کام کے لیے۔ بات منوانے کے لیے۔
۱۰ سے ۱۱ تک	زہرہ	سعداصغر	نیک کام کے لیے۔ شادی وغیرہ یا لڑکا ہونے کے لیے۔
۱۱ سے ۱۲ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۱۲ سے ۱ بجے تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۱ سے ۲ تک	زحل	بداکبر	بدکام کے لیے۔ نحس ستارہ ہے۔
۲ سے ۳ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۳ سے ۴ تک	مریخ	بداکبر	نحس ستارہ ہے۔ بدکام کے لیے۔
۴ سے ۵ تک	شمس	سعد	نیک کام کے لیے۔ بات منوانے کے لیے۔
۵ سے ۶ تک	زہرہ	سعداصغر	نیک کام کے لیے۔ شادی وغیرہ کے لیے۔
۶ سے ۷ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۸ سے ۹ تک	زحل	بداکبر	نحس ستارہ ہے۔ بدکام کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔

(بروزِ اتوار) طلوعِ آفتاب کے بعد صرف ایک گھنٹہ تک ایک ستارہ کی ساعت ہوتی ہے۔

گھنٹہ شروع صبح طلوع ہونے پر	ستارہ	ساعت نیک یا بد	نیک کام کے لیے نیک ساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔ بدکام کے لیے بدساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔
۶ سے ۷ تک ایک ساعت ہوگی	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔ نیک کام کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	زہرہ	سعد اصغر	شادی وغیرہ کے لیے۔ نیک کام کے لیے۔ لڑکا ہونے کے لیے۔
۸ سے ۹ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۱۰ سے ۱۱ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۱۱ سے ۱۲ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۱۲ سے ۱ تک	مریخ	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۱ سے ۲ تک	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔ نیک کام کے لیے۔
۲ سے ۳ تک	زہرہ	سعد اصغر	شادی وغیرہ کے لیے۔ نیک کام کے لیے۔
۳ سے ۴ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۴ سے ۵ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۵ سے ۶ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۶ سے ۷ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	مریخ	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۸ سے ۹ تک	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔ نیک کام کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک	زہرہ	سد اصغر	شادی وغیرہ کے لیے۔ نیک کام کے لیے۔

(بروزِ پیر) طلوعِ آفتاب کے بعد ایک گھنٹہ تک ایک ستارہ کی ساعت ہوتی ہے۔

صبح گھنٹہ	ستارہ	ساعت	نیک کام کے لیے نیک ساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔
		نیک یا بد	بدکام کے لیے بد ساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔
۶ سے ۷ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۸ سے ۹ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک	مریخ	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۱۰ سے ۱۱ تک	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔
۱۱ سے ۱۲ تک	زہرہ	سعد اصغر	نیک کام کے لیے۔ شادی بیاہ کے لیے۔
۱۲ سے ۱ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۱ سے ۲ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۲ سے ۳ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۳ سے ۴ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۴ سے ۵ تک	مریخ	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۵ سے ۶ تک	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔
۶ سے ۷ تک	زہرہ	سعد اصغر	نیک کام کے لیے۔ شادی وغیرہ کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۸ سے ۹ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔

(بروزِ منگل) طلوعِ آفتاب کے بعد ایک گھنٹہ تک ایک ستارہ کی ساعت ہوتی ہے۔

صبح گھنٹہ	ستارہ	ساعت نیک یا بد	نیک کام کے لیے نیک ساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔ بدکام کے لیے بد ساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔
۶ سے ۷ تک	مریخ	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔
۸ سے ۹ تک	زہرہ	سعداصغر	شادی وغیرہ کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۱۰ سے ۱۱ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۱۱ سے ۱۲ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۱۲ سے ۱ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۱ سے ۲ تک	مریخ	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۲ سے ۳ تک	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔
۳ سے ۴ تک	زہرہ	سعداصغر	شادی وغیرہ کے لیے۔
۴ سے ۵ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۵ سے ۶ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۶ سے ۷ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۸ سے ۹ تک			
۹ سے ۱۰ تک			

(بروزِ بدھ) طلوعِ آفتاب کے بعد ایک گھنٹہ تک ایک ستارہ کی ساعت ہوتی ہے۔

صبح گھنٹہ	ستارہ	ساعت نیک یا بد	نیک کام کے لیے نیک ساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔ بد کام کے لیے بد ساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔
۶ سے ۷ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۸ سے ۹ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۱۰ سے ۱۱ تک	مریخ	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۱۱ سے ۱۲ تک	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔
۱۲ سے ۱ تک	زہرہ	سعد اصغر	شادی وغیرہ کے لیے۔
۱ سے ۲ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۲ سے ۳ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۳ سے ۴ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۴ سے ۵ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۵ سے ۶ تک	مریخ	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۶ سے ۷ تک	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	زہرہ	سعد اصغر	شادی وغیرہ کے لیے۔

(بروزِ جمعرات) طلوعِ آفتاب کے بعد ایک گھنٹہ تک ایک ستارہ کی ساعت ہوتی ہے۔

صبح گھنٹہ	ستارہ	ساعت	نیک کام کے لیے نیک ساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔
		نیک یا بد	بدکام کے لیے بدساعت میں شروع کیا جاتا ہے۔
۶ سے ۷ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، ترقی رزق کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	مریخ	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۸ سے ۹ تک	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔
۹ سے ۱۰ تک	زہرہ	سعد اصغر	شادی وغیرہ کے لیے۔
۱۰ سے ۱۱ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۱۱ سے ۱۲ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۱۲ سے ۱ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۱ سے ۲ تک	مشتری	سعد	نوکری، کاروبار، رزق۔
۲ سے ۳ تک	مریخ	بدنحس	بدکام کے لیے۔
۳ سے ۴ تک	شمس	سعد	بات منوانے کے لیے۔
۴ سے ۵ تک	زہرہ	سعد اصغر	شادی وغیرہ کے لیے۔
۵ سے ۶ تک	عطارد	مساوی	نیک کام کے لیے۔
۶ سے ۷ تک	قمر	سعد	نیک کام کے لیے۔
۷ سے ۸ تک	زحل	بدنحس	بدکام کے لیے۔

بسم اللہ الرحمان الرحیم

اللہ جل جلالہٗ

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلِ نِعْمَ الْمَوْلیٰ وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ

۱۴۰۰ اولیاءِ عظام کے وظیفوں کا نچوڑ

فضائل اورادِ فتحیّہ شریف

مترجم

دعائے رقاب

تالیفِ لطیف

شیخ المشائخ محبوب ربّانی

حضرت امیر کبیر سیّد علی ہمدانی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

فضائل اورادِ فتحیہ شریف

جس شخص کو دین و دنیا کی فتوحات حاصل کرنے کی خواہش ہو اسے چاہیے کہ وہ اورادِ فتحیہ شریف پڑھے۔ اورادِ فتحیہ شریف حضرت امیر کبیر سیّد علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیفات میں سے ہے۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اپنی تصنیف ''انتباہ فی سلاسل اولیاء'' کے صفحہ ۱۴۲، ۱۴۳ پر لکھتے ہیں کہ اورادِ فتحیہ شریف۔

ترجمہ: **اورادِ فتحیہ شریف**

ایک ہزار چار سو اولیاء کے متبرک کلام سے جمع ہوا ہے اور فتح ہر ایک کی ان میں سے ایک کلمہ میں ہوئی ہے۔ جو حضوری کے ساتھ اپنے پر لازم کرلے اس کی برکت اور صفائی مشاہدہ کرے گا۔ واللہ ولی التوفیق. اب اگر فضائل اور خواص اس اورادِ فتحیہ شریف کے بیان کیے جائیں تو بہت طویل ہو جائیں گے۔ اس واسطے کہ آنحضرت سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ساری زندگی میں معمورہ عالَم کی تین بار سیر کی ہے اور چودہ سو کامل اولیاء سے ملے ہیں۔ ہر ولی سے رخصت کے وقت دعا اور نصیحت اور درود و وظائف کی التجا کی۔ اور ان نصیحتوں اور درود و وظائف کو اپنے جامہ پر مرتع کیا اور ان دعاؤں اور اذکار کو جو بے اختیار ان کی زبانوں پر جاری ہوتے تھے، جمع کیا ہے، یہ اوراد ہوگیا ہے۔ انہی حضرت سے منقول ہے کہ جب میں بارہویں دفعہ کعبہ شریف کی زیارت کو گیا پھر مسجدِ اقصیٰ پہنچا تو حضرت محمد ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ تشریف لا رہے ہیں۔ میں اٹھا اور آگے گیا اور آپ کی خدمت اقدس و عالیہ میں سلام عرض کیا۔ آپ نے اپنی آستینِ مبارک سے ایک

جز و نکالا اور اس درویش سے فرمایا کہ "خذ هذا الفتحیه" (یعنی اس فتحیہ کو پکڑ لے)
جب میں نے آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کے دستِ مبارک سے پکڑ لیا
اور نظر کی تو یہ وہی اورادِ فتحیہ شریف تھے جن کو میں نے جمع کیا ہوا تھا۔ اس اشارہ سے اس کا
نام (اورادِ) فتحیہ شریف رکھا گیا۔

چونکہ اس اورادِ فتحیہ شریف سے ۱۴۰۰ کامل اولیاء اللہ کے فیوض جاری ہیں اس
لیے اس کے پڑھنے والوں کو خداوندِ قدوس کی طرف سے ان بزرگوں کا صدقہ فیضان ملتا
ہے۔ اس کے پڑھنے والوں کے تاثرات، مشاہدات اور تجربات علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں۔

پڑھنے کا وقت:

اس اورادِ فتحیہ شریف کو تہجد کے وقت پڑھنا چاہیے کیونکہ اس کے پڑھنے والے
کے لیے ترکِ جمالات و کمالات ضروری اور لازمی امر ہے۔ اگر کبھی نمازِ تہجد کے بعد نہ
پڑھا جا سکے تو فجر کی نماز کے بعد پڑھ لینا چاہیے۔ بالفرض اگر کوئی شخص فجر کی نماز کے بعد
بھی نہ پڑھ سکے تو دن کے کسی پہر میں ضرور بہ ضرور پڑھنا چاہیے۔ اگر سفر کی وجہ سے یا کسی
اور بنا پر دن کے کسی پہر میں بھی نہ پڑھا جا سکے تو اگلے دن دو دفعہ اس کا ورد کیا جائے تاکہ
پچھلی کمی پوری ہو سکے۔

پڑھنے کا طریقہ:

اورادِ فتحیہ شریف کو پڑھنے سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنی چاہیے پھر گیارہ مرتبہ
درود شریف اور سات دفعہ الحمد شریف بمعہ بسم اللہ شریف اور گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص
شریف بمعہ بسم اللہ شریف پڑھنی چاہیے۔

علاوہ ازیں پڑھنے والوں کے لیے جن باتوں کا خیال رکھنا اور پابندی کرنا
ضروری ہے وہ درج ذیل ہیں:

(۱)　پڑھنے کے دوران کسی سے کسی قسم کی گفتگو نہیں کرنی چاہیے۔ اگر دورانِ تلاوت اورادِ ہذا کسی قسم کی گفتگو کی جائے تو اس کو دوبارہ مذکورہ آداب کو ملحوظ رکھتے ہوئے پڑھنا پڑے گا۔

(۲)　پڑھنے کا ابتدائی طریقہ یہ ہے۔ اس کی تلاوت قدرے بلند آواز سے کی جائے اور ایسی جگہ پڑھا جائے جہاں نہ تو کوئی سویا ہوا ہو اور نہ ہی کوئی بیمار آرام کر رہا ہو۔

(۳)　پڑھنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے، بالکل آہستگی سے اور منہ میں پڑھا جائے۔

(۴)　پڑھنے کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ آنکھ اور دل سے پڑھنے کا کام لیا جائے اور حضورِ قلبی سے پڑھا جائے۔ نیز چاہے مبتدی ہو یا متوسط یا منتہی، اس کے مطالب کو سمجھ کر پڑھنا چاہیے (اردو میں آسان ترجمہ کرنے کا مقصد یہ بھی پیشِ نظر تھا کہ قاری اس کے مطالب کو سمجھ کر پڑھے تاکہ اس کو پڑھ کر کیف و سرور آئے، روح کو طمانیت حاصل ہو)۔ حضورِ قلبی کے ساتھ پڑھنے سے جلد تاثیر ہوتی ہے۔ ''میاں مٹھو چوری کھانی اے'' نہیں الاپنا چاہیے۔ جس کو علم نہیں ہوتا کہ میاں مٹھو کون ہے اور چوری کون ہے۔ اگرچہ خود بھی ہوتا ہے اور چوری بھی ہوتی ہے مگر پھر الاپتا ہے جیسے پنجابی کی کہاوت ہے ''میاں مٹھو چوری کھانی اے''۔

کسی ورد یا وظیفے کو پڑھنے کے لیے کسی صاحبِ اجازت شخصیت سے اجازت لینا ضروری ہے۔ بغیر اجازت کے پڑھنے سے مشکلات اور پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ محض کسی کتاب پر یہ لکھا ہوا پڑھ لینے سے کہ ''اس وظیفہ کی اجازت ہے'' کافی نہیں ہے۔ کیونکہ جب کوئی صاحبِ اجازت، اجازت عطا فرماتے ہیں تو پھر وہ ضامن اور محافظ ہو جاتے ہیں اور مشکل وقت اور کسی امتحان کے موقع پر راہ نمائی فرماتے ہیں۔

جہاں تک اورادِ فتحیہ شریف کا تعلق ہے اس کو بغیر اجازت نہیں پڑھا جا سکتا۔ اس کے پڑھنے والے پر تین آزمائشیں آتی ہیں جو کہ ایک آزمودہ بات ہے۔ اس وظیفہ کے

پڑھنے والے کی آزمائشیں کچھ اس طرح کی ہوتی ہیں کہ کبھی ماں باپ یا بہن بھائی یا یار دوست یا عزیز رشتہ دار، برادری وغیرہ مخالف ہو جاتی ہے۔ اہل محلّہ مخالف ہو جاتے ہیں۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ حاکمِ وقت مخالف ہو جاتا ہے۔ یا کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ کتا چارپائی پر ٹٹی پیشاب کر دیتا ہے۔ یہ سب صورتیں اورادِ فتحیہ شریف کے قاری پر کسی نہ کسی رنگ میں آسکتی ہیں۔ جب ایسی پوزیشن ہو تو پھر قاری کے لیے ضروری ہے کہ خاموشی اختیار کرے اور صبر و تحمل سے کام لے اور ڈوری رب پر چھوڑ دے۔ یہاں تک کہ کسی کے متعلق برائی کا ارادہ کرنا، بددعا دینا اور بدزبانی کرنا منع ہے۔ جو شخص ان آزمائشوں میں پورا اتر جاتا ہے کامیابی اس کے قدم چومتی ہے۔ اصل میں یہ سب معاملہ ایسے ہے جیسے گُڑ بنانے کے لیے گنّے کے رس کو کڑاھے میں ڈال کر نیچے سے آگ جلا دیتے ہیں تو رس کی میل اوپر آجاتی ہے جس کو بعد میں صاف کر دیا جاتا ہے اور بعد میں صاف شفاف گڑ بنتا ہے۔ اس طرح اورادِ فتحیہ شریف پڑھنے والے کی مَیل بھی نکل جاتی ہے، قاری کی طبیعت میں رقت پیدا ہو جاتی ہے، استغنائے قلب کی عظیم نعمت ملتی ہے، تنگدستی دور ہو جاتی ہے۔ دل سے ''ہائے مر گئے، ہائے مر گئے'' والا معاملہ ختم ہو جاتا ہے۔ آدمی سیف اللّسان ہو جاتا ہے اور جو بات اس کی زبان سے نکلتی ہے وہ ہو کے رہتی ہے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ ط

درود (رحمتِ کاملہ) اور سلام (سلامتی) آپ ﷺ پر اے امیر و سردار رسولوں کے

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اِمَامَ الْمُتَّقِیْنَ ط

درود (رحمتِ کاملہ) اور سلام (سلامتی) آپ ﷺ پر اے پرہیز گاروں کے پیشوا۔

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ ط

درود (رحمتِ کاملہ) اور سلام (سلامتی) آپ ﷺ پر اے ختم فرمانے والے نبیوں کے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ ط

درود (رحمتِ کاملہ) اور سلام (سلامتی) آپ ﷺ پر اے سفارش فرمانے والے گنہگاروں کے

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط

درود (رحمتِ کاملہ) اور سلام (سلامتی) آپ ﷺ پر اے بھیجے ہوئے جہانوں کے پروردگار و مالک کے

صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَ مَلٰٓئِکَتِهٖ وَ اَنْبِیَآئِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَ حَمَلَةِ عَرْشِهٖ وَ جَمِیْعِ خَلْقِهٖ ط

درود (کاملہ رحمتیں) اللہ (تبارک و تعالیٰ) اور اس کے فرشتوں کے اور اس کے نبیوں (غیب کی خبر دینے والوں) اور اس کے رسولوں کے اور اس کے عرشِ معلّٰی کے اٹھانے والوں کے اور اس کی تمام مخلوقات کے

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ

اوپر ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ اور ان کی اولاد اور ان کے صحابہ کرام پر

عَلَیْهِ وَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ ط

اوپر انکے اور اوپر انکے سلام (سلامتی) اور رحمت اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود مطلق و بیحد) اور برکتیں انکی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بیحد) درود (رحمتِ کاملہ) بھیج اوپر سردار ہمارے محمد (ﷺ) کے پہلوں میں

وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْن

اور درود (رحمتِ کاملہ) بھیج اوپر سردار ہمارے محمد (ﷺ) کے پچھلوں میں

وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

اور درود (رحم و رحمت کاملہ) بھیج اوپر سردار ہمارے حضرت محمد (ﷺ) کے برتر و بلند گروہ میں روزِ جزا تک

وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ وَّ حِیْنٍ ط

اور درود (رحمتِ کاملہ) بھیج اوپر سردار ہمارے محمد (ﷺ) کے ہر وقت اور ہر زمانے میں۔

وَ صَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ عَلٰی مَلٰٓئِکَتِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ

اور درود (رحم و رحمت کاملہ) بھیج (نازل فرما) اوپر تمام نبیوں (غیب کی خبریں دینے والوں) اور سب رسولوں پر اور اوپر اپنے مقربین فرشتوں کے

وَ عَلٰی عِبَادِکَ الصّٰلِحِیْنَ وَ عَلٰٓی اَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ

اور اوپر اپنے نیک بندوں کے اور اوپر اپنے سب فرمانبرداروں کے

وَ ارْحَمْنَا مَعَھُمْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

اور تو ہم پر رحم فرما ساتھ ان لوگوں کے ساتھ اپنی رحمت کے اے بڑے رحم فرمانے والے رحم کرنے والوں کے۔

۲۶۷

۷۸۶

۹۲

اللہ جلّ جلالہٗ

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

دعائے رقاب شریف

تالیفِ لطیف
شیخ المشائخ محبوب ربّانی
حضرت امیر کبیر میر سیّد علی ہمدانی
رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ساتھ نام اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بیحد) بخشش فرمانے والے مہربان کے

اَللّٰھُمَّ یَا مَالِکَ الرِّقَابِ وَ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ

اے اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود مطلق و بیحد) اے گردنوں کے مالکِ حقیقی اور اے دروازوں کے کھولنے والے

وَ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ ھَیِّیْٔ لَنَا سَبَباً لَا نَسْتَطِیْعُ لَہٗ طَلَباً

اور اے سببوں کے بنانے والے تیار فرما واسطے ہمارے سبب کہ ہم اس کی طلب کی طاقت نہیں رکھتے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لَنَا مَشْغُوْلِیْنَ بِاَمْرِکَ اٰمِنِیْنَ بِعَدْلِکَ

اے اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بیحد) ہمیں اپنے حکم وکام پر مشغول ہونے والے فرما امن پانے والے (بے خوف) تیرے عدل و انصاف سے

اٰئِسِیْنَ مِنْ خَلْقِکَ اٰنِسِیْنَ بِکَ مُسْتَوْحِشِیْنَ عَنْ غَیْرِکَ

نا امید ہونے والے تیری مخلوق سے انس و محبت فرمانے والے ساتھ تیری ذات و صفات کے نفرت کرنے والے غیر سے

رَاضِیْنَ بِقَضَآئِکَ وَ صَابِرِیْنَ عَلٰی بَلَآئِکَ قَانِعِیْنَ لِعَطَآئِکَ

راضی تیری قضا پر (تقدیر و حکم) اور صبر کرنے والے تیری آزمائش پر قناعت کرنے والے واسطے تیری عطا کے

شَاکِرِیْنَ لِنِعْمَآئِکَ مُتَلَذِّذِیْنَ بِذِکْرِکَ فَرِحِیْنَ بِکِتَابِکَ

شکر کرنے والے تیری نعمتوں پر لذت حاصل کرنے والے تیرے ذکر کے ساتھ خوش ہونے والے (شاداں) تیری کتاب (قرآن مجید) کے ساتھ

مُنَاجِیْنَ بِکَ فِیْ اٰنَآءِ الَّیْلِ وَ اَطْرَافِ النَّھَارِ

مناجات کرنے والے بیچ رات کی گھڑیوں کے اور دن کے کناروں

مُبْغِضِیْنَ لِلدُّنْیَا وَ مُحِبِّیْنَ لِلْاٰخِرَۃِ مُشْتَاقِیْنَ اِلٰی لِقَآئِکَ

بغض (دشمنی) رکھنے والے واسطے دنیا کے، اور دوستی رکھنے والے واسطے آخرت کے، شوق رکھنے والے طرف دیدار (ملاقات) تیرے کے

مُتَوَجِّھِیْنَ اِلٰی جَنَابِکَ مُسْتَعِدِّیْنَ لِلْمَوْتِ

منہ کرنے والے تیری درگاہ کی طرف تیار واسطے موت کے

رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ

اے ہمارے پروردگار دے ہم کو جو کچھ تو نے ہم سے وعدہ کیا ہے اپنے رسولوں کی زبان پر

وَ لَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ط اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط

اور نہ شرمندہ کرنا ہمیں قیامت کے دن۔ یقیناً تو نہیں وعدہ کی مخالفت فرماتا۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلِ التَّوْفِیْقَ رَفِیْقَنَا وَ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ طَرِیْقَنَا

اے اللہ (تبارک و تعالٰی واجب الوجود و مطلق و بیحد) فرمادے توفیق کو رفیق ہمارا اور سیدھے راستے کو ہمارا طریقہ

اَللّٰھُمَّ اَوْصِلْنَآ اِلٰی مَقَاصِدِنَا وَ تُبْ عَلَیْنَآ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ٥

اے اللہ (تبارک و تعالٰی واجب الوجود و مطلق و بیحد) پہنچا ہمیں ہمارے مطلبوں تک اور قبول فرما ہماری توبہ، یقیناً تو قبول فرمانے والا توبہ کا مہربان ہے۔

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا وَ بِکَ اَمْسَیْنَا

اے اللہ (تبارک و تعالٰی واجب الوجود و مطلق و بیحد) تیرے ساتھ ہی صبح

کی ہم نے اور تیرے ساتھ ہی شام کی ہم نے

وَ بِكَ نَحْيٰ وَ بِكَ نَمُوْتُ وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ط

اور تیرے ساتھ ہی ہم زندہ ہیں اور تیرے ساتھ ہی ہم مریں گے اور اے اللہ تیری ہی طرف ہم لوٹیں گے

اَللّٰهُمَّ اِلٰى لِقَائِكَ اَللّٰهُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّ ارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ

اے اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود ومطلق وبیحد) بلا طرف ملاقات اپنی کے اے اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود ومطلق وبیحد) دِکھا ہمیں حق کو حق اور دے ہمیں پیروی اس کی

وَ اَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلاً وَّ ارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ اَللّٰهُمَّ اَرِنَا حَقَائِقَ الْاَشْيَآءِ كَمَا هِيَ

اور دکھا ہمیں باطل کو باطل اور عطا فرما ہمیں اس سے بچنا، اے اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب والوجود ومطلق و بے حد) دکھا ہمیں حقیقتیں چیزوں کی جس طرح کہ وہ ہیں

تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَ اَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ وَ ادْفَعْ عَنَّا شَرَّ الظّٰلِمِيْنَ

اور قوت عطا فرما ہمیں مسلمان اور ملا ہمیں تو صالحوں (نیکو کاروں) کے ساتھ اور دفع فرما ہم سے شرارت ظالموں کی

وَ اَشْرِكْنَا فِيْ دُعَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ نَبِّهْنَا عَنْ نَوْمَةِ الْغَافِلِيْنَ

اور شریک فرما ہمیں مومنوں کی دعا میں اور آگاہ فرما (جگا) ہمیں تو خوابِ غافلاں (غفلت کرنے والوں) کی خواب (نیند) سے

وَ ارْزُقْنَا شَفَاعَةَ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ اٰمِنِيْنَ

اور دے ہمیں سفارش سردار رسولوں (پیغمبروں) کی اور داخل فرما ہمیں بہشت میں سلامتی کے ساتھ اور امن کے

وَ احْشُرْنَا مَعَ الْمُتَّقِيْنَ وَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ

اور تو حشر فرما (اٹھا) ہمیں ساتھ پرہیز فرمانے والوں کے اور خلاص

دے (چھڑا) ہمیں آگ (دوزخ سے) اے پناہ دینے والے

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ بخشش فرما واسطے حضرت محمد ﷺ کی امت کے اللہ درود و سلام بھیج اوپر اس کے (ان کے)

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) رحم فرما امت پر حضرت محمد ﷺ درود (رحمتِ کاملہ) اوپر ان کے اور سلام (سلامتی)

اَللّٰھُمَّ انْصُرْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود مطلق و بیحد) مدد فرما حضرت محمد (بہت تعریف کیے گئے) کی امت پر درود و سلام بھیجے اوپر اس کے

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) کھول دے واسطے حضرت محمد ﷺ کی امت کے ، اللہ درود و سلام بھیجے اوپر اس کے،

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) اصلاح فرما امت محمد ، اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) درود (رحمتِ کاملہ) سلام (سلامتی) بھیجے اوپر اس کے

اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ کشائش فرما سختیوں کو اور مشکلوں کو حضرت محمد ﷺ کی امت سے ، درود و سلام بھیجے اوپر اس کے

اَللّٰھُمَّ كَرِّمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) اے اللہ بزرگی بخش

حضرت محمد ﷺ کی امت کو درود و سلام بھیجے اوپر اس کے

اَللّٰھُمَّ عَظِّمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود مطلق و بیحد) بڑھائی (بزرگی) عطا فرما

حضرت محمد ﷺ کی امت کو ، درود ، سلام بھیجے اوپر اس کے

اَللّٰھُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) درگزر فرما

حضرت محمد ﷺ (بہت تعریف کیے گئے) کی امت سے ،

اَللّٰھُمَّ یَا حَبِیْبَ التَّوَّابِیْنَ تُبْ عَلَیْنَا

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) اے

دوست رکھنے والے توبہ کرنے والوں کے قبول فرما ہماری توبہ

وَ یَا اَمَانَ الْخَآئِفِیْنَ اٰمِنَّا وَ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ دُلَّنَا

اے امن دینے والے ڈرنے والوں کے امن دے ہمیں اور

اے راہنما حیرت زدوں کے راہ نمائی فرما ہماری

وَ یَا ھَادِیَ الْمُضِلِّیْنَ اِھْدِنَا وَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا

اے (حقیقی) ہدایت فرمانے والے گمراہوں کے ہدایت فرما ہمیں

اور اے حقیقی فریاد رس فریاد کرنے والوں کے ، ہماری فریاد کو پہنچ

وَ یَا رَجَآءَ الْمُنْقَطِعِیْنَ لَا تَقْطَعْ رَجَآءَ نَا وَ یَا رَاحِمَ الْعَاصِیْنَ ارْحَمْنَا

اوراے امید گاہ نا امیدوں کے نہ قطع فرما ہماری امیدوں

کو اور اے بہت رحم فرمانے والے گنہگاروں پر ، ہم پر رحم فرما

وَ یَا ھَادِیَ الْمُضِلِّیْنَ اِھْدِنَا یَا غَافِرَ الْمُذْنِبِیْنَ اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

اور اے بھٹکے ہوؤں کو راہ بتانے والے ہمیں راہ بتا ، اے

بخشنے والے گنہگاروں کے بخش دے واسطے ہمارے گناہ

وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَ تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ط

اور دور فرما ہم سے ہماری برائیوں کو اور فوت کر ہمیں ساتھ نیکو کاروں کے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ ذُنُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عُيُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ صُدُوْرَنَا

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بیحد) بخش دے ہمارے گناہوں کو، اے (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) چھپا ہمارے عیبوں کو، اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بیحد) کشادہ فرما ہمارے سینوں کو

اَللّٰهُمَّ احْفَظْ قُلُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ اُمُوْرَنَا

اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بیحد) محفوظ فرما ہمارے دلوں کو اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) روشن فرما ہمارے دلوں کو اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود مطلق و بے حد) آسان فرما ہمارے کاموں کو

اَللّٰهُمَّ حَصِّلْ مُرَادَنَا اَللّٰهُمَّ تَمِّمْ تَقْصِيْرَنَا اَللّٰهُمَّ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ

اے اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بیحد) حاصل فرما ہماری مراد کو اے اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) پوری فرما ہماری کوتاہیوں (کمیوں) کو، اے اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بے حد) نجات فرما ہمیں اس سے کہ جس سے ہم ڈرتے ہیں

يَا خَفِيَّ الْاَلْطَافِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَنَا وَ لِوَالِدَيْنَا وَ لِمَشَآئِخِنَا وَ لِاَسَاتِذِنَا

اے چھپی ہوئی مہربانیوں والے، اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بیحد کے) واسطے ہمارے بخشش فرما اور واسطے ماں باپ ہمارے اور واسطے بزرگوں ہمارے اور واسطے استادوں ہمارے

وَلِاَصْحَابِنَا وَ لِاَحِبَّآئِنَا وَ لِعَشَآئِرِنَا وَ لِقَبَآئِلِنَا وَ لِمَنْ لَهٗ حَقٌّ عَلَيْنَا

اور واسطے دوستوں ہمارے اور واسطے ہمارے صحبت رکھنے والوں

(یار دوست) ہمارے اور واسطے ہمارے خویشوں اور واسطے ہمارے قریبیوں
اور واسطے ہر اس شخص کے کہ جس کا حق ہے ہمارے اوپر

وَ لِجَمِيْعِ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ
اور واسطے تمام امت حضرت محمد ﷺ (بہت تعریف کیے گئے) کے ان پر درود و سلامتی

وَ قِنَا رَبَّنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ وَ قِنَا عَذَابَ النَّارِ وَ عَذَابَ الْقَبْرِ
اور بچا ہمیں اے پروردگار ہمارے برائی اس چیز کی سے کہ حکم جاری فرمایا
تو نے اور بچا ہمیں عذاب آگ (دوزخ) سے اور بچا ہمیں عذاب قبر سے

وَ عَذَابَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ احْشُرْنَا مَعَ الْمُتَّقِيْنَ وَ الْاَبْرَارِ
اورعذاب دن قیامت کے اور حشر کر (اٹھا) ہمیں ساتھ پرہیزگاروں اور نیکوکاروں کے

اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَةِ هٰذِهِ الْاَوْرَادِ الْفَتْحِيَّةِ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ الْعِنَايَاتِ وَ الْكَرَامَاتِ
اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بحد) اس اورادِ فتحیہ
شریف کی برکت سے کشادہ فرما (کھول دے) ہمارے لیے دروازے
عنایتوں کے اور کرامات (بزرگیوں) کے

وَ وَفِّقْنَا لِلطَّاعَاتِ وَ الْعِبَادَاتِ وَ احْفَظْنَا مِنَ الْاٰفَاتِ وَ الْبَلِيَّاتِ
اور توفیق دے ہمیں تابعداروں اور عبادتوں کی اور حفاظت
فرما ۔ ہماری آفتوں اور بلاؤں سے

وَ بَارِكْ لَنَا فِي الرِّزْقِ وَ الْحَسَنَاتِ
اور برکت فرما واسطے ہمارے بیچ رزق کے اور نیکیوں کے

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا يَا فَيَّاضُ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَايَا وَ الْاَمْرَاضِ
اے اللہ (تبارک و تعالیٰ واجب الوجود و مطلق و بحد) حفاظت فرما
ہماری اے بہترین فیض والے ساری بلاؤں اور بیماریوں سے

وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلیٰ خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

اور درود (رحمتِ کاملہ) ہو، اللہ (تبارک وتعالیٰ واجب الوجود و مطلق وبیحد) اوپر بہترین اس کی مخلوق کے حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل پر اور ان کے سب اصحاب پر

....

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ بَارِکْ وَسَلِّمْ

قال اللہ تعالیٰ

وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا

چہل بند اذکارِ چشتیاں ملقب بہ تفریح بہشتیاں

نَفِیرِ غیب ۱۳۵۲ھ

المعروف بہ

یادِ خدا

مصنفہ

خواجہ عزیز الحسن صاحب مجذوب
رحمۃ اللہ علیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ ط

ابیات در تضمین ذکر نفی و اثبات

یار رہے یارب تو میرا اور میں تیرا یار رہوں
مجکو فقط تجھ سے ہو محبت خلق سے میں بیزار رہوں
ہر دم ذکر و فکر میں تیرے مست رہوں سرشار رہوں
ہوش رہے مجھ کو نہ کسی کا خلق سے میں بیزار رہوں
اب☆ تو رہے بس تادمِ آخر وردِ زباں اے میرے اِلٰہ
لَا اِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ ، لَا اِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ

تیرے سوا معبودِ حقیقی کوئی نہیں ہے ، کوئی نہیں
تیرے سوا مقصودِ حقیقی کوئی نہیں ہے ، کوئی نہیں
تیرے سوا موجودِ حقیقی کوئی نہیں ہے ، کوئی نہیں
تیرے سوا مشہودِ حقیقی کوئی نہیں ہے ، کوئی نہیں
اب☆ تو رہے بس تادمِ آخر وردِ زباں اے میرے اِلٰہ
لَا اِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ ، لَا اِلٰــهَ اِلَّا اللّٰــهُ

دونوں جہاں میں جو کچھ بھی ہے سب ہے تیرے زیرِ نگیں
جن و انس حور و ملائک عرش و کرسی چرخ و زمیں

کون و مکاں میں لائقِ سجدہ تیرے سوا اے نورِ مبیں
کوئی نہیں ہے کوئی نہیں ہے کوئی نہیں ہے کوئی نہیں
اب ☆ تو رہے بس تادمِ آخر وردِ زباں اے میرے اِلٰہٗ
لا اِلٰــــہَ اِلَّا الــلّٰــــہُ ، لا اِلٰـــہَ اِلَّا الــلّٰـــہُ

سب بندے ہیں کوئی نبی ہو یا ہو ولی یا شاہنشاہ
باغِ دو عالم بھی ہے تری قدرت کے حضور اک برگِ کاہ
کیوں نہ میں قائل ہوں کہ ہزاروں تیری خدائی کے ہیں گواہ
خار و گل و افلاک و کواکب ، کوہ و دریا مہر و ماہ
اب ☆ تو رہے بس تادمِ آخر وردِ زباں اے میرے اِلٰہٗ
لا اِلٰــــہَ اِلَّا الــلّٰــــہُ ، لا اِلٰـــہَ اِلَّا الــلّٰـــہُ

تیرا گدا بن کر میں کسی کا دستِ نگر اے شاہ نہ ہوں
بندۂ مال و زر نہ بنوں میں طالبِ عزّ و جاہ نہ ہوں
راہ پہ تیری پڑ کے قیامت تک میں کبھی بے راہ نہ ہوں
چین نہ لوں میں جب تک رازِ وحدت سے آگاہ نہ ہوں
اب ☆ تو رہے بس تادمِ آخر وردِ زباں اے میرے اِلٰہٗ
لا اِلٰــــہَ اِلَّا الــلّٰــــہُ ، لا اِلٰـــہَ اِلَّا الــلّٰـــہُ

یاد میں تیری سب کو بھلا دوں کوئی نہ مجھ کو یاد رہے
تجھ پر سب گھر بار لٹا دوں خانۂ دِل آباد رہے
سب خوشیوں کو آگ لگا دوں غم سے ترے دِل شاد رہے
سب کو نظر سے اپنی گرا دوں تجھ سے فقط فریاد رہے
اب ☆ تو رہے بس تادمِ آخر وردِ زباں اے میرے اِلٰہٗ

لا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰـــہُ ، لا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰـــہُ

سب سے میں ہو جاؤں مستغنی فضل ہو پیشِ نظر تیرا
اب تو رہوں میں اے مرے داتا بس اک دستِ نگر تیرا
توڑ کے پاؤں پڑ جاؤں چھوڑوں نہ کبھی اب در تیرا
عشق سما جائے رگ رگ میں دِل میں ہو میرے گھر تیرا

اب تو رہے بس تا دمِ آخر وردِ زباں اے میرے الٰہ
لا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰـــہُ ، لا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰـــہُ

نفس و شیطاں دونوں نے مل کر ہائے کیا ہے مجھ کو تباہ
اے مرے مولا میری مدد کر چاہتا ہوں میں تیری پناہ
مجھ سے خلق میں کوئی نہیں گو بد کردار و نامہ سیاہ
تو بھی مگر غفار ہے یا رب بخش دے میرے سارے گناہ

اب تو رہے بس تا دمِ آخر وردِ زباں اے میرے الٰہ
لا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰـــہُ ، لا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰـــہُ

مجھ کو سراپا ذکر بنا دے ذکر ترا اے میرے خدا
نکلے میرے ہر بُنِ مُو سے ذکر ترا اے میرے خدا
اب تو کبھی چھوڑے بھی نہ چھوٹے ذکر ترا اے میرے خدا
حلق سے نکلے سانس کے بدلے ذکر ترا اے میرے خدا

اب تو رہے بس تا دمِ آخر وردِ زباں اے میرے الٰہ
لا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰـــہُ ، لا اِلٰـــہَ اِلَّا اللّٰـــہُ

جب تک قلب رہے پہلو میں جب تک تن میں جان رہے
لب پہ ترا نام رہے اور دِل میں تیرا دھیان رہے

جذب میں پڑاں ہوش رہیں اور عقل مری حیران رہے

لیکن تجھ سے غافل ہرگز دِل نہ مرا اِک آن رہے

اب ☆ تو رہے بس تادمِ آخر وردِ زباں اے میرے اِلٰہ

لَا اِلٰــــهَ اِلَّا الــلّٰــــهُ ، لَا اِلٰــــهَ اِلَّا الــلّٰــــهُ

☆ جاں ہوئی جاتی ہے شیریں کیسے مزے کا ذکر ہے واہ

ابیات دَر تضمین ذکر مجرّد و اثبات

اے مرے مولا میری نظر میں تو ہی تو ہو تو ہی تو

سب تو ہوں باہر دل کے اندر تو ہی تو ہو تو ہی تو

قلبِ تپاں میں دِیدۂ تَر میں تو ہی تو ہو تو ہی تو

میرے لیے تو بحر و بَر میں تو ہی تو ہو تو ہی تو

کچھ نہ سجھائی دے مجھے ہرگز لاکھ ہوں منظر پیشِ نگاہ

اَلّا الــلّٰــــهُ اِلَّا الــلّٰــــهُ اِلَّا الــلّٰــــهُ

سُوجھے مجکو دونوں جہاں میں تو ہی تو بس تو ہی تو

سُوجھے مجکو کون و مکاں میں تو ہی تو بس تو ہی تو

سُوجھے مجکو قالب و جاں میں تو ہی تو بس تو ہی تو

سُوجھے مجکو سُود و زیاں میں تو ہی تو بس تو ہی تو

کچھ نہ سجھائی دے مجھے ہر گز لاکھ ہوں منظر پیشِ نگاہ

اِلَّا اللّٰہ اِلَّا اللّٰہ اِلَّا اللّٰہ اِلَّا اللّٰہ

جان سے بھی جو مجھکو ہے پیارا تو ہی تو ہاں تو ہی تو

جس کے لیے سب کچھ ہے گوارا تو ہی تو ہاں تو ہی تو

دونوں جہاں میں میرا سہارا تو ہی تو ہاں تو ہی تو

میری ناؤ کا کھیون ہارا تو ہی تو ہاں تو ہی تو

کچھ نہ سجھائی دے مجھے ہر گز لاکھ ہوں منظر پیشِ نگاہ

اِلَّا اللّٰہ اِلَّا اللّٰہ اِلَّا اللّٰہ اِلَّا اللّٰہ

ابیات دَر تضمین ذکر یک ضربی اسم ذات

اے میرے داتا اے میرے مالک اے میرے مولیٰ اے میرے والی

شاہنشاہِ دو عالم تو ہے سب سے تری سرکار ہے عالی

شان تری ہر آن نئی ہے گاہِ جمالی گاہِ جلالی

وہ بھی عجب خوش وقت ہے جس نے قلب میں تیری یاد بسالی

شغل میرا بس اب تو الٰہی شام و سحر ہو اللّٰہ اللّٰہ

لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے آٹھ پہر ہو اللّٰہ اللّٰہ

کسب میں دنیا ہی کے رہا دین کی دولت کچھ نہ کمائی

وقت یونہی بے کار گزارا عمر یوں ہی غفلت میں گنوائی

خلق میں سب سے میں ہی برا ہوں کوئی نہیں ہے مجھ میں بھلائی

مجھ سا کوئی بدکار نہ ہوگا کون سی میں نے کی نہ برائی

شغل میرا بس اب تو الٰہی شام و سحر ہو اللہ اللہ

لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے آٹھ پہر ہو اللہ اللہ

ذکر کی اب توفیق ہو یارب کام کا یہ ناکام ہو تیرا

قلب میں ہر دم یاد ہو تیری لب پہ ہمیشہ نام ہو تیرا

تجھ سے بہت رہتا ہے گریزاں اب دِل وحشی رام ہو تیرا

مجکو اب استقلال عطا کر پُختہ بس اب یہ خام ہو تیرا

شغل میرا بس اب تو الٰہی شام و سحر ہو اللہ اللہ

لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے آٹھ پہر ہو اللہ اللہ

ذکر ترا کر کرکے الٰہی دور کروں میں دل کی سیاہی

چھوڑ کے حُبِّ مالی و جاہی اب تو کروں بس فقر میں شاہی

شام و سحر ہے شغلِ مناہی میرے گنہ ہیں لا متناہی

کس سے کہوں میں اپنی تباہی تو ہی مری کر پشتِ پناہی

شغل میرا بس اب تو الٰہی شام و سحر ہو اللہ اللہ

لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے آٹھ پہر ہو اللہ اللہ

نفس کے شر سے مجکو بچالے اے مرے اللہ اے مرے اللہ

پنجہ غم سے مجکو چھڑالے اے مرے اللہ اے مرے اللہ

سُن مرے نالے سُن مرے نالے اے مرے اللہ اے مرے اللہ

اپنا بنالے اپنا بنالے اے مرے اللہ اے مرے اللہ

شغل میرا بس اب تو الٰہی شام و سحر ہو اللہ اللہ

لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے آٹھ پہر ہو اللہ اللہ

اپنی رضا میں مجکو مٹا دے اے مرے اللہ اے مرے اللہ

کر دے فنا سب میرے ارادے اے مرے اللہ اے مرے اللہ

جامِ محبت اپنا پلا دے اے مرے اللہ اے مرے اللہ

دِل میں مرے یاد اپنی رچا دے اے مرے اللہ اے مرے اللہ

شغل میرا بس اب تو الٰہی شام و سحر ہو اللہ اللہ

لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے آٹھ پہر ہو اللہ اللہ

دِیدہ و دِل میں تجکو بسالوں سب سے ہٹالوں اپنی نظر میں

تیرا ہی جلوہ پیشِ نظر ہو، جاؤں کہیں میں دیکھوں جدھر میں

تیرا تصور ایسا جمالوں قلب میں مثلِ نقشِ حجر میں

بھول سکوں تا عمر نہ تجکو چاہوں بھلانا خود بھی اگر میں

شغل میرا بس اب تو الٰہی شام و سحر ہو اللہ اللہ

لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے آٹھ پہر ہو اللہ اللہ

ذات ہے تیری سب سے نرالی شان ہے تیری فہم سے عالی

اس کو تری وحدت ہے مشاہد جس کا ہے دل اغیار سے خالی

تیرے شواہد بحر و بر، گردون و زمین ایام و لیالی

ذرّہ ذرّہ قطرہ قطرہ، پتّہ پتّہ ڈالی ڈالی

شغل میرا بس اب تو الٰہی شام و سحر ہو اللہ اللہ

لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے آٹھ پہر ہو اللہ اللہ

کنہ تری ہے فہم سے عالی، وصف ہے تیرا عقل سے بالا

تیرے ہیں لاکھوں ماننے والے کوئی نہیں ہے جاننے والا

تیری محبت روح کی لذت، تیرا تصور دل کا اجالا

نطق نے میرے چوم لیے لب ، نام ترا جب منہ سے نکالا
شغل میرا بس اب تو الٰہی شام و سحر ہو اللہ اللہ
لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے آٹھ پہر ہو اللہ اللہ

اپنا مجھے مجذوب بنا لے تیرا ہی سودا ہو میرے سر میں
تیری محبت ہو رگ و پے میں جان میں تن میں دل میں جگر میں
شاد رہوں میں رنج و خوشی میں سود و زیاں میں نفع و ضرر میں
فرق نہ دیکھوں شاہ و گدا میں ، دُرّ و صدف میں لعل و گہر میں
شغل میرا بس اب تو الٰہی شام و سحر ہو اللہ اللہ
لیٹے بیٹھے چلتے پھرتے آٹھ پہر ہو اللہ اللہ

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
وَ اٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

ابیات در تضمین دو ضربی

نوٹ: اس ذکر کی اصل بحر یہ ہے اَسْتَغْفِرُ اللہ اَسْتَغْفِرُ اللہ اَسْتَغْفِرُ اللہ اَسْتَغْفِرُ اللہ لیکن یہ چونکہ ذرا غیر مانوس سی بحر ہے اس لیے متعارف بحر یعنی "الٰہی توبہ، الٰہی توبہ، الٰہی توبہ، الٰہی توبہ" اختیار کی گئی ہے۔ ان دونوں بحروں میں بہت ہی کم فرق ہے جیسا کہ ظاہر ہے، اس لیے پڑھنے میں کوئی تفاوت محسوس نہ ہوگا۔ تاہم ٹیپ کا بند

ذِکر ہی کے وزن پر رکھا گیا ہے نیز چند بند پورے کے پورے اصل بحر میں بھی لکھ دیے گئے ہیں تاکہ اگر کسی کو اسی وزن سے دِل چسپی ہو تو وہ اِنہی بندوں کو بار بار پڑھ کر لطف اندوز ہو سکے۔ اور وہ یہ ہیں:

میری کرے گا مقصد برآری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
بخشے گا مجھ کو پرہیز گاری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
رکھے گا مشغولِ آہ وزاری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
دل کی کرے گا آبیاری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
ہر دم کروں میں اے میرے باری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
جب سانس لوں میں ہوجائے جاری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
دل پر چلاتا ہے اُف کٹاری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
اور نفس پر پھیرتا ہے آری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
دو دو لگاتا ہے ضرب کاری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
تلوار ہے اور وہ بھی دو دھاری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
ہر دم کروں میں اے میرے باری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
جب سانس لُوں میں ہوجائے جاری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
کیا ذکر ہے یہ اللہ اکبر اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
دل پر چلاتا ہے تیر و خنجر اللہ اللہ اللہ اللہ
یہ جان سے بھی ہے مجکو بڑھ کر اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
چھوڑوں نہ میں گو بَن جائے دم پر اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
ہر دَم کروں مَیں اے میرے باری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ
جب سانس لُوں میں ہوجائے جاری اللہؐ اللہؐ اللہؐ اللہؐ

یہ ذکر ہے یا قندِ مکرّر اللہ اللہ اللہ اللہ

کہنے لگا میرا دِل بھی سن کر اللہ اللہ اللہ اللہ

یہ جانِ شیریں سے بھی ہے خوش تر اللہ اللہ اللہ

یہ ذکر حق ہے یا شیر و شکر اللہ اللہ اللہ اللہ

ہر دم کروں میں اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ

جب سانس لوں میں ہوجائے جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

ذاکر ہے تیری مخلوق ساری اے میرے مولا اے میرے باری

آجائے اب تو میری بھی باری اے میرے مولا اے میرے باری

کب تک رہے گی غفلت یہ طاری اے میرے مولا اے میرے باری

دِل پر لگے ہاں اِک چوٹ کاری اے میرے مولا اے میرے باری

ہر دم کروں میں اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ

جب سانس لوں میں ہوجائے جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

اُف یہ دلِ بداحوال میرا اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ

یہ حال میرا یہ قال میرا اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ

یہ حال یہ سن وسال میرا اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ

بس اب کہے بال بال میرا اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ

ہر دم کروں میں اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ

جب سانس لوں میں ہوجائے جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

ہوجائے حل اشکال میرا اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ

کام آئے یہ زر یہ مال میرا اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ

دے نفع کچھ یہ اقبال میرا اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ

کیا ہوگا محشر میں حال میرا اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ

ہر دم کروں میں اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ
جب سانس لوں میں ہوجائے جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

دنیا میں دِل منہمک ہے یارب بیزار کردے بیزار کردے
کشتی بھنور میں بے ڈھب پھنسی ہے ہاں پار کردے ہاں پار کردے
بے طرح ہوں محوِ خواب غفلت بیدار کردے بیدار کردے
بے کار ہوں میں بے کار ہوں میں، با کار کردے با کار کردے

ہر دم کروں میں اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ
جب سانس لوں میں ہوجائے جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

دنیا کی اُلفت دِل سے مٹا کر دِیں دار کردے، دِیں دار کردے
ہر کارِ دنیا مجھ سے چھڑا کر بے کار کردے، بے کار کردے
جامِ محبت اپنا پلا کر سرشار کردے، سرشار کردے
مجذوب اپنا مجھ کو بنا کر ہُشیار کردے، ہُشیار کردے

ہر دم کروں میں اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ
جب سانس لوں میں ہوجائے جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

اللہ سے دِل میں نے لگایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ
مقصود میرا آخر بر آیا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ
یادِ خدا میں سب کو بھلایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ
دِل سے نکالا اپنا پرایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ

ہر دم کروں میں اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ
جب سانس لوں میں ہوجائے جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

آیا میں مرشد کے زیرِ سایہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ

گم کردہ رہ تھا منزل پہ آیا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ

اپنی ہی دُھن میں حق نے لگایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ

دِل کی پلٹ دی بالکل ہی کایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ

ہر دم کروں میں اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ

جب سانس لوں میں ہوجائے جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

ابیات شوقیہ

بناؤں گا اپنے نفسِ سرکش کو اب تو یارب غلام تیرا

میں چھوڑ کر کاروبار سارے کروں گا ہر وقت کام تیرا

کیا کروں گا بس اب الٰہی میں ذکر ہی صبح و شام تیرا

جماؤں گا دِل میں یاد تیری رٹوں گا دِن رات نام تیرا

ہر دم کروں گا اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ

مثلِ نفس اب رکھوں گا جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

میں اے خدا دم بھروں گا تیرا بدن میں جب تک کہ جاں رہے گی

پڑھوں گا ہر وقت تیرا کلمہ دہن میں جب تک زباں رہے گی

کوئی رہے گا نہ ذکر لب پر تری ہی بس داستاں رہے گی

نہ شکوۂ دوستاں رہے گا نہ غیبتِ دشمناں رہے گی

ہر دم کروں گا اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ
مثلِ نفس اب رکھوں گا جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

رہا میں دن رات غفلت میں عبث یونہی زندگی گزاری
کیا نہ کچھ کام آخرت کا کٹی گناہوں میں عمر ساری
بہت دنوں میں نے سرکشی کی مگر ہے اب سخت شرمساری
میں سر جھکاتا ہوں میرے مولا میں توبہ کرتا ہوں میرے باری

ہر دم کروں گا اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ
مثلِ نفس اب رکھوں گا جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

مَیں دین لوں گا مَیں دین لوں گا نہ لوں گا مَیں زینہارِ دنیا
دِکھا کے نقش و نگار اپنے لبھائے مجکو ہزار دنیا
اسے میں خوب آزما چکا ہوں بہت ہے بے اعتبار دنیا
لگاؤں گا اس سے دِل نہ ہرگز یہ چار دِن کی ہے یار دنیا

ہر دم کروں گا اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ
مثلِ نفس اب رکھوں گا جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

بتانِ دِل بَر تو سیکڑوں ہیں مگر کوئی باوفا نہیں ہے
ودود اور لائق محبت فقط ہے تُو دُوسرا نہیں ہے
کوئی ترے ذکر کے برابر مزے کی شے اے خدا نہیں ہے
مزے کی چیزیں ہیں گو ہزاروں کسی میں ایسا مزہ نہیں ہے

ہر دم کروں گا اے میرے باری اللہ اللہ اللہ اللہ
مثلِ نفس اب رکھوں گا جاری اللہ اللہ اللہ اللہ

انتخاب از فریادِ مجذوب دَر یادِ محبوب

کر مجھے مجذوب یارب کام کا ہوں تو میں مجذوب لیکن نام کا
ہو نہ ہوشِ ماسوا مطلق مجھے یاد میں رکھ اپنی مستغرق مجھے
تُو ہی تُو ہو، تُو ہی تُو ہو، تُو ہی تُو دِل مرا ہوجائے اک میدانِ ہُو
دردِ دِل ہو، دردِ دِل ہو، دردِ دِل اور مرے تن میں بجائے آب و گِل
تُو ہی تُو آئے نظر دیکھوں جدھر غیر سے بالکل ہی اٹھ جائے نظر
تیرے اَوج اور اپنی پستی کے سوا کچھ نہ سُوجھے تیری ہستی کے سوا
تیرے ذکر و فکر سے فرصت نہ ہو تجھ سے دَم بھر بھی مجھے غفلت نہ ہو
تا دَمِ آخر نہ بھٹکوں راہ سے آخری عرضِ گدا ہے شاہ سے
خاتمہ کردے مرا ایمان پہ بہرِ حق سید خیر البشرؐ
کلمۂ توحید ہو وردِ زباں جس گھڑی نکلے بدن سے میرے جاں

سیکڑوں کو تو کرے گا جنّتی
ایک یہ نا اہل بھی اُن میں سہی

اٰمِیْن ثُمَّ اٰمِیْن یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ
صَلَّی اللّٰـهُ عَلَیْـهِ وَ اٰلِـهٖ وَ اَصْـحٰبِـهٖ وَ اَتْبَاعِـهٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

تکبیر عاشقاں

یہ ایک ایسا وِرد ہے کہ مابین نمازِ مغرب اور نمازِ عشاء کے پڑھنا اس کا دَواماً واسطے برآمد حاجاتِ دینی و دنیاوی کے مفید ہے۔ منقول شاہ عبدالرحمان قلندر قدس سرہٗ سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ انبیا را اولیا را زہاد را عباد را ابدال را اوتاد را سالکان را ناسکان را محبان را محبوبان را مغلوبان را مجذوبان را مجذوب سالک را سالک مجذوب را اصحاب تمکین را ارباب ذوق را اہلِ سکر را اہلِ صحو را نشستگان کنج سلامت را روندگانِ راہِ ملامت را قلندرانِ سرمست را صوفیانِ زبردست را سلسلہ طبقہ حیدریان را غلغلہ ہوہیان را شاہان عرب را سرورانِ عجم را بندگانِ زنگیان را امیران خراسان را سلطان ہند خلفائے سندھ را سراندازانِ غزنویان را ظریفانِ تبت وچین را چابک سوارانِ بدخشاں را عاشقانِ غور را مشتاقانِ ماوراءالنہر را واصلانِ بحر و بر را شہیدانِ دشتِ کربلا را کہ دَرحیات ظاہری و باطنی بدرگاہِ خدا شفیع می آرم برائے برآمدن حاجات و مہمات دِینی و دُنیوی ہر کہ درآید برآید کہ درافتد برافتد ہر کہ دگر کند جگر خورد چوں تکبیرِ عاشقاں بگوید اَللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ اللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ یَا قَدِیْمُ یَا دَائِمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَاقِیُ یَا مُنْتَقِمُ یَا قَادِرُ یَا اِلٰہَ الْاَوَّلِیْنَ یَا اِلٰہَ الْاٰخِرِیْنَ ہر کہ ما را بد خواہد و بد گوید ضربت لَآ اِلٰـہَ اِلَّا الـلّٰـہُ بر جان او ذوالفقار علیؑ بر گردنِ او گرز حمزہؓ بر پشت او عصائے موسیٰ کلیم اللہ بر جگر او ارّہ ذکریا بر سرِ او کرم ایوب در بطن او تیغ

رجال الغیب در قتل او قہر خدا در مقہوری او بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح

☆ ... ☆ ... ☆ ... ☆ ... ☆

دیگر: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الشَّافِی بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِی بِسْمِ اللّٰہِ مُعَافِی بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہ خیر الاسماء اسلام انبیاء و اولیا راز ہاد و عبا در او غوث راو قطب راو اوتا در او شہسواران جبروت راو سرہنگانِ لاہوت راو غوث الملکوت راو ذرات الغیث راو سالکان راو ناسکان را محبان راو محبوبان را مخلوقان را مجذوب سالک را سالک مجذوب را صاحبِ تمکین را حاجت طلبی راو اہلِ سکر راو اہلِ صحور راو نشستگان گنج سلامت راو رندگانِ راہِ سلامت راو قلندرانِ سرمست راو صوفیانِ زبردست راو سلسلہ طبقہ حیدریان راو غلغلہ محب یاران راو شاہانِ عرب راو سرداران عجم را بندگانِ زنگیان راو امیرانِ خراسان راو خلفائے سندھ راو خاکسارانِ ہند راو ظریفانِ تبت راو نقاشانِ چین راو چابک سوارانِ بدخشان راو تیر اندازانِ غزنی راو عاشقانِ غور راو مشتاقانِ ماوراالنہر را واصلانِ برّ و بحر راو شہیدانِ دشتِ کربلا را بدرگاہِ شفیع مہ آرم برائے برآمدن حاجات و مہمات و مشکلات دینی و دُنیوی و حصولِ محبت عشقِ الٰہی ہر کہ درافتد بر اُفتد ہر کہ دگر گند جگر خورد چوں تکبیر عاشقاں بر آید باذن اللہ و رسولہٗ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

☆ ... ☆ ... ☆ ... ☆ ... ☆

نوعِ دیگر: اس نقشِ معظم کو اگر کوئی ہر روز صبح و شام دیکھے، صورت اس کی مانند ماہِ تاباں کے ہوگی۔ دروازہ رزق کا اوپر اس کے کھلے گا۔ جو کوئی شک لاوے کافر ہوگا۔ نعوذ باللہ من ذلک۔ نقش یہ ہے:

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

اسنادِ شمائل النبی صلی اللہ علیہ وسلم: میں نقل ہے بزرگانِ دین اور مشائخِ کرام و علمائے عظام سے کہ جس روز جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس دارِ فنا سے سمتِ دارالبقا کے رحلت فرما ہوئے تھے تب حضرت علی مرتضیٰ و جناب خاتونِ جنت رضی اللہ عنہما روتے تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں یہ عرض کرتے تھے کہ بے وجودِ مبارک جناب کے ہم کس طرح رہیں گے، آپ کی جدائی کیونکر سہیں گے۔ تب حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یا علی لکھ تو شمائل میرے کو اور دیکھا کرا سے کہ دیکھنا اس کا ایسا ہے جیسے کہ صورت میری دیکھی ہو اور دیدار میرا کیا ہو اور جو کوئی امت سے میری شمائل میرے کو لکھ کر اپنے ساتھ رکھے گا اور ہر روز دیکھے گا گویا مجھے دیکھا ہو اور مجھے دل سے عزیز و محترم رکھتا ہو اور اگر کسی لڑائی یا کہ سفر کو جاوے تو ساتھ سلامتی کے پھر آوے اور جملہ بلاؤں و تیر و نیزہ و شمشیر اور وبا اور طاعون سے حفظِ الٰہی میں رہے۔ شمائل شریف یہ ہے:

نوعِ دیگر: جو کوئی اس نقش کو بروز یکشنبہ یعنی اتوار کو دیکھے گا تو دوزخ کی آگ سے رُستگاری پائے گا۔ اور تمام گناہوں سے پاک اور نیک کاموں میں رہا کرے گا اور درمیان خلق کے بزرگی وعزت وحرمت پیدا کرے گا اور وہ تمام روز بلکہ تمام وہ ہفتہ حفظ و امان حضرت حق سبحانہٗ و تعالیٰ میں رہے گا اور جملہ دشمن اس کے مقہور و عاجز ہوں گے اور کل آفات و بلاؤں سے امین اور نظرِ خلائق میں عزیز و محترم ہوگا۔ نقش یہ ہے:

انا فتحنا	لك فتحا	مُبینا	یاسبوح	یاقدوس
ا	۱ع ۱۱	۱۷	۱۶۱	۲۵۸
۹۷	۷	۲	۵۹۵	عہ
ع	ع ۱۷	۱۹۲	۵ عہ	درع ۵۵
۲ و ۱	ع ۵۹	طع	ع ۱	۱۸
لا اِلٰہ	الا اللہ	محمد	رسول اللہ	اللہ

☆……☆……☆……☆……☆

نوعِ دیگر: جو کوئی اس نقشِ سوم کو بروز دوشنبہ یعنی پیر کے روز دیکھے گا، اس روز میں بلائے گوناگوں اور آفات سماوی و ارضی و آفاتِ بادشاہ و حکام و امیروں و بزرگوں و سلاطین سے بچا رہے گا اور سب لوگ اس کو دوست رکھیں گے اور جو حاجت حق سبحانہٗ و تعالیٰ سے چاہے گا بر آوے گی۔ نقش یہ ہے:

نصر	من اللہ	وفتح قریب	وبشر المومنین	واللہ خیر حافظا	وھو ارحم الراحمین
	۱	۱۸۱	۸	۷	۱۵
	۵	ع	۷	۱۷۳	۵عہ
	۶	ع ۱	۲۷۲	۱۷۳	۸ ۶
	۶۲	۱۸	ع ۳	ع ۱۸۷	ع ۱۷
لا	اللہ	الا اللہ	محمد	رسول	اللہ

نوعِ دیگر: جو کوئی اس نقشِ چہارم کو بروز سہ شنبہ یعنی منگل کے روز دیکھے گا، روزِ مذکور تک
تمام بلاؤں اور آفات سے بحفظ وحمایت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے رہے گا اور گناہِ صغیرہ وکبیرہ جو
روزِ مذکورہ میں کیے ہوں تو اسے بھی حق سبحانہٗ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اور برکت سے اس
نقش کے عفو فرماویں گے اور جس مراد کی درخواست کرے گا وہ اجابت ہوگی۔ نقشِ مبارک
یہ ہے:

یا نور	یا منور	النور	یا خالق	النور	المنور
۹۱	۱۸	۸۷۱	۷۶	۹	ع و
۶۴ و	لے	۲۹	۷	۲	۹
۲۲	۱۴	۱۹	۹	۷	۵
۸۹	۹۹ د	۱ع	۹۶	۹۴	۱۱۳۴
لا اله	الا	الله	محمد	رسول	الله

☆......☆......☆......☆......☆

چہار شنبہ: اس نقشِ پنجم کو بروزِ چہار شنبہ یعنی بروزِ بدھ کے جو دیکھے گا تمام اس روز میں
جمیع آفات وبلیات سے بحفظ وامان حق سبحانہٗ تعالیٰ کے رہے گا اور خوش وخرم وفرحان
رہے گا اور نظرِ سلاطین وحکام واکابران میں معزز ومحترم وجلیل الشان معلوم ہوگا۔ وہ نقش یہ
ہے:

یا اللہ ۱	یا فتاح ۱۸۲	یا اللہ ۸۱۸۸	یا قدوس ۱۱۸	یا رزاق ۹۸	یا سبوح یا بدوح
	۱۸	۱۷	۳	۳	یا خالق
ع	ع	۲۱	۲۵۲	۳	یا قادر
۱۴	عہ	ع	عہ	۲۲۵	یا قاہر
لا	الہ	الا اللہ	محمد	رسول	اللہ

پنجشنبہ: جو کوئی اس نقشِ ششم کو بروز پنجشنبہ یعنی جمعرات کو دیکھے گا تو وہ تمام روز نظرِ خلائق میں عزیز و محترم و جلیل الشان ہوگا اور دولت پاوے گا اور جمیع بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ بحفظ و امان حق سبحانہٗ تعالیٰ کے رہے گا۔ وہ نقشِ مبارک یہ ہے:

یا بدوح	یا فتاح	یا قدوس	یا فتاح	یا سبوح
۱	۲۲	۱۵۵	۷	۲۲
۲۱	۷	۱۳	۱۳	۲۲
۶	۸	۱۳	۳	۳
۳عہ	۹۲۵	ع ۹	ع ۹	۱۹۹
سہ	لاالہ	الااللہ	محمد	رسول اللہ

☆……☆……☆……☆……☆

جمعہ: اس نقشِ ہفتم کو جو کوئی جمعہ کے روز دیکھے گا تو اسی روز میں دشمن بھی دوست ہوگا اور دشمن پر مظفر و منصور رہے گا اور جو گناہِ صغیرہ و کبیرہ کہ اس ہفتہ میں کیا ہوگا حق سبحانہٗ تعالیٰ نظر کرنے سے اوپر اس نقشِ شریف کے عفو فرمائے گا۔ وہ نقشِ معظم یہ ہے:

علیقا	ملیقا	انت تعلم	ما فی قلوبھم	ملیقا
۱	۱ع	۲	ع	۱۸
ع	وعہ ہ	۵۵ ۷۵	۱۲	۱۳
۷۲	ع	۱۴	ع ہ	۱۴
۵۲۵	۵۲۶۵	۴۵	محمد ۱۰۵	۱ ی
لا الہ	الااللہ	محمد	رسول	اللہ

نوعِ دیگر: جو کوئی اس نقشِ معظم کو ہر روز دیکھے۔ اگر ہر روز نہ دیکھ سکے تو ہفتہ میں ایک بار یا کہ مہینے میں ایک بار یا تمام برس میں ایک بار یا کہ عمر بھر میں ایک بار دیکھے حق سبحانہٗ تعالیٰ گناہانِ صغیرہ و کبیرہ اس کی برکت سے اس نقش کے عفو فرمائے گا۔ دیکھنا اس نقشِ مکرم کا اس طرح پر ہے کہ گویا آنحضرت ﷺ کا دیدارِ مبارک کیا ہو اور برکت سے اس نقش کی، بیماری نہیں دیکھے گا اور بعد موت قبر اس مومن کی نور سے معمور ہوگی۔ نقشِ مکرم یہ ہے:

۷۱۱۸	۴ ۱۱	۱۴۱۱ ع ۱	۱۲۲۱	۱۸ ۱۱۲
۲۹ عرای	ع۵۵ ۱۱	۱۲۲۲	ع ۸۱	۲۱۲۱
۲۷۱۱	۹۱۱	۱۱۴۲۱	ع ۶۲	ع ۱۹
۹۱۹	د۱۱ ۹۵	ی۱۱	ص۸۱	۱۱۱۹
۲۲۲۵	۱۱۱ ۱۱۱	۱۲ را	۱۱ ۳ و	۱ لا ۱۰
۴۱ ۱۱	۱۱ ۱۱	۱۱۱ ۹۹	۱۱ ع ۱۱	الآ

☆......☆......☆......☆......☆

اسناد مکسر اعداد تیس جزو کلام مجید: اس مکسر اعداد تیس جزو کلام مجید کا مربع دو ورده ساتھ اعتقاد اتمام کے لکھے اور ہمیشہ اپنے ساتھ رکھے۔ شفاعتِ حضرت رسولِ خدا ﷺ کی اس کو نصیب ہوگی اور گناہِ صغیرہ و کبیرہ اس کے عفو ہوں گے۔ اور اگر لڑائی میں جاوے تو تیغ و تبر اور نیزہ و تیر اس پر کارگر نہ ہوں گے اور بلاء اور آفت ہائے ناگہانی اور مرگِ مفاجات و زلزلہ و برق و رعد اور مست ہاتھی اور شیر ببر اور باؤلا کتا اور ڈوبنے سے دریاؤں اور تالابوں میں اور ہوائے مخالف ہولناک اور تپ لرزہ اور سر کے درد وغیرہ کل بلاؤں و حادثات گوناگوں اور رنگارنگ، زمینی اور آسمانی سے بحفظ حافظِ حقیقی کے رہے اور نظرِ بادشاہان و حکام و امراء اور خلائق میں معزز و ممتاز و شیریں رہے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۹۱۴۸۳	۱۹۱۲۸۹	۱۹۱۴۸۹	۱۹۱۴۷۲
۱۹۱۴۸۸	۱۹۱۲۷۷	۱۹۱۴۸۲	۱۹۱۴۸۷
۱۹۱۴۷۸	۱۹۱۴۹۱	۱۹۱۴۸۴	۱۹۱۴۸۱
۱۹۱۴۸۵	۱۹۱۴۸۰	۱۹۱۴۷۹	۱۹۱۴۹۰

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

نوعِ دیگر: واسطے دفع خوفِ اعدا یعنی دشمنوں اور زبان بدگویوں اور حسد حاسدوں سے ایمن رہے اور نظرِ خلائق میں عزیز ہووے۔ لکھ کر اپنے ساتھ رکھے اور ہر صبح و شام اسے دیکھا کرے تو نہایت عجائب و غرائب مشاہدہ کرے گا اور خواص اس اسماء شریف کے بہت ہیں اور فائدہ اس کے بے حساب لکھے ہیں۔ وہ نقشِ شریف یہ ہے:

طسسسه طسسسه طسسسه طسسسه طسسسه طسسسه طسسسه طسسسه طسسسه طسسسه

یاحی یاقیوم یا ذالجلالِ والاکرام

ملج صلجا علج کلج ھ لا

مہرِ اسکندر

۲۱۱۹۰ ۷ عه ۱۹۱۹ ه و ر عه عه ک ص عه ر

لا رسا + رسر ۳

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

نوعِ دیگر: مشائخ کرام رحمۃ اللہ علیہم سے منقول ہے۔ جو کوئی ہر دن اس نقش مبارک کی زیارت کرے تو محبوب الخلائق ہوگا اور مرادات اس کی ساتھ سہولت کے حاصل و میسر ہو اور جو کوئی ساتھ اس کے عداوت کرے گا تو مخذول و مقہور ہو جاوے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۱۲۰۸۴	۱۲۰۹۷	۱۲۰۹۴	۱۲۰۹۱
۱۲۰۹۵	۱۲۰۹۰	۱۲۰۸۵	۱۲۰۹۶
۱۲۰۸۹	۱۲۰۹۲	۱۲۰۹۹	۱۲۰۸۶
۱۲۰۹۸	۱۲۰۸۷	۱۲۰۸۸	۱۲۰۹۳

☆...☆...☆...☆...☆

نوعِ دیگر: جو کوئی اس نقش کو پانچوں وقت کی نماز میں دیکھے گا گویا کہ فجر میں ساتھ آدم علیہ السلام کے پچاس حج اور پیشین میں ساتھ یونس علیہ السلام کے سو حج اور عصر میں ساتھ ابراہیم علیہ السلام کے چارسو اور مغرب میں ساتھ موسیٰ علیہ السلام کے پانچ سو اور عشاء میں ساتھ محمد رسول اللہ ﷺ کے ہزار حج کیے ہوں۔ نقش یہ ہے:

لا	الٰہ الا اللہ محمد رسول	اللہ
[illegible]	مهـــــ ـــروح	[illegible]
۹۶۹۶	یا سبحان یا سلطان یا ناصر یا غفور یا غفور	۹۶۶۶۶

نوعِ دیگر: یہ نقش ہفتہ میں یا روز مرہ یا سال میں یا مہینے میں یا تمام عُمر میں ایک بار دیکھے جملہ گناہان اس کے عفو ہوں۔

و ا د ل ھو اللہ م ھ
ص ط ع و ر ا ط

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

نوعِ دیگر: جو کوئی اس نقش کو ہمیشہ دیکھے، آگ دوزخ کی اس پر حرام ہووے۔ وہ یہ ہے:

یہ دعا امام محمد بن ادریس خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ کی ہے

اس دعا سے فرشتے کانپتے ہیں

اَللّٰهُمَّ یَا وَدُوْدُ یَا ذَالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِمَا یُرِیْدُ یَا ذَالْعِزَّۃِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ وَ الْمُلْکِ الَّذِیْ لَا یُضَامُ یَا مَنْ عَلٰی نُوْرِہٖ عَرْشِہٖ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

فرماتے ہیں ایک مظلوم نے یہ دعا پڑھی۔ اسی وقت ایک کڑک کی آواز آسمان سے آئی اور ایک فرشتہ ہاتھ میں برچھا لیے ہوئے نازل ہوا۔ اس قزاق کو جو اس مظلوم کو قتل کرنا چاہتا تھا، قتل کر دیا اور کہا: اے زید جب تو نے پہلی مرتبہ خدا سے دعا کی تو میں ساتویں آسمان پر تھا۔ جبریل نے آواز دی کہ اس مظلوم کی مدد کو کون جاتا ہے؟ میں نے کہا میں جاتا ہوں۔ پھر جب تو نے دعا کی تو میں آسمان دنیا پر تھا۔ پھر جب تو نے تیسری بار دعا کی تو میں آن پہنچا۔ جو اس کلام کو پڑھ کر دعا مانگے اس کی دعا قبول ہوگی۔

پھر جب زیدؓ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے واقعہ عرض کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تجھ کو اپنا اسم اعظم تلقین کیا جس کے ساتھ جو دعا مانگی جاتی ہے قبول ہوتی ہے۔

صلوٰۃ الاولیا کے فوائد

جو شخص جس مطلب کے واسطے پڑھتا ہے خداوندِ کریم اس کا مطلب عطا فرماوے۔ امام زاہد احمد نے فرمایا کہ میں نے سیکھا اس نماز کو حضرت خضر علیہ السلام سے اور پڑھا اس کو پس پایا خدا کو اور طلب کیا خدا سے خدا کو۔ اور حضرت ابو بکر عیاضی نے بطلبِ مال کے پڑھا پس پایا مالِ کثیر۔ اور حضرت ابو القاسم نے بطلبِ علم و حکمت کے پڑھا، پس پایا اس کو۔ ترکیب یہ ہے: قبل نماز صبح کے دو رکعت پڑھے۔ پہلی رکعت میں سات بار سورۃ فاتحہ اور ایک بار سورۃ کافرون۔ دوسری رکعت میں سات بار سورۃ فاتحہ اور ایک بار سورۃ اخلاص اور بعد سلام کے دس بار کلمہ تمجید اور دس بار یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا ۔ خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھنے پر دلی مقاصد (شرعی) پورے ہوں گے۔ (انشاء اللہ)

تذکرہ صوفیاء، علماء وسلاطین پر سید قیام الدین نظامی الفردوسی کی کتاب

"شرفا کی نگری"

کا مختصر تعارف

آپ کی کتاب "شرفا کی نگری" موصول ہوئی۔ کیا پیارا نام ہے اور کیسے پیاروں کا ذکر ہے۔ سبحان اللہ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر اور اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین ثمہ آمین۔ بہت بڑا کام کیا ہے۔ ماشاءاللہ۔

ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خانؒ

◆◆◆◆◆◆◆◆◆◆

قیام الدین صاحب نے ہر تذکرے کے آخر میں نسب نامے بھی تحقیق کر کے جمع کیے ہیں۔ انداز بیان سلیس آسان اور اثر انگیز ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس کوشش کو قبول فرمائے اور مجھے، مصنف اور تمام قارئین کو اس محبت کا کوئی ذرہ عطا فرمادے۔ جس سے ان حضرات کے سینے منور تھے۔

مولانا ولی رازی

◆◆◆◆◆◆◆◆◆◆

"شرفا کی نگری" میں سیکھنے اور سمجھنے والوں کے لئے بے شمار سبق پوشیدہ ہیں۔ جس طرح چراغ سے چراغ جلتا ہے اسی طرح آدمی کو آدمی ہی بناتا ہے۔ اور بنانے کے لئے آدمی میسر نہ ہوں تو اس کے حالات زندگی کی پاکیزہ اور بے داغ سیرت و کردار کے روشن پہلو اپنا فیض پڑھنے والوں تک منتقل کرتے ہیں۔ اس کتاب میں جن بزرگوں کا تذکرہ ہے ان کی زندگیاں بے نفسی للّٰہیت، انسان دوستی، ہمدردی و ایثار، خدمت خلق اور احساس بندگی سے عبارت ہیں۔ انہیں پڑھ کر روح کی پیاس بجھتی ہے۔ انسانی کردار و عمل کے ایسے روشن نمونے سامنے آتے ہیں جن کی تقلید کی خواہش دل میں اُبھرتی ہے۔

ڈاکٹر طاہر مسعود